ماں ہے مری فاطمہ شمر مجھے مت ستا
زخموں سے گو چور ہے علم سے معمور ہے
پاک ہے سینہ مرا شمر مجھے مت ستا

نوحۂ دیگر

کہتے تھے شاہ ہدا شمر مجھے مت ستا
آپ ہوں میں غمزدہ شمر مجھے مت ستا
زخمی و خستہ ہوں میں بھوکا پیاسا ہوں میں
اور ہوں مہماں ترا شمر مجھے مت ستا

ہوتی ہے پھر کمال آ گیا تم پہ زوال
ہائے وہ محنت مری ہائے کمائی تیری
بے پر ہے اے ماہتاب ہوئی ہے مٹی خراب
واری ترے قد سے کے ہائے کمائی مری
غش سے مجھے ہیں نہ ہوش ادھر کہے یہ زینب واحسر
پیٹ رہی تھی کھڑی ہائے کمائی مری

کب ہے یہ زیبا تجھے سینہ پہ میرے چڑھے
اتنا نہ بن بے حیا شمر مجھے مت ستا
یہ نہیں کہتا تجھے کاٹ نہ سر چھوڑ دے
اتنی ہے پر التجا شمر مجھے مت ستا
روح نبی سے حیا کر نہیں او بے حیا
خوف خدا کر ذرا شمر مجھے مت ستا

در پہ ہے زینب کھڑی ظلم کی ہے اس گھڑی
سن لے مری التجا شمر مجھے مت ستا
ظلم پہ مت کس کمر فانی ہے سب مال و زر
کس کو رہا ہے یہاں پر بقا شمر مجھے مت ستا
بھولا ہے کس بات پر جوش میں آ بے خبر
آنی ہے ایک دن قضا شمر مجھے مت ستا

شمر تو عبرت پکڑ قتل پہ میرے نہ اڑ
دیتا ہے مہماں سزا شمر مجھے مت ستا
عرش لرزنے لگا سن کے نحیب احسن کہا
ہاے نبی و خدا شمر مجھے مت ستا

نوحہ دیگر

چھپ جاؤ مری گود میں پھر دو ستم اگر
آتا ہے گھر کے کو نگہبان سکینہ
جانی مری مجھ کو بھی اسی گور میں لے لے
اب زندگی دشوار ہے اک آن سکینہ
زائل کرو اندوہ و الم دل کا میں کے
اے لخت دل سید ذیشان سکینہ

ہاں تم کو کبھی نیند نہیں آتی تھی جانی
کس طرح سے اب بی بی کے بن کاٹی سکینہ
کیوں عشق بڑھاتی جو مجھے علم یہ ہوتا
کل چار برس کی ہے تو مہمان سکینہ
حاکم نے تو بھجوایا ہے پر کھانے سے کون
رکھا ہے تری حاضری کا خوان سکینہ

اے جان سکینہ ہے جان سکینہ
بچی مرے گھر کی مری نادان سکینہ
پھیلائے ہوئے پاؤں پڑی سوتی ہو جس میں
اس ننھی سی تربت کے میں قربان سکینہ
غم اصغر و اکبر کا بہل جاتا تھا جس سے
اب بابا کا دل ہو گیا ویران سکینہ

نوحہ

اے جان نبی شیفتہ باری حسینا
اس گھر پہ سو جاں سے ہیں واری حسینا
سر پہ ہے تری سرکار کہاں لٹ گئی بھائی
اور کیا ہوئے وہ سینکڑوں درباری حسینا
کیا حال ہوا شام کے زندان میں جا کے
اولاد پیمبر کی ہوئی خواری حسینا

ہر سو تھے بس اسیروں پہ تجنت پہ ستم
سر ننگا کھڑے کرتے تھے ہم زاری حسینا
جلد اڑ گئی تھی دھوپ کی شدت سے بدن کی
دن کٹتا تھا ہر روز گرا واری حسینا
اور شب کو یتیموں کے کلیجے تھے دہلتے
اس ظلم کی وہ راتیں تھیں اندھیاری حسینا

گھٹ گھٹ کے ہی غم میں سکینہ نے قضا کی
کچھ عارضہ تھا اسکو نہ بیماری حسینا
قربان بہن چھاتی سے عابد کو لگا لے
دکھ بھر کے بہت آیا ہے آزاری حسینا
للہ یتیموں کی شہ ذیجاہ خبر لو
دکھ اب تو بہت دیتی ہے ناداری حسینا

نوحہ

زینب نے رو رو کر کہا بھائی مرا مظلوم ہے
اے شمر کر خوف خدا بھائی مرا مظلوم ہے
پیاسا ہے اور مہمان ترا پیاسا ہے اور بیچارہ
ناری ذرا تو رحم کر بھائی مرا مظلوم ہے
مت پاؤں رکھ سینہ پہ تھم ہیں فاطمہ کا جسم و غم
کرتا ہے کیا ظلم و ستم بھائی مرا مظلوم ہے

پچو وہ پہر کی تشنگی ہے بھوک کی شدت بڑی
طاقت نہیں اسمیں ذری بھائی مرا مظلوم ہے
تھا بوسہ گاہ مصطفیٰ یہ حلق سن اے بے حیا
خنجر سے کرتا ہے جدا بھائی مرا مظلوم ہے
بابا علی نانا نبی جس کا ہو اسکے او شقی
کرتا ہے یہ کیسی بدی بھائی مرا مظلوم ہے


صدمے اٹھائے رنج و غم زخموں سے طاقت ہے نہ دم
کہتی ہوں میں کھا کر قسم بھائی مرا مظلوم ہے
امت میں جو کچھ ہے نہیں وہ کیا کوئی اسکا نہیں
اب چپ نہیں ہیں سن لے کہیں بھائی مرا مظلوم ہے
دنیا کی دولت کے لئے عیسیٰ کو مت کھو تا کھڑے
کہنے کو پیرے ماں سے بھائی مرا مظلوم ہے

چھٹپن ہی سے جیسی کہ مجھے کنبہ پروری کی
ایسی نہ کسی کی ہو تقدیر حسینا
اب کس سے تسلی و تشفی مری ہوگی
اکبر سے بجے اصغر سے بے شیر حسینا
بچے کو ترسے ہائے گنہگار سمجھ کر
سر ننگے کیا شام میں تشہیر حسینا

غمگین حسینا و دلگیر حسینا
آئی ترے لاشہ پہ ہمشیر حسینا
لاشہ جو ترا چور ہے زخموں سے سراسر
کس ظلم سے بھالے لگے اور تیر حسینا
وہ زینب مغموم کھلے سر پھرا کے
اتری تھی جسے آیۂ تطہیر حسینا

ظالم نے دل کو سنگ کر اس وقت پر اک نظر
کرتے نہ سجدہ بے خبر بھائی مرا مظلوم ہے
کاٹی نہ سمجھا کچھ شقی کاٹا سر سبط نبی
زینب کھڑی کہتی رہی بھائی مرا مظلوم ہے

نوحہ دیگر



ناوارث ہے زینب ناچار ہے زینب
بیمار کی صورت کی طلبگار ہے زینب
جو زینب مغموم کبھی آئی نہ در تک
وہ برہنہ سر اب سر بازار ہے زینب
یہ شمر لگاتا ہے سکینہ کے طمانچے
خاموش ہے بے زور ہے ناچار ہے زینب

شمر لعیں نے خدارا جو مرا کھو دیا
بیکس و بے بس کیا لٹ گئی پردیس میں
گالی ہو کیونکر رقم بانو کا اندوہ غم
کہتی تھی آنسو بہا لٹ گئی پردیس میں

نوحہ دیگر

سوئے نجف رخ کیا بولی یہ وہ غمزدہ
یا علی پہنچو وا ذلت لٹ گئی پردیس میں
لوٹ لی شاہی مری ہوئی گدائی مری
اعدا نے گھر کیا لٹ گئی پردیس میں
ہو گیا سب گھر تباہ کس سے کہوں آہ آہ
اے مرے رب العلا لٹ گئی پردیس میں

تم خلد کو راہی ہوئے بھیا مرے شبیر
یاں قید مصیبت میں گرفتار ہے زینب

کیوں برچھیاں بیدین لگاتے ہیں پس پشت
کیا جانے کیا اس کی گنہگار ہے زینب

افسوس صد افسوس اسیران حرم میں
بے مقنع و چادر سر دربار ہے زینب

اے بھائی حسین آ کے تسلی تو ذرا دو
اب زندگی سے قید میں بیزار ہے زینب

کہتی ہے سکینہ مرے بابا کو بلا دو
بابا اسے کہاں سے نہیں لا چار ہے زینب

کیا حشر سے ڈر کاہی محزوں کو ہو
ذاکر کی قیامت میں مددگار ہے زینب

نوحہ

لاش سرور پہ کہتی تھی زینب الوداع اے شہید وفا
ہو گئی قید ملنا کہاں اب الوداع اے شہید وفا

بعد مرنے کے بھائی تمہارے بازو بندھے رسن سے
تازیانے بھی اعدا نے مارے الوداع اے شہید وفا

کیسی آفت پڑی مجھ حزیں پر یا تو در تک آئی تھی یا
یا ہوں اس دشت میں اب کھلے سر الوداع اے شہید وفا

آہ اے رکن دیں کے ستارے پھیر خنجر گلے پر تمہارے
سر سے چادر اتاری ہمارے الوداع اے شہید مسافر
جاؤ نانی کے گھر سے تو وطن جب اپنی گئے چھوٹ سب سے چھوٹ پڑے
کیا کہے ان سے بتلاؤ زینب الوداع اے شہید مسافر
ہے ستم اور غضب اہل کوفہ دیتے ہیں رنج و تکلیف ایذا
کس جا کہوں میں یہ بپتا الوداع اے شہید مسافر

کربلا کے بیاباں میں اور پیمبر کا لاڈلا ہے جلتی زمیں پر
صدقے بھائی تمہارے تو خواہر الوداع اے شہید مسافر
حیف مقتول کی کالا اسا ماے اعدائے مطلق نہ جانا
روندا الا ستمگر نے لاشہ الوداع اے شہید مسافر
قبر نانا پہ جا کر میں دیکھا حال اپنا کہوں گی یہ سارا
تم بھی کہہ دو تمہاری کہوں کیا الوداع اے شہید مسافر

کب بیاں کر سکے گا وہ کلمی زینب کی آہ و زاری
ہائے کیسی تھی اور آنسو تھے جاری الوداع اے شہید مسافر

نوحہ دیگر

ہو سکے یہ خوش خصال اتنا سکینہ نہ رو
غم ہوا ابھی خورد سال اتنا سکینہ نہ رو

رنج فرقت جو دکھائے وہ کہیں مر جائے
جان پدر دل سنبھال اتنا سکینہ نہ رو
پیاری مرے سینے کی آنسو نہ کی یہ جھڑی
پھر ادھر سے خیال اتنا سکینہ نہ رو
آتا ہے منہ کو جگر رنج سے اس قدر
پائیں گلے سے نکال اتنا سکینہ نہ رو

تیری خبر گیری کو باپ نہ ہو تو نہ ہو
کافی ہے وہ ذوالجلال اتنا سکینہ نہ رو
سچ ہے پدر چھٹتا ہے راج ترا لٹتا ہے
تا بہ کجا یہ ملال اتنا سکینہ نہ رو
چاک گریباں نہ کر خاک نہ مل چہرے پر
ہوتا ہے دل پائمال اتنا سکینہ نہ رو

میں تو یہ کہتا ہوں مجھ سے اگر پیشتر
تیرا ہو انتقال اتنا سکینہ نہ رو
اور زیادہ بیکس رونے لگی وہ حزیں
سن کے یہ شہ کا مقال اتنا سکینہ نہ رو

نوحہ دیگر

شہ نے کہا اے بہن کون ہمیں روے گا
ہم ہیں غریب الوطن کون ہمیں روے گا

پھرتی ہے مجھ پر چھری کھینا تو بندھ جائیگی
ہم رہے پھر اور یہ بن کون ہمیں روے گا

شب کے چھٹے ہمنشیں میں سے کوئی نہیں
سوتی ہے سب انجمن کون ہمیں روے گا

یعنی وہ سب حق شناس جن سے تھی روشنی انس
ان سے ہے آباد بن کون ہمیں روے گا

تیغ زن براے ستیز آمد کرتے ہیں تیز
ان کے ہیں جب یہ چلن کون ہمیں روے گا

زخم رسیدہ پڑا دیکھے لاشہ مرا
خاک پہ عریاں بدن کون ہمیں روے گا

ہو کے امام امم آج وہ بیکس ہیں ہم
فکر ہے چرخ کفن کون ہمیں روے گا

غیر وطن میں میتیں آئی اجل گر کہیں
کون تو دیگا کفن کون ہمیں روے گا

دیگر

شہ نے یہ رو کر کہا صغرا پدر کیا کرے
آیا ہے قاصد ترا صغرا پدر کیا کرے
بھیجے کسی کو پدر کون ہے تیری خبر
قافلہ سب چل بسا صغرا پدر کیا کرے
بند ہیں سب رہ گزر کون تری لے خبر
موت کا ہے سامنا صغرا پدر کیا کرے

کیا کرے قاصد کو دوں آپ ہی بچھڑا ہوں
بند ہے آب غذا صغرا پدر کیا کرے
زخموں سے ہیں چور چور موت قریب زیست دور
سر پہ ہے قاتل کھڑا صغرا پدر کیا کرے
وعدہ تھا بابا نثار کرتا تمہیں آکے پیار
رہ گیا ارمان مرا صغرا پدر کیا کرے

بابا فدا ہو زمین پایا نہ اک لحظہ چین
وعدہ تھا پورا ہوا صغرا پدر کیا کرے
ہائے غضب سے شہ پہ ہوئے یہ شاہ دیں
خنجر چلا گلے رضا صغرا پدر کیا کرے

نوحہ دیگر

مجھ سے ہوا جب وصال کہہ تو ہی اپنا حال
دکھ دیا یا سکھ دیئے گور بتا کیا کیا
زخموں کو ہے اندمال یا وہی اب تک ہے حال
پھر خدا تو سمجھے گور بتا کیا کیا
دل تو بھلا کیا میں ٹکڑے ہو چھڑ ویں
قول اگر ہے گور بتا کیا کیا

چھوڑا وطن دکھ سہے پیر سے لئے سر دے
عاشقوں کے واسطے گور بتا کیا کیا
مثل ولائے خدا سب سے نرالا دم بھرا
اپنے ہواخوں سے گور بتا کیا کیا
بانٹ صدہا پاش پاش اس کی کرتے تلاش
پہنچے جو آفت زدے گور بتا کیا کیا

چین یہ زینب کے تھے گور بتا کیا کیا
تو نے مرے پیاروں سے گور بتا کیا کیا
زینت باغ رسول دامن زہرا کے پھول
تجھ میں جو آ کر بسے گور بتا کیا کیا
بھوکے پیاسے مرے یاں سے ترستے گئے
جب ترے مہماں ہوئے گور بتا کیا کیا

نوحہ

کہتے تھے سرور دیکھئے نانا
ہو گیا دشمن سارا زمانا
دور فلک سے سخت زمیں ہے
پہنچے گا اب کون ٹھکانا
چھوڑیں گے ہرگز جیتا نہ بے دیں
قبر میں اپنی مجھکو چھپانا

فوج شقی ہے خون کی پیاسی
اب نہیں ممکن جان بچانا
ان کی خطا کچھ میں نے نہیں کی
سر پہ خدا ہے عالم و دانا
روکا ہے پانی جان کے جابر
شمر نے میرا خون بہانا

آپ کی امت اور یہ کاوش
آ کے ذرا سمجھائیے نانا
کون ہے باقی چھوٹے بڑوں میں
کس سے کہوں میں غم کا فسانہ
اکبر و اصغر قتل ہوئے سب
مجھکو رہا ہے سر کا کٹانا

آنکھ سے اوجھل نور نظر ہو
کیوں نہ ہو پھر تاریک زمانا
کیسے سہے گا حسن کوئی ستمگر
سمجھے جو چارہ سنگ کو ستانا

نوحہ دیگر

خاک پہ گرنا توڑنا دم کا
تشنہ لبی سے جان گنوانا
بھائی کا بیٹا ہائے وہ قاسم
اور وہ اس کا خوں میں نہانا
دیکھ کے اپنی آنکھ سے ہائے
بہن بہنیں یہ داغ اٹھانا

بھائی کو میرے نہر پہ مارا
سنتے ہو پچھے اے شاہ یگانا
مر گیا اصغر گود میں میری
تیر ستم کا ہو کے نشانا
اکبر غازی اس کی جوانی
ہائے اور اس پر نیزہ کا کھانا

مجھ سے اگر ہو سکے دیکھے بہت دن ہوئے
سر مرے بابا کا دے ہندہ میں سیدانی ہوں
تو تجھارت نظر مجھ پہ نہ کر بے خطر
لوگ کرے عریاں سر ہندہ میں سیدانی ہوں
اس کے میں تشنہ ہوا آہ جگر ہندہ کا
دختر شہ کربلا ہندہ میں سیدانی ہوں

زیر نگیں تھا عرب میرے بزرگوں کے سب
کیا کہوں اپنا حسب ہندہ میں سیدانی ہوں
چھوٹے سے ہی باپ سے چھن گئے موتی مرے
شمر نے مارا مجھے ہندہ میں سیدانی ہوں
یہ تو ستم اور بے خطا باندھے ستمگر گلا
مجھ کو حذرا بچا ہندہ میں سیدانی ہوں

بولی سکینہ غریب ہندہ میں سیدانی ہوں
بے وطن و بے نصیب ہندہ میں سیدانی ہوں
بابا حسین اور چچا ہے حسن مجتبیٰ
دادا شہ لافتا ہندہ میں سیدانی ہوں
ہوں میں ازل سے امیر مالک تاج و سریر
آل بشیر و نذیر ہندہ میں سیدانی ہوں

پردیس میں چھوڑے ہمیں بے وارث و والی
جاتے ہیں کہاں شاہ یہ پوچھو تو سکینہ
اس وقت میں سونا یہ تمہارا نہیں اچھا
تم عاشقوں میں شہ کے کہانی ہو سکینہ
شہ روئے بہت جب سا گودی میں اٹھا کر
بیساختہ روتی ہوئی آئی یہ سکینہ

پوشاک منگائی ہے پھٹی اور پرانی
بابا کی کمر آخری بندھواؤ سکینہ
گھبراتا ہے دل سامنا ہے قہر و بلا کا
صدقہ گئی اس وقت نہ تم سوؤ سکینہ
شہ مرنے کو جاتے ہیں کہ موت کے ساماں
جی بھر کے ذرا دیکھ لو بابا کو سکینہ

نوحہ

بابو نے کہا صبح ہوئی اٹھو سکینہ
جاتا ہے پدر مرنے کو بولو تو سکینہ
روتے ہیں امام اٹھو لپٹ جاؤ گلے سے
کچھ باتیں کرو زانو پہ جا بیٹھو سکینہ
ایسا نہیں ہوتا ہے مصیبت زدہ کوئی
آئی ہے یتیمی کی بلا دیکھو سکینہ

نوحہ

بولی سکینہ پدر خوب تجری مری
چھن گئے میرے گہر خوب تجری مری
گھر میں گھسے اہل کیں مشکیں مری باندہ لیں
تیغ پھری در بدر خوب تجری مری
شمر نے لیں بالیاں میری جو اے بابا جاں
خون سے ہوئی تر بتر خوب تجری مری

روئی تو مارا ہے مجھے ایسا کہ یہ دیکھئے
نیل ہیں رخسار پر خوب تجری مری
پہلے بلا کر مجھے واہ یہ نہیں چلئے
آپ کٹا بیٹھے سر خوب تجری مری
بابا خدا کی قسم جب سے چھٹے تم سے ہم
سوئے نہیں نیند بھر خوب تجری مری

خاک ہوئی زندگی جان نہ باقی رہی
چھٹ گئی تم سے پدر خوب تجری مری
ایسی مصیبت پڑی جان پہ جو بن گئی
واہ وا بابا گئے خوب تجری مری
پیٹی وہ پھرتیں سر سے بجان حزیں
کہتی یہ با چشم تر خوب تجری مری

نوحہ

بانو یہ چلاتی تھی کوئی بسا لو مجھے
لٹتی ہے بستی مری کوئی بسا لو مجھے
میکے میں سسرال میں سارے زروال میں
پائی جو دولت چلی کوئی بسا لو مجھے
پوچھو تو اس دہر میں یوں تو ہیں کل نعمتیں
اپنا تھا سا بچہ ہی کوئی بسا لو مجھے

رو رو کے منت بھی کی پاؤں تلک پر جھکی
کچھ نہ مری چل سکی کوئی بسا لو مجھے
تیوری پہ بل پڑ گئے رن کے لئے ہیں ڈٹے
ضد ہے چھری پھیرنے کی کوئی بسا لو مجھے
میری بھلا کیا مجال کہدوں کہ جاؤ نہال
برچھی کی کھانے انی کوئی بسا لو مجھے

آج مٹی جاتی ہیں دل کی بھری حسرتیں
خاک میں مل جاؤنگی کوئی بسا لو مجھے
سوئے نجف یہ کہا ہوتے تمہارے بھلا
کس سے کہوں یا علی کوئی بسا لو مجھے
اشک رواں ہیں مثیں درد ہے دل میں کہیں
بات یہی ہے رو رو کہتی کوئی بسا لو مجھے

نوحہ

چلائی صغرا کہ بھری ای نامہ بر کیا حال ہے
حالت تری کیوں غیر ہی ای نامہ بر کیا حال ہے
اچھا تو ہے بابا مرا کیسا ہے شکل مصطفیٰ
کہہ حالت عمّ جری ای نامہ بر کیا حال ہے
آتے ہوئے ہر گام پر میں ہول سے تھرسی ادھر
اٹھی کئی بار اور گری ای نامہ بر کیا حال ہے

تو قطع کو اٹھے جب جدّہ کی تربت چھوڑ کر
پھرتی دادی مری ای نامہ بر کیا حال ہے
سچ سچ بتا بہر خدا پردیسیوں کا ماجرا
پھیری گئی کس پر چھری ای نامہ بر کیا حال ہے
پھوٹی یہ قسمت کا لکھا دیکھوں تو دکھلاتی ہے کیا
مجکو تری عریاں سری اے نامہ بر کیا حال ہے

ہائے شہید کربلا یہ نوحہ دادی جان کا
کہتی ہے یہ نوحہ گری اے نامہ بر کیا حال ہے
سامان ہیں کیا حشر کے قبر نبی جو ڈر سے
ہے اس طرح سے ہل رہی ای نامہ بر کیا حال ہے
سنکر سخن وہ نامہ بر رویا زیادہ پھوٹ کر
تقریر یہ غم کی بھری ای نامہ بر کیا حال ہے

چاہتے ہیں ہم تمہیں ایک نظر دیکھ لیں
پہنے بدن میں کفن اماں اٹھو گور سے
یوں تو ہیں بھلاتے سب ماں باپ ازل ہی کب
ہوتا ہے زیادہ محن اماں اٹھو گور سے
روتے ہیں بس اسی میں ساتوں فلک اور زمیں
سنتے یہ تیرا سخن اماں اٹھو گور سے

اماں تمہیں ڈھونڈتے سینہ و سر کوٹتے
پھرتے ہیں ہم نعرہ زن اماں اٹھو گور سے
اماں فقط آپ بن کوچے کی اب سارے دن
خاک ہے اور اپنا تن اماں اٹھو گور سے
ننھے سے کرتے تیار کرنے کو پھر اب کی بار
بہر رسول زمن اماں اٹھو گور سے

نوحہ

بچے حسینؑ و حسنؑ اماں اٹھو گور سے
سوتا ہے بیت الحزن اماں اٹھو گور سے
بھوک لگی ہے ہمیں کھانا کوئی کس سے کہیں
پیٹ رہی ہے بہن اماں اٹھو گور سے
زلفوں کو کھولے کپڑے بدلو لیے
ہو گئے کرتے کہن اماں اٹھو گور سے

نوحہ

چھوٹ کے اہل حرم کرب و بلا آتے ہیں
کشتۂ رنج و الم کرب و بلا آتے ہیں
وارثوں کی قبروں سے گزرے جو ہیں راہ میں
کہتے وہ ظلم و ستم کرب و بلا آتے ہیں
مر گئے جو شام میں لاڈلے شبر کے
پرسے کو ہو کر بہم کرب و بلا آتے ہیں

مثل فقیر و حقیر پہنے لباس سیاہ
صاحب تاج و علم کرب و بلا آتے ہیں
سونگھ کے بو خون کی مرقد کو دیکھ کر
پیٹتے ہیں ہر قدم کرب و بلا آتے ہیں
کہتی ہے زینب اخی سوتے ہو کیا چین سے
دیکھو تو کس طرح ہم کرب و بلا آتے ہیں

برہنہ سر نعرہ زن قوم اسد کے تمام
چھوٹے بڑے خاص و عام کرب و بلا آتے ہیں
جلد میں کیا ہے قصد عصر نہیں سنتے ہیں
تجھ میں کوئی دن کو ہم کرب و بلا آتے ہیں

نوحہ دیگر

روتے ہیں اس قدر کرتے ہیں جسکے سفر
کھیل میں بہلا کے جی چپی لے دوا اور یجاؤں
تیز رہو کے شفا جائے نہ گوہر کھرا
میری ہی خاطر سے جی پی لے دوا اور یجاؤں
ہائے ستم ہے منتیں کرتی تھی وہ تو نہیں
اور یہ کہتی بلکہ جی پی لے دوا اور یجاؤں

چاہتا ہے گر خدا کبھی تو چل جائے گا
شرط ہے پر زندگی پلائے دوا اور یجاؤں
صغرا ہے بیمار علیل تیری طرح سے علیل
کرتا نہیں ضد کوئی پی لے دوا اور یجاؤں
راہ کی کروں نامہ بر لائے کوشش کی خبر
جانی اگر تو ابھی پی لے دوا اور یجاؤں

وادی یہ سمجھاتی تھی پیلے دوا اور یجاؤں
تپ کہیں ترسے تری پیلے دوا اور یجاؤں
بیٹی ترے باپ سے ڈر ہو کہ اکدن بجھے
ہو وے نہ شرمندگی پیلے دوا اور یجاؤں
تپ ہی ہر دم اگر اور پتہ نہیں درد سر
صغرا تو مرجائیگی پی لے دوا اور یجاؤں

نوحہ

اے عاشق رب العلا کاٹا گلا کس نے ترا
اے نور چشم مرتضیٰ کاٹا گلا کس نے ترا
مجبور بیکس بے وطن مظلوم مضطر خستہ تن
کوئی نہ کچھ سمجھا ذرا کاٹا گلا کس نے ترا
جلتی زمیں پر رو کے گر وہ ڈالے گھوڑے سے نالش پر
ایسا ستم کسے کیا کاٹا گلا کس نے ترا

عیسائی تھا یا موسوی تھا کون بے دیں و شقی
اے رہبر راہ صفا کاٹا گلا کس نے ترا
ابن علی سبط نبی حامی دین حق کے ولی
زہرا کی آنکھوں کی ضیا کاٹا گلا کس نے ترا
بابا علی شیر خدا نانا نبی خیر الورے
سمجھا نہ تیرا مرتبہ کاٹا گلا کس نے ترا

کنبہ بھتیجے بھانجے سب مارے گئے سامنے
کس نے یہ کی بے حد جفا کاٹا گلا کس نے ترا
بھوکا پیاسا دیکھ کر زخموں سے خستہ دیکھ کر
آیا نہ کچھ خوف خدا کاٹا گلا کس نے ترا
مطلق نہ کی شرم و حیا پانی نہ پینے کو دیا
تھا وہ ستمگر کون سا کاٹا گلا کس نے ترا

واں تو یہ بستی ہے تو اور یہاں ماہرو
ہو لیا قصہ تمام صغرا پہ صدقہ جائیے
دیر ہوئی مہ لقا اکبر و عباس کا
مٹ گیا بستی سے نام صغرا پہ صدقہ جائیے
بیبیوں سے گھر میں پہ جا کے مری نوحہ گر
کہیو ان سے تمہارے پیام صغرا پہ صدقہ جائیے

آقائے اسلام شاہ دیں زینت دہ خلد بریں
مدفون خاک کربلا کاٹا گلا کس نے ترا

نوحہ دیگر

روئے یہ کہہ کر امام صغرا پہ صدقہ جائیے
ہائے مری لالہ فام صغرا پہ صدقہ جائیے

کس نے دیے رنج و الم کس نے کیے تجھ پہ ستم
کس نے تجھے بیجان کیا کاٹا گلا کس نے ترا
سبط پیمبر جان کر بھی نہ چھوڑا الحذر
ہائے ہے یہ بے کسی کس نے دغا سے کاٹا گلا کس نے ترا
تجھ سے بغاوت کس نے کی ایسی شقاوت کس نے کی
اے افسر فوج خدا کاٹا گلا کس نے ترا

تیغ جفا کی کر دی صفائی
سرور کو پیارا اچھی کی وصائی
قوم شقی نے یہاں پہ ہو کے
پانی کو روکا چھری اڑائی
عون و محمد دونوں کو مارا
زینب کے دل پہ بجلی گرائی

اب نہیں باقی ورنگ شمر وہ چھوا انگ
چلکے چھکے کر جیا ام صغرا پہ صدقے جائے
روسے یہ سکینہ ستمگروں اعداؤں
قول امام انام صغرا پہ صدقے جائے

فرد وقیہ

صفا سا فرنگ کو رکا سے لگا
کس سے کہوں میں سلام صغرا پہ صدقے جائے
الغرض اب جہر سے اور سے پیارے کے
پہنچے جہاں ہیں تمام صغرا پہ صدقے جائے
وہ ریس اس خطا کی تھی ہم بھی ایسے لاوی
آتے ہیں مت کے کام صغرا پہ صدقے جائے

بعد شہادت چالیس دن تک
ابن علیؑ نے تربت نہ پائی
آل نبیؐ نے زنداں میں رہ کر
کیا کیا نہ آخر ایذا اٹھائی

نوحہ دیگر

پھٹتی ہے چھاتی یاد آکے ہے ہے
سینہ پہ برچھی اکبرؑ نے کھائی
غازی کی میت دریا کنارے
پانی کے بدلے خوں میں نہائی
اصغرؑ نے پیکاں کھا کے گلو پر
رن میں لٹائی شہ کی کمائی

شمر لعیں نے اسباب لوٹا
خیمہ کو پھونکا مسند جلائی
آل حرم کو بندی بنا کر
زین العباؑ کو بیڑی پنہائی
روز ازل سے اب کی گھڑی تک
ایسی مصیبت کس نے اٹھائی

[illegible]

میں شام و کوفہ میں پھری ہوں قیدی بنی
سو طرح کی ایذا سہی اپنی کہانی کیا کہوں
میداں میں جو مارا گیا لائے اسی لاشا اٹھا
پرسا لیا ایک ایک کا اپنی کہانی کیا کہوں
جن ہونٹوں کو چومیں نبی اسپر رکھے ظالم چھری
صغرا نہ کیوں میں مر گئی اپنی کہانی کیا کہوں

گھس آئے جب گھر میں لعیں کیا ذکر بیٹی بہن
القصہ مشکیں باندھ لیں اپنی کہانی کیا کہوں
بھائی کے سینے پر شقی جس دم چڑھا میں تھی کھڑی
اسکے گلے پھیری چھری اپنی کہانی کیا کہوں
جسوقت سر کٹنے لگا دیکھا کیے گردن پھرا
مجھسے نہ کچھ بھی ہوسکا اپنی کہانی کیا کہوں

زینب یہ بولی دلربا اپنی کہانی کیا کہوں
کیا پوچھتی ہو فاطمہ اپنی کہانی کیا کہوں
چادر مری چھینی گئی کوچے میں سر کھولے پھری
پشت شتر پر زور سے چھینی اپنی کہانی کیا کہوں
سنکے یہ افسوس ہے چھوٹے بڑے سب رو گئے
نکلا نہ دم میرا ارے اپنی کہانی کیا کہوں

زنجیر پہنے پیادہ پا وہ منزلوں چلنا مرا
بابا مرے اس صبر پہ چھاتی سے لپٹا لو مجھے
حضرت نے سمجھا جو کہا اُس غل میں تو کیا
شاباش فرما کر پدر چھاتی سے لپٹا لو مجھے
تنہائی کا صدمہ دے سب سے زیادہ سخت ہے
احسان فرماؤ اگر چھاتی سے لپٹا لو مجھے

مجھ سے جدا ہوئے مدت ہوئی اے عمو عالی نسبی
قربان ہو جائے پسر چھاتی سے لپٹا لو مجھے
دو دستے تھے وہ میرا بدن گردن تھی وہ میری رسن
شاکر رہا ہر حال پر چھاتی سے لپٹا لو مجھے
کینہ کبھی اسپ رہوار اور اُس بیکسی میں تو پدر
یہ صبر اور میرا جگر چھاتی سے لپٹا لو مجھے

قیدی ہوں جب شام میں بیچ و تاب کی میں
اسے گئی کے سر کہیں اپنی کہانی کیا کہوں

نوحہ دیگر

زین العبا میں نوحہ گر چھاتی سے لپٹا لو مجھے
بابا میں آیا چھوٹ کر چھاتی سے لپٹا لو مجھے

رکھے ہیں جس طرح سے بہت کچھ اسباب کے
یہ بھی انہیں میں رہی آہ علم کو بڑھاؤ
قائم آل عبا جلوہ اسے دیوے گا
ایسا یہ امانت رہا آہ علم کو بڑھاؤ
گھر کی صفائی ہوئی آہ تباہی ہوئی
ختم لڑائی ہوئی آہ علم کو بڑھاؤ

شہ نے صدا دی بہن آہ علم کو بڑھاؤ
پوچھو پھر نعرہ زن آہ علم کو بڑھاؤ
جس کا کہ یہ عہدہ تھا باغ ارم کو گیا
کس سے اب اٹھواؤں گا آہ علم کو بڑھاؤ
مر گیا حمزہ مرا عاشق و شیدا مرا
چاہنے والا مرا آہ علم کو بڑھاؤ

تو گر وہ سکینہ ہے محبت کی تمہاری آپ سدھارے
مر جائیگی اس رنج جدائی سے پیاری صدقے گئی بھیا
روتے تھے یہ بیٹی شاہ تو او بادل مضطر کہتی تھی وہ کر
اب کاٹنا اس زندگی کا مجھ پہ بھاری صدقے گئی بھیا

نوحہ دیگر

بھائی کے اب صدمہ سے شاہ حسین چھوٹے
موت کا ہے سامنا لو وہ علم آتا ہے
ہو چکے بیکس امام جنگ ہوئی اختتام
بھائی بھی کام آچکا لو وہ علم آتا ہے
جس سے تھی ڈھارس بڑی مر گیا وہ جری
جائے تامل ہے کیا لو وہ علم آتا ہے

نوحہ

خیمہ میں غل ہے بپا لو وہ علم آتا ہے
رن سے علمدار کا لو وہ علم آتا ہے
مشک سکینہ کی بھی دیکھو وہ ہے بندھی
خون میں ڈوبا ہوا لو وہ علم آتا ہے
پیٹتے ہیں سر امام رو رو کے ہر ایک گام
غازی تصدق ہوا لو وہ علم آتا ہے

وقت برابر ہوا میری ابھی موت کا
عرصہ کہوں کیا بھلا آؤ علم کو بڑھاؤ
جھک گئی میری کمر کر گئی طاقت سفر
جلد چلو ہو کدھر آؤ علم کو بڑھاؤ
کیوں نہ میں خاص و عام پیٹیں بصد اہتمام
سن کے یہ شہ کا کلام آؤ علم کو بڑھاؤ

بچے ! بھی تھے شنی مشک چھید گئی
پانی بھلا پھر بچا کیوں مجھے بہلاتے ہو
دیکھو وہ لاشہ لئے آتے ہیں بابا چلے
اپنے علمدار کا کیوں مجھے بہلاتے ہو
بیبیو بند رسا لاؤ میری چچی تو پچھاڑ و
دیر سے بیٹھا ماندہ کیوں مجھے بہلاتے ہو

نوحہ

بولی سکینہ بھلا کیوں مجھے بہلاتے ہو
ایسی میں ناداں ہوں کیا کیوں مجھے بہلاتے ہو
کہتے ہوئے وا اخا کے گئے رن کو شاہ
مرگئے بیشک چچا کیوں مجھے بہلاتے ہو
سنہ کا علم گر چکا خنجر کیں پھر چکا
ہو لیا سر بھی جدا کیوں مجھے بہلاتے ہو

لوگو گرو یکھے بیبیوں پر کیا بنے
دیر رہی کیا بھلا لو وہ علم آتا ہے
خیر یہ سب قصے ہیں ہائے مگر کیا کہیں
نام علی مٹ گیا لو وہ علم آتا ہے
کیوں نہ مٹیں ہو بکا حسن لیں جوان
یہ کلمہ یاس کا لو وہ علم آتا ہے

غم نے ترے کر دیا دل ایسا ملول
عباس بھلا کے نہیں اوسان برادر
اے زندہ جاوید دعا مانگ خدا سے
جو بھائی کی مشکل بھی ہو آسان برادر
اکبر کا سناں کھانا اگر دیکھوں بھائی
اس غم کا بھی رہ جائے نہ ارمان برادر

نوحہ

اے جان برادر و ذیشان برادر
اے ثانی جعفر ترے قربان برادر
جنت کے مسافر تری مہجوری کے غم سے
ہم بھی نفس چند ہیں مہمان برادر
واے رفقا اور عزیزوں کا الم ہے
سینہ ہے مرا رشک گلستان برادر


جاؤ مجھے رونے دو کام سب اپنا کرو
تھی ہوئے بلا کیوں مجھے بہلاتے ہو
شاہ سلامت رہیں جس سے نہ ہم تم لٹیں
ان کے کرو سب دعا کیوں مجھے بہلاتے ہو
صدمۂ غم سے مری ہوگئی غش وہ حزیں
ہاں یہ اگر کہہ دیا کیوں مجھے بہلاتے ہو

بن تیغ کھنچی دیکھ کر پھٹتے تجھے سینہ پر
غم سے کے مرجانے کی آتی ہے جانی مری
چادر ہی ہے کیا صبر کر دیکھو تو کیا نوحہ گر
ننھی سی سر پیٹی آتی ہے جانی مری
جھٹک کے آئینے سے چھاتی لگا لیتے و
دیکھے صورت مری آتی ہے جانی مری

نوحہ

کلمہ کے کہا او شقی آتی ہے جانی مری
ذبح نہ کر تو ابھی آتی ہے جانی مری
میری محبت زدی میری مصیبت زدی
نازو نعم کی پلی آتی ہے جانی مری
ہوگی عنایت تری اور گھڑی کی گھڑی
میان میں کر لے چھری آتی ہے جانی مری

اے بھائی سراپا کا ترے کرکے تصور
بے چین نہایت ہے مری جان برادر
زیبائی وہ ہتھیار وہ نیکی وہ مشک و علم ہائے
سب میری نگاہوں میں ہے اس آن برادر
لکھا ہے ہمیں آہ کہ جھک کی شستگی
جس وقت کہ رن میں ہوا ہیجان برادر



پہنچے مرے خورد سال پیاس سے سب ہیں نڈھال
اُٹھا کر و تڑ گلا یارو مسلماں ہوں میں
خون مرا ہے و رنگ لائیگا بے شبہ رنگ
دیکھو ستم ہو بتلا یارو مسلماں ہوں میں
پیٹ رہی ہائے بتول ختم رسل ہیں ملول
تا بہ کجا ایسا جفا یارو مسلماں ہوں میں

نوحہ

شمر نے یہ نعرہ کیا یارو مسلماں ہوں میں
شمر نے کر سر جدا یارو مسلماں ہوں میں
سمجھو نہ جان بتول ہر خدا و رسول
گھونٹ دو اک پانی کا یارو مسلماں ہوں میں
ننگ ہے اسلام کا جمعہ کے دن بیٹھا
کاٹو نہ میرا گلا یارو مسلماں ہوں میں

ہوتی ہے واں صف درست بیٹھے ہیں یاں کھائی شکست
سب کو علی کی پناہ صبح نمایاں ہوئی
ہے یہ صدائے نقیب فوج امام غریب
خلد کی ہے جلد راہ صبح نمایاں ہوئی
گردنیں خم ہو گئیں مومنوں کی اے شتی
جب وہ عالم تباہ صبح نمایاں ہوئی

صبح سے تا دوپہر قتل ہوا گھر کا گھر
اب نہیں باقی کوئی نانا خبر لو مری
بوند نہ پانی ملا جان مری سے خطا
پیاسی ترستی چلی نانا خبر لو مری
مرنے سے یوں میں پڑے لال جواں مر گئے
سینہ پہ برچھی لگی نانا خبر لو مری

نوحہ

شہ نے یہ فریاد کی نانا خبر لو مری
مجھ پہ ہے مشکل پڑی نانا خبر لو مری
عرصہ نہیں کچھ رہا اب کوئی دم میں چلا
سر پہ قضا آ چکی نانا خبر لو مری
لاکھوں ہی تدبیریں کیں پیش کوئی چلی
جان نہ آ پہنچی نانا خبر لو مری

ہے کوئی بہر خدا آ کے کمک کو مری
وقت ہے مجھ پر پڑا یارو مسلماں ہو نہیں
ہند کی جانب اگر جانے دو تو عمر بھر
دونگا ہزاروں دعا یارو مسلماں ہو نہیں
رہ گئی جا ہے سیتی سنتے تھے اعدا جو ہیں
سنکے کہا شاہ کا یارو مسلماں ہوں میں

گردن صغر علی ہاتھوں پہ میرے ابھی
تیر لگا چھد گئی نانا خبر لو مری
سینہ پہ زانو دھرے بیٹھا ہے قاتل مرے
پھیرتی ہے مجھ پہ چھری نانا خبر لو مری
کیا کہوں میں اے نبی تا بدم واپسیں
شہ کا بیاں کٹھا ہے نانا خبر لو مری

نوحہ

شاہ ہیں مہمان آج چار پہر رات تک
باقی ہے بانو کا راج چار پہر رات تک
پڑھتے ہیں شاہ حجاز آخری شب کی نماز
حق سے ہے راز و نیاز چار پہر رات تک
کہتے ہیں شہ بار بار لاڈلی سے ہمکنار
بیٹی یہ مہماں ہے پیار چار پہر رات تک

کہتے ہیں کہہ کے لاڈلی چاہتا ہے اب تو جی
باتیں سنوں میں تری چار پہر رات تک
ہائے منہ سر پہ کھلی سب آل امیر عرب
پردہ نشینی ہے اب چار پہر رات تک
ماتم شاہ امم تعزیہ پر یہ علم
ختم ہوئے ہے ستم چار پہر رات تک

اب بعد مرے پہنچیں سب تشنے جو آتا زو کو پیاسے
گر یاد کریں مجھکو تسلی انہیں دینا ہم جاتے ہیں بھینا

اس سے جو سکینہ کو کبھی شمر ستمگر اور چھینے وہ گوہر
بی بی کو مرے ہاتھ سے ظالم کے بچانا ہم جاتے ہیں بھینا

دربار میں لیجائے اگر قوم ستمگر اک رسی میں جکڑ
امت کی شکایت نہ زباں پر کبھی لانا سمجھاتے ہیں بھینا

پردیس میں بیتاب و غم کو مرا اور پر کیا کروں خواہر
مجبور ہوں کچھ بس نہیں ہے حکم خدا کا ہم جاتے ہیں بھینا

صغرا کو دعا کہنا کہ خوب لگا تا ہے غرب میں جو جانا
کیا اور زیادہ کہوں فرصت نہیں جب تنہا سمجھاتے ہیں بھینا

کہنا کہ تری یاد میں بابا صغرا حسرت زدہ اٹھا
گر پانی نے فاتحہ شربت پہ دلانا ہم جاتے ہیں بھینا

کیوں نہ میت جائے گا خانہ بخانہ بھینا
باقی ہے یہی عزا چار پہر رات تلک

نوحہ دیگر

ہشیار ہو تم زینب تمہیں اللہ کو سونپا ہم جاتے ہیں بھینا
ہشیار ہو وقت آیا اور کی قضا کا ہم جاتے ہیں بھینا

سینہ پہ اکبر کے برچھے سے شہ گلگوں کا مرا اسیر
یہ حال مرا بچو زینب دکھا ہم جاتے ہیں بھینا
یہ سن کے بہتیں معشوق کی زینب بزاری دیدہ غمناک
شبیر کا کہنا نہیں لاکو سونپا ہم جاتے ہیں بھینا

نوحہ دیگر

صغرا ہے لو [illegible] کس نے ستایا تجھے
خیر تو ہے نامہ بر کس نے ستایا تجھے
روتا ہے کیوں زار زار منہ ہے ترا کیوں فگار
پیٹتا کیوں آیا سر کس نے ستایا تجھے
والی ہے کیوں سر پہ خاک جیب قبا کیوں ہے چاک
کس لئے ہے نوحہ گر کس نے ستایا تجھے

آئی ہے کیوں آستیں ہوش بجا کیوں نہیں
کھلتے ہیں تو کیوں جگر کس نے ستایا تجھے
پھیکا عمامہ کہاں آنکھیں ہیں کیوں چھپکیاں
ہوگئی خم کیوں کمر کس نے ستایا تجھے
ایسا ہے کیوں بجا اس آمری ڈاڑھی پہ بال
پوچھوں جو اے نامہ بر کس نے ستایا تجھے

میرے گلے بانو کی شرم رکھے ہاتھ تھی
داد طلب ہوں میں اں رب تری فریاد ہے
منصف و عادل ہے تو لونڈی تری ہے بتول
مجھ پہ ہے سب کچھ عیاں رب تری فریاد ہے
نذر تری کر چکی تھی جو کمائی مری
ہے دل زہرا تپاں رب تری فریاد ہے

نوحہ

فاطمہ ہے نوحہ خواں رب تری فریاد ہے
میرا لٹا کارواں رب تری فریاد ہے
قبر حسینؑ و حسنؑ بن گئی پروردگار
مٹ گیا نام و نشاں رب تری فریاد ہے
حال یہ فرزندوں کا بیٹیاں ہیں ہیں قید
لوٹا بنا سارا یہاں رب تری فریاد ہے

روتا ہے تو تو ادھر میرے جگر پارہ ادھر
چھلنی ہیں تیغ و تبر کس نے ستایا ہے تجھے
پہلے یہ بتلا دے پھر سے تو ہیں پدر
پھر یہ بیاں کر خبر کس نے ستایا ہے تجھے
اتنا بھی کوئی نہیں پوچھے جو پیاسے ہیں
پھرتا ہے کیوں دربدر کس نے ستایا ہے تجھے

کاش کہ بھائی چچا آگئے ہوں با صد صفا
دونوں کے زیب قفا نامہ بر آوے مرا
خوش ہوں وے اس میں بچا خیر جو اک نامہ ہی
ان کے پدر کا لکھا نامہ بر آوے مرا
جان سے جیتے رہیں جان جہاں سب یہیں
اب تو یہی مدعا نامہ بر آوے مرا

کرتی تھی صغرا دعا نامہ بر آوے مرا
خیر سے جلدی خدا نامہ بر آوے مرا
رنج ہوں سب ناپدید گھر میں ہو بے عید
اب جو مع قافلہ نامہ بر آوے مرا
یہ تو کجا پر بھلا خالق ارض و سما
سن لے یہی التجا نامہ بر آوے مرا

نوحہ

میں تو وفا کر چکی عہد جو میں نے کیا
وعدہ ہے تیرا کہاں رب تری فریاد ہے
زیر کنار بتول سر پہ ہمیشہ رہا
آج ہیں یہ خواریاں رب تری فریاد ہے
جوش بکا سے میں ہوش نہیں ہیں بجا
تو بھی یہ لا بزباں رب تری فریاد ہے

ماں بیٹھنے دے مکھی نہ جس جسم کے اوپر
اس جسم پہ یوں تیروں کی بوچھار حسینا
ورانہ عدو بے ادبانہ ہوئے داخل
گھر فاطمہ کا ہو گیا بازار حسینا
آدم صفی اللہ سے تا عیسیٰ دوران
ایسی نہ ہوئی تھی کوئی سرکار حسینا

نوحہ

لاچار حسینا ہے یار حسینا
اے بیکسوں کے قافلہ سالار حسینا
قربان گئی دیکھو تو کیا پشت بہن کی
نیزوں سے سنانوں کی ہوئی افگار حسینا
وہ خنجر بے پیر کجا اے مقدر
اور بوسہ گہ احمد مختار حسینا

کچھ تو ہے صدمہ کریم مجھ کو ہے غم عظیم
فکر ہے دل پر پڑا نامہ بر آوے مرا
لے کے خبر بامراد جس سے ہو دل میرا شاد
خلق کے حاجت روا نامہ بر آوے مرا
درگہ حق میں منتیں روز وہ ہو کر حزیں
کرتی تھی یوں التجا نامہ بر آوے مرا

نوحہ

بھاگے گی کہیں مجھ میں طاقت ہل ہیں سکتا نہیں یہ جان
ذبح کرنے کو کہتے ہیں ناری خاک مقتل سے اٹھا لو
بہہ گیا جسم کا خون سارا ہے یہی موت کا پیش خیمہ
اسے ہیں عشق پہ عشق ل ہے بھاری حال ہے میرا سمجھا لو
پاؤں رکھتا ہے سینے کے اوپر چاہتا ہے کہ سر سب جدا ہو
نانا سن لو مری آہ و زاری شہر سے ہو جلدی تم آ لو

شاہ کرتے تھے یوں آہ و زاری نانا جان مجھ کو بچا لو
مار ڈالیں گے ورنہ یہ ناری اپنی تربت میں جلدی چھپا لو
باگیں جاتی ہیں مجھ سے چھوٹی نیچے کھچاتی ہے ہوئی
اک غشی کا عالم ہے طاری گرتا ہوں میں سنبھالو
چور زخموں سے ہوں تم ایسا جان بھی رہنے کو باقی نہیں جا
خون ہے بدن سے جاری التجا کر کے حق سے بچا لو

بل کھائے نہ کیوں دل مرا جب سنائے نوک لب
بندھ جائیں ترے گیسوئے خم دار حسینا
ماں بہنوں کے او نٹوں کا بنا کون شتربان
عابد کے سوا صاحب آزار حسینا
خود رفتہ ہیں غم سے ہو تو کیا عجب اس کا
اس غم سے تو ٹکڑے ہوئے کہسار حسینا

آپ کا حکم تھا یہ امت کیجو آل و قرآں کی حرمت
خوب کی یہ تو حرمت ہماری اے کے نرغے میں آ کر بچا لو

کوفیوں نے بلا کر دغا کی شام والوں نے روکا ہے پانی
رہ گئی ہے یہ مجھ سے امت تمہاری راہ باطل سے آ کر ہٹا لو

ہے یہ احسن بھی بندہ خدا کا اور امت میں حضرت کی شاہا
حج کی توفیق دے ذات باری اپنے مرقد پہ پھر تم بلا لو

سب عزیز و اقربا جان دے کر آج سوتے ہیں جلتی زمیں پر
کون ہے جو کرے غمگساری پاس اپنے ہی مجھ کو بلا لو

در پئے قتل ہیں لشکر شامی مانتے ہی نہیں بات کوئی
اب کہاں تک کروں انکساری میں ہوں مظلوم مجھ کو چھپا لو

میں وہ ہوں جسکو اپنی کمر پر اونٹ بنکر بٹھاتے تھے اکثر
یاد آتی ہے چاہت تمہاری اپنے پہلو ہی میں اب بٹھا لو

مارا اصغر کو ناحق یہ تیر سے ہو سکا ہائے کچھ بھی نہ مجھ سے
میں تو ہوں سخت مجبور و عاری آ کے تم اس کو بدلا دلا لو

نانا جاں غازی اکبر تمہارا تھا جو زینب کا سب سے سہارا
مر گیا کھا کے اک زخم کاری خوں بھرا اس کا مردہ اٹھا لو

چھوڑ کر حسنے شمر و عمر کو جان کی ہے فدا مجھ پہ دیکھو
حر نے بھی کی بڑی دوستداری معجزے سے اسے پھر جلا لو

تجھ بن جو تری حسرتیں مل گئیں خاک میں
سمجھی ہے کیا بے جز لٹ گئی دولت تری
ہائے بہار کا لال گر گیا یوں انتقال
زانو پہ دم توڑ کر لٹ گئی دولت تری
خیمہ میں اب ساؤں کیا منہ تجھے دکھلاؤں کیا
کر کے گئے اکبر لٹ گئی دولت تری

بس ہے شہ تجھ پر لٹ گئی دولت تری
بانوئے خستہ جگر لٹ گئی دولت تری
گیسووں والا ترا خلد کو راہی ہوا
کھا کے سناں قلب پر لٹ گئی دولت تری
چاؤ تجھے تھے بڑے لاڈلے کے بیاہ کے
اُس کے عوض پیٹ سر لٹ گئی دولت تری

سوز کے انجام کار دل پہ ہے گلعذار
پڑتی ہے غم کی چھری چونک ذرا خواب سے
سوئے نجف چل کہیں ہند میں رہ کر رزیں
عمر یونہی صرف کی چونک ذرا خواب سے

نوحہ دیگر

موت گلو گیر ہے حلق پہ شمشیر ہے
پیش نظر ہے قضا زین عبا الوداع
عون و محمد نے آج آہ شہادت کا تاج
لیے سروں پر رکھا زین عبا الوداع
قاسم ناشاد کو بھائی کی اولاد کو
وحشت پسند آ گیا زین عبا الوداع

نوحہ

شاہ نے رو کر کہا زین عبا الوداع
باپ ہے مرنے چلا زین عبا الوداع
اٹھو مرے نازنیں جاگو مرے مہ جبیں
باپ ہے سر پر کھڑا زین عبا الوداع
سنے کو ہم جائیں گے زندہ نہ پھر آئینگے
سن لو وصیت ذرا زین عبا الوداع

در پہ کھڑی جن کو یاد کرتی تھی تو نامراد
پہنچے وہ وادی سے گھر لٹ گئی دولت تری
جو تھی قسمت تری مجنوں کا عمر کی
کچھ بھی نہ پایا مگر لٹ گئی دولت تری
کر گئی عشق اے زینب یا اے سلطان دین
سن کے یہ غم کی خبر لٹ گئی دولت تری

بالی سکینہ کا حال سن لو یتیما حال
سن کے پدر مر گیا زین عبا الوداع
کانوں سے اسکے گہر لے گئے سب بد گہر
مر گیا اسکا چچا زین عبا الوداع
قید میں جا کر رہا ہو گئی وہ کچھ ملتفت
کہہ کے یہی بر ملا زین عبا الوداع

ہار سے ہنستا ہوا خنجر کو آتا ہوا
شانے کٹا کر موا زین عبا الوداع
حر جری باوفا فدیہ راہ خدا
خلد کو راہی ہوا زین عبا الوداع
اکبر و اصغر کا حال سن ہی چکے میرے لال
ہو گئے ہم سے جدا زین عبا الوداع

ہائے کہوں کیا پسر آتا ہے منہ کو جگر
غم ہے وہ عباس کا زین عبا الوداع
جس نے لب نہر پیاس مری یاد کر
آپ نہ پانی پیا زین عبا الوداع
مشک سکینہ کی لی نہر سے جا کر بھری
بھر کے نہ پر لا سکا زین عبا الوداع

جلتی ہو ریگ رواں اُس پہ ہو پیادہ دولہ
قیدیوں کا پیشوا زینؑ عبا الوداع
اونٹ پہ کنبہ سوار ہاتھ میں بچھڑے مہار
آگے ہو زین العباؑ زینؑ عبا الوداع
شام کا بازار ہو کثرت کفار ہو
سب کے ہوں سر کھلے ہوا زینؑ عبا الوداع

اپنی بھی سن لو خبر کہتا ہوں میں سر بسر
گزرے گی کیا دل ربا زینؑ عبا الوداع
قہر کا طوفان ہو و بیماری جان ہو
ظلم و ستم ہو بپا زینؑ عبا الوداع
طوق گراں بار ہو گردن بیمار ہو
بیڑیاں ہوں تنگ پا زینؑ عبا الوداع

کرب کا یہ حال ہو غم سے وہ پامال ہو
یاد پدر میں سدا زینؑ عبا الوداع
زینب خستہ جگر اس کی ہو محمل پہ سر
دیکھے گی کیا کیا جفا زینؑ عبا الوداع
جو ہوا ہے ہو زیر فلک تنگ خو
ای وہ الم دیکھنا زینؑ عبا الوداع

نوحہ

اے نور کبریا شہ صفدر جواب دو
ری ہے روتے آپ کو مادر جواب دو
گویا زبان حال سے ارشاد کرتی ہیں
شبیرؑ کیا گذر گئی دل پر جواب دو
کیوں اے حسینؑ چھاتی پہ کیوں ہاتھ رکھا ہے
کیا دل ہے اب بھی سینہ میں مضطر جواب دو

صبر سے رکھنا قدم شکر ہو دمبدم
ورد زباں ہو ملا زین عبا الوداع
کہتا تھا جو کچھ کہا جاتا ہوں میں اب با خدا
حافظ و ناصر ترا زین عبا الوداع
وقت تھا احسن غضب موڑی عناں شہ نے جب
کہہ کے سوئے کربلا زین عبا الوداع

سامنے نیزہ پہ سر تھے سب بڑوں کے پسر
لے کے چلیں اشقیا زین عبا الوداع
آئے گی شرم و حیا دیکھ کے کنبہ بھرا
برہنہ سر بے ردا زین عبا الوداع
گرچہ ہوں یہ امر سب باعث غیظ و غضب
رہنا براہ رضا زین عبا الوداع

اے نفس مطمئنہ کے مصداق جاں نثار
کر بھی چکے تھے سجدہ داور جواب دو
زہرا کی جا بھی کٹا سر فاطمہ ہوں میں
بابا علی ہے نانا پیمبر جواب دو
جی چاہتا ہے آج بھی بچپن کی طرح سے
کچھ پوچھوں میں تو تم مجھے منہ بھر جواب دو

گر اب بھی پیاس کی وہی شدت ہو یا شہا
حاضر ہے پانی لو اسے پی کر جواب دو
زینب کی بھی خبر ہے کہ وہ ننگے سر کھڑی
کہتی ہے چھن گئی مری چادر جواب دو
رو رو کے پوچھتی ہے کہ کیوں بجھا گیا ہو
جائے بچائے ہوئے میں خواہر جواب دو

یاں بیٹھوں لاش پر کہ میں زینب کے ساتھ جاؤں
جو امر ہو سکے حق میں بہتر جواب دو
شاہا مدد کا آپ کی جانب سے منتظر
کب تک رہے یہ عابد مضطر جواب دو

نوحہ دیگر

آواز یہ جب پہنچی تو فرمانے لگے شاہ
بابا آیا ہے اکبر سر تسلیم جھکا دو
ہیں دو ہچکیوں تو کیا ہاتھ کے نیچے ہو مری جان
اکبر لو ذرا ہاتھ تو سینہ سے ہٹا دو
شاہا نہیں سوگند جناب علی اکبر
عابد کو غم و رنج سے دنیا کے چھڑا دو

مر جاؤں گا گر تم کو نہ پاؤں گا میں زندہ
گھوڑا تو ہے کوئی کدھر اترے ہو بتا دو
اٹھارہ برس باپ نے نازوں سے جو پالا
کیا اس کا یہی پھل تھا کہ پیری میں دغا دو
اتنے میں صدا آئی کہ یا شاہ دو عالم
قربان پسر ہوتا ہے دیدار دکھا دو

لاشہ کا پتا دو یا آپ ہی لا دو
اے کوئی تو مجھکو مرے دلبر کا بتلا دو
تم میں سے اگر صاحب اولاد ہو کوئی
وہ آگ کہ سینہ میں بھڑکی ہے بجھا دو
جب کوئی مخاطب نہوا شہ سے تو پھر آپ
چلائے کہ اکبر ہمیں آواز سنا دو

نوحہ

ماں جائی ہے زینبؑ دکھیاری زینبؑ
اے لاشۂ بے سر ترا سر لائی ہے زینبؑ
کیا گذری تن پاک پہ اس جنگل و بر میں
بتلا مجھے اب چھٹ کے یہاں آئی ہے زینبؑ
سر ننگے تھی میں زوجۂ حاکم جو بنی آئی
زندان میں کیا ہند سے شرمائی ہے زینبؑ

مرتے ہوئے تم جس کو مجھے سونپ گئے تھے
اس لاڈلی کو شام میں کھو آئی ہے زینبؑ
اب ساتھ مجھے قبر میں لے لیجو بھائی
دنیا کے بہت رنج سے گھبرائی ہے زینبؑ
قیدی ہوئی سر ننگے پھری دم نہیں مارا
سب آپ کا فرمان بجا لائی ہے زینبؑ

ظالم نے چھری ماری لبوں پر جو تمہارے
خاموش کھڑی غیظ میں تھرائی ہے زینبؑ
سجاد گرا ضعف سے اور شمر نے مارا
اس ظلم سے اشک آنکھوں میں بھر لائی ہے زینبؑ
جب دفن کیا سب کو تو عباس کہوں کیا
جس طرح سر قبر پہ چلائی ہے زینبؑ

نوحہ

کہتے تھے شاہ ہدا پانی پلا دے مجھے
شمر برائے خدا پانی پلا دے مجھے

پیاس سے ہوں میں نڈھال ہیں جگر و دل کباب
ہائے مرا دم چلا پانی پلا دے مجھے

روح تڑپتی مری پیاسی اس عالم سے جائے
روک لے خنجر ذرا پانی پلا دے مجھے

ڈرتا ہے کیوں اس قدر اب نہیں جی بس کا
کام مرا ہو چکا پانی پلا دے مجھے

رک کے چلے گی چھری سوکھ گلے پر مرے
تڑپوں گا ظالم سوا پانی پلا دے مجھے

مجھکو ہے تکلیف کم تجھکو ہے یہ فائدہ
ہاتھ نہ دکھے ترا پانی پلا دے مجھے

پیٹ نہ بھر کر پلا خوف ہے تجھکو اگر
بچتے ہیں تر ہو گلا پانی پلا دے مجھے

خیر یہ مہماں سمجھ جان کے سید غریب
آنکھ نہ اس دم چرا پانی پلا دے مجھے

کیسا تھا وہ دل شقی جو نہ پشیماں ہوا
شاہ نے کتنا کہا پانی پلا دے مجھے

گو میں میری پلی میری وہ عاشق ہی
اسکو یہ صدمہ نہ دے روک لے پردہ ذرا
خوب یہ تونے کیا اور جو چاہے ستا
عذر نہیں کچھ وے روک لے پردہ ذرا
صرف جفا تھا لعیں کہتے تھے شہ یہ متیں
شمر خدا کے لئے روک لے پردہ ذرا

کیا تجھے مل جائے گا میرے اگر مر نقا
سہم کے مرجائیں گے روک لے پردہ ذرا
اور تو ذی ہوش ہیں سب سے زیادہ وے
فکر سکینہ کا ہے روک لے پردہ ذرا
کمسن اگر دیکھا سرجائے گی جی سے گذر
تاب نہیں ہے اسے روک لے پردہ ذرا

نوحہ

بنت نے کہا شمر سے روک لے پردہ ذرا
بچے دہل جائیں گے روک لے پردہ ذرا
سارے حرم کھولے سر خیمہ کے دروازے پر
دیکھ رہے ہیں کھڑے روک لے پردہ ذرا
پہلے تو پانی پلا پھر ہے یہ اک التجا
مانے تو احساں کرے روک لے پردہ ذرا

نوحہ

شمر سے شہ نے کہا پاؤں نہ رکھ سینہ پر
درد ہے مجکو سوا پاؤں نہ رکھ سینہ پر
نانا نبی ہے مرا بابا علی ہے مرا
رتبہ ہے میرا بڑا پاؤں نہ رکھ سینہ پر
عرش لرزنے لگا شہ نے یہ جس دم کہا
بہر نبی و خدا پاؤں نہ رکھ سینہ پر

[illegible] ہیں مجبور ہوں گھر سے بہت دور ہوں
مجکو نہ اتنا ستا پاؤں نہ رکھ سینہ پر
بھائی بھتیجے مرے خلد کو سب چل دیئے
کس سے کہوں لو چھڑا پاؤں نہ رکھ سینہ پر
بہر نبی و علی کر نہ جفا اے شقی
کاٹ نہ میرا گلا پاؤں نہ رکھ سینہ پر

اصغر ناداں موا کر گئے اکبر قضا
کوئی نہیں جز خدا پاؤں نہ رکھ سینہ پر
سینہ دھڑکتا ہے اب پیاس سے ہیں خشک لب
شہ برائے خدا پاؤں نہ رکھ سینہ پر
زخموں سے گو چور ہے علم سے معمور ہے
پاک ہے سینہ مرا پاؤں نہ رکھ سینہ پر

تبلیغیں کیں بر ملا اور کہا جو کہنا تھا
حیف نہ تم نے سنا کیا مری مہمانی کی

اپنے پیمبر کی آل اس کا بنایا یہ حال
واہ ری قوم دغا کیا مری مہمانی کی

خیمہ میں محشر عیاں غم وہ جدا اور یہاں
موت کا ہے سامنا کیا مری مہمانی کی

تیسرا دن ہوچکا بند ہے آب و غذا
قتل کئے اقربا کیا مری مہمانی کی

روضۂ احمد چھٹا حج نہ میسر ہوا
آیا تو یاں گھر گیا کیا مری مہمانی کی

آیا جو حسب طلب چھوڑ کے گھر بار سب
اس کی یہ پائی سزا کیا مری مہمانی کی

اے جری شہ بارہا کہتے تھے یوں رو رہا
ہوچکی بے حد جفا پاؤں نہ رکھ سینہ پر

نوحہ دیگر

کہتے تھے شہ واہ وا کیا مری مہمانی کی
کوفیو صد مرحبا کیا مری مہمانی کی

زخموں سے ہے جسم چور موت قریں ہے دوپہر
پھر تجھے جلدی ہے کیا سجدہ تو کر لینے دے
خوب تو رکھ یہ نقش بھاگے گا یہ نہیں
اب گرا کے پر جفا سجدہ تو کر لینے دے
ہو چکے راز و نیاز ختم ہے اس کی نماز
آخری لیکن ادا سجدہ تو کر لینے دے

دیتی تھی زہرا ندا سجدہ تو کر لینے دے
شمر برائے خدا سجدہ تو کر لینے دے
میرا نمازی ابھی کر رہا ہے بندگی
اس کو برائے خدا سجدہ تو کر لینے دے
بے ادبانہ دھر نحس قدم سینہ پر
اور یہ یوں ہے رضا سجدہ تو کر لینے دے

اب تو جہاں میں کوئی مجھ پہ نہ ہو جو ہوئی
باقی نہ ہوگی جفا کیا مری تنہائی کی
شمر سے کہا پھر شقی خیر اب اے اہل کیں
حشر کو کھل جائے گا کیا مری تنہائی کی

نوحہ دیگر

[illegible]

[illegible]

[illegible]

خاتونِ قیامت سے اگر پیٹ لیا سر بس ہو گیا محشر
غصے میں چلی آئی ہیں وہ کانپی تھر تھر کرتا ہے تو یہ کیا
لے واصف دلگیر نہیں صف کا یارا مجلس میں کسی کو
رہتے ہیں ملک حال شہِ جن و بشر پر کرتا ہے تو یہ کیا

نوحہ دیگر

جبریل نے آکے نبی کو دو گھڑے کی ہیں حسن بخشی تھا
شبیر ہے یہ وردہ تھا دو سرا شبر کرتا ہے تو یہ کیا
پہونچیں نہیں کے لے بھیجا تھا خدا نے دن عید کے جلی
بچپن میں کھلایا کیا بہت خالق اکبر کرتا ہے تو یہ کیا
ہر دن بھی ہی کچھ تو لائی تھی بچہ احکام خدا سے
یہ وہ تھا چرچا تھا سدا دوش نبی پر کرتا ہے تو یہ کیا

بھائی حسن بستر قبا رہتے ہیں ظالم مظلومی پہ بابا کی
رومال کھڑے اشکوں سے تر کرتے ہیں حیدر کرتا ہے تو یہ کیا
فرمایا کہا نانا کہ وہ چیز جو چاہیں ہیں جاتا ہوں چھوٹے
مجھ کو نہیں وہ یاد ہمیں قرآن پیمبر کرتا ہے تو یہ کیا
لختِ دل زہرا ہے یہ جانِ تنِ زہرا بھائی حسن کا
اور نورِ دو عین نبی و حیدرِ صفدر کرتا ہے تو یہ کیا

[illegible]

نوحہ

زینبؑ نے کہا پیاسے ہوئے خلد کو راہی ہے ہے مرے بھائی
خالق کی دہائی ہے پیمبر کی دہائی ہے ہے مرے بھائی
ہے ہے گئے کس طور پہ دریا سے پیاسے ہے دنیا سے نرالے
اس پیاس کے سینہ میں مرے آگ لگائی ہے ہے مرے بھائی
ریتی پہ ترا آج یہ عریاں بدن ہے محتاج کفن ہے
اک روز وہ تھا خلد سے پوشاک تھی آئی ہے ہے مرے بھائی

نانا نہیں بابا نہیں زندہ نہیں ماں اور قربان ہو تم سر
مظلوم پہ کیسی ہوئی فوجوں کی چڑھائی ہے ہے مرے بھائی
واللہ کبھی دین نہ باطل سے جھکے تم نے حق سے رکے تم
خالق نے بھی کیا صبر کی تصویر بنائی ہے ہے مرے بھائی
قرآن کو ثابت رکھا اور دین کو قائم سمجھے نہ عالم
اور جان رہِ خالقِ اکبر میں گنوائی ہے ہے مرے بھائی

بتلا گئے تم سب کو کہ یوں حق پہ ہیں مرتے اور صبر ہیں کرتے
نانا کی شریعت کی عجب شان دکھائی ہے ہے مرے بھائی
دیکھو تو بھلا آج یہ اماں کی کمائی کیا کام ہے آئی
اک راستی کی کھینچ کے صورت ہے دکھائی ہے ہے مرے بھائی
قربان ترے صدق کے اور صبر کے واری اے عاشقِ باری
کس درجہ شہادت سے ہے اظہارِ صفائی ہے ہے مرے بھائی

نوحہ

ہائے تھی بانو خدا مانگ نہ اجڑے مری
کوکھ پہ آئی بلا مانگ نہ اجڑے مری
مجھکو مرے داد گر رانڈ نہ شبّر کر
غم نہیں یہ اٹھے گا مانگ نہ اجڑے مری
بیکسے جب یہ چلی تو نے تھی نعمت یہ دی
کر مری حاجت روا مانگ نہ اجڑے مری

دے کے مری دل کی داد بہے کیا مجکو شاد
آج یہ سن لے دعا مانگ نہ اجڑے مری
اور یہ بیوہ ہائے ہی وقتی ہے پہلے مجھے موت دے
دم ہے اسے جب تلک مرا مانگ نہ اجڑے مری
میرے کریم و رحیم حال ہے میرا سقیم
بہر نبی او ری مانگ نہ اجڑے مری

رکھ لے مرا تخت و تاج ہائے بنی کی ہے تجھکو لاج
ہائے الٰہی آئی بلا مانگ نہ اجڑے مری
ہو سکے بی کی ہائے ہو قید پھری کو بہ کو
مجھ سے نہ یہ ہوئیگا مانگ نہ اجڑے مری
راز خدا سے میں ہاں تو نہ آگاہ تھیں
اس لئے کی التجا مانگ نہ اجڑے مری

[illegible]

نوحہ

زینب نے کہا رو کے ارے تشنہ دہن بھائی
اس سوکھے ہوئے لب پہ قربان بہن بھائی
ہمشیر پھری دربدر بے مقنع و بے چادر
یاں آپ ہی سر در بے گور و کفن بھائی
نیزے پہ سر انور تا شام گیا چڑھ کر
ہمراہ تھی یہ بے پر بار رنج و محن بھائی

بس تم سے تسلی تھی اک دل کو تشفی تھی
جب سے نہ رہے سر پر مسموم حسن بھائی
احباب سے کچھ کہدو اصحاب کو سمجھا دو
جاتی ہے بہن لٹ کر اب سوئے وطن بھائی
کل دوش نبی پر تھا اور گوش میں گوہر تھا
وہ آج پڑا بے سر یوں ریت پہ تن بھائی

گو سخت مصیبت ہے اور سر پہ اک آفت ہے
بھولی نہیں خواہر کچھ ماں کا چلن بھائی
بھائے گا مجھے کیونکر ویران وہ خالی گھر
تم کو تو یہاں آکر ہے سیر عدن بھائی
آئی تھی جماعت سے جاتی ہوں اس حالت سے
اکبر ہے نہ اب صغرا نہ ابن حسن بھائی

[illegible]

[illegible]

[illegible]

بھائی ترا گھر جلا بھائی مرا سر کھلا
بچے ہیں عریاں بدن ہائے حسینؑ غریب
پیاس کا صدمہ سہا کچھ نہ زباں سے کہا
فاطمہؑ کے کم سخن ہائے حسینؑ غریب
سینہ پہ شمرِ لعیں حلق پہ شمشیرِ کیں
تجھ پہ یہ رنج و محن ہائے حسینؑ غریب

چھپ گئی ایک تیغ سے آہ غضب وا دریغ
ذبح ہوئے پنجتن ہائے حسینؑ غریب
اخترِ برجِ رسولؐ گوہرِ دُرجِ بتولؑ
نائبِ خیبر شکن ہائے حسینؑ غریب
قبلۂ اہلِ حرم مالکِ لوح و قلم
فخرِ زمین و زمن ہائے حسینؑ غریب

کہتی تھی زینبؑ جری لاشے پہ رو ہر گھڑی
بیکس غریب و بے وطن ہائے حسینؑ تشنہ لب

نوحۂ دیگر

کہتی تھی شہ کی بہن ہائے حسینؑ غریب
بے کفن و بے وطن ہائے حسینؑ غریب

غل تھا مدینہ میں بپا صغرا کا بابا مر گیا
ویراں مدینہ ہو گیا صغرا کا بابا مر گیا
قوم بنی ہاشم چلو عابد کو چل کے پرسا دو
رانڈوں کا آیا قافلہ صغرا کا بابا مر گیا
دیکھو وہ چند لوگ سر پہ آگے آگے نوحہ گر
اوڑھے ہوئے شال عزا صغرا کا بابا مر گیا

دیکھو تو زہرا کے لال کھولے ہیں ماں بہنیں بال
حوریں ہیں یوں سینہ زن ہائے حسین غریب
آہ میں کس سے کہوں کس کی بہن ہو رہوں
آج موئے پنجتن ہائے حسین غریب

نوحہ دیگر

سر پہ عمامہ نہیں جسم میں جامہ نہیں
خاک ہے اب پیرہن ہائے حسین غریب
لاشۂ افواج شاہ دفن ہوئے ہیں تمام
تجھ کو لحد نے کفن ہائے حسین غریب
بھائی کی بیوہ حقیر بھائی کا بیٹا اسیر
شانوں میں ہے رسن ہائے حسین غریب

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

جس حلق پہ بوسے کئے دیتے تھے پیمبر واں رکھدیا خنجر
نازک تری چھاتی پہ چڑھا شمر ستمگر ہے ہے مرے شبیر
امت پہ فدا کر دیا نانا کی جو گھر بار تو ہو گیا خوار
بخشاؤ گے سب حشر میں امت کے گنہگار ہے ہے مرے شبیر
عاشق تھی بہت تیری جو نادان سکینہ اے شاہ مدینہ
کانوں کا گہر اسکے لعینوں نے چھینا ہے ہے مرے شبیر

چالیسویں تک قبر ہوگی پسر تڑپوں گی زمیں پر
جاویں گے حرم تیرے یہ سب شام کھلے سر ہے ہے مرے شبیر
واکرے ترا دل سے یہ اے سبط پیمبر مت بھولیو ہم پھر
بخشاؤ بکیر کو حق سے شتاب تو ہے ہے مرے شبیر

نوحہ دیگر

بیٹی زہرا کی کرتی تھی زاری بھیا جان میں تو آئی
چھوٹ کر قید سے وہ واری بھیا جان میں تو آئی
اپنا وارث کہوں یا کہ آقا لاڈو کی بیڑے کا یا کھویا
پیٹوں کیا کہ کے بتلا دو واری بھیا جان میں تو آئی
اے غریب الوطن بھائی آجا مرتی ہوں لے بھیا جلا جا
چھان کر خاک گلونکی ساری بھیا جان میں تو آئی

نوحہ

اے وائے حسینؑا ماں جائے حسینؑا
کس منہ سے بہن سوئے وطن جائے حسینؑا
دو حکم کہ جلدی سے حبیبؑ ابن مظاہر
عماری مری اونٹ پہ کسوائے حسینؑا
عباسؑ کو بھجواؤ کہ فراشوں سے کہہ کر
پردے کی قناتیں مری رکوائے حسینؑا


سیلیاں پشت پہ ہیں جو ہیں کھا کیا بھول گئے صدمہ کو بھائی
الغرض بعد تذلیل و خواری بھیا جا کے بہن رونے آئی
اس گھڑی کا کہوں کیا میں عالم شورِ محشر سے کچھ غل نہ تھا کم
بنتِ حیدرؑ یہ چیخی دم دم پکاری بھیا جا کے بہن رونے آئی
درد و غم کی بہت ہوں ستائی لاش تیرے لٹے سر پہ پائی
تم سے چھٹ کر چلی ہوں زاری بھیا جا کے بہن رونے آئی

راہِ یثرب سے بھائی بدقت کر کے ظالم کی بھی منت
پھیر کر اس طرف کو سواری بھیا جا کے بہن رونے آئی
سال بھر تک دعا کی برابر آخر الامر آج اے برادر
کی خدا نے یہ حاجت براری بھیا جا کے بہن رونے آئی
بھائی جس روز سے مر گئے تم در بدر ہی سواری کی کر گئے تم
اب یہ عالم ہے چھوٹے عماری بھیا جا کے بہن رونے آئی

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]



نوحہ

فرماتی تھی بنت علی بھائی مرا مظلوم ہے
مت کاٹ سر تشنہ بھائی مرا مظلوم ہے
عباس غازی نہر پر سوتے ہو کیا آؤ ادہر
پھرتی ہے بھائی پر چھری بھائی مرا مظلوم ہے
اے اکبر و قاسم اٹھو عون و محمد ساتھ دو
موقع مدد کا ہے یہی بھائی مرا مظلوم ہے

تم نے تو دیا سروری جاں راہ خدا میں
کوفے چلیں بہنیں سر عریان حسینا
خیمہ کو لعینوں نے ترے آگ لگائی
کچھ گھر کا نہ زہرا کے کیا دھیان حسینا
اشراف کی بھی عزت کے تمہیں حامی ہو مولا
تم ہو مرے دین اور مرے ایمان حسینا

تکیہ نہیں بستر نہیں ہے خاک بچھونا
سوتے ہو پڑے بے سر و سامان حسینا
کس نے تری صورت یہ لہو میں ہے ڈبائی
پہچانا نہ تھا کیا وہ مسلمان حسینا
تم مارے گئے دشت بلا میں مرے پیارے
بچے ہوئے اس بن میں پریشان حسینا

سوکھے گلے پہ بھائی کے خنجر رگڑتا ہے ارے
مت ذبح کر او زخمی بھائی مرا مظلوم ہے

اس کی عزیزو دیکھو تو زخموں سے جاری ہے لہو
گزری ہے حد سے تشنگی بھائی مرا مظلوم ہے

کس حال میں ہے غور کر کون اور کس کا پسر
ابن علی سبط نبی بھائی مرا مظلوم ہے

پیاری سکینہ لاڈلی ہیہات نازوں کی پلی
بن باپ کی ہو جائے گی بھائی مرا مظلوم ہے

اے شمر کرتا ہے یہ کیا بھائی کو میرے مت ستا
مت بیٹھ سینہ پر شقی بھائی مرا مظلوم ہے

سینہ پہ رکھتا ہے قدم کرتا ہے کیا ظالم ستم
عابد ہے بیمار اور شقی بھائی مرا مظلوم ہے

خویش و اقارب سن لو تم شمر ہے تشنہ لہو
جا کر چھڑا لو کوئی بھائی مرا مظلوم ہے

سکتے نہیں اتنا کوئی جو بات بھی سن لے مری
کس وقت سے ہوں کہہ رہی بھائی مرا مظلوم ہے

اے خالق ہر دوسرا بھائی کو لے تو ہی بچا
یاور نہیں مرا کوئی بھائی مرا مظلوم ہے

لاشہ پہ ترے رونے نہیں دیتے ستمگر
اس بات سے مجبور ہوں ناچار برادر

تا زیست نہ دکھلاؤں گی منہ جا کے وطن میں
ہیں فاطمہ صغرا کو تو زنہار برادر

یہ وقت مصیبت کا ہے رانڈوں کی خبر لو
آئے ہیں وہ سب خیمہ میں کفار برادر

احسن نہ مانا وہ لعین کاٹا گلوئے شاہ دیں
ہمشیر کہتی ہی رہی بھائی مرا مظلوم ہے

نوحہ دیگر

غمخوار برادر رہے یار برادر
اے زینب بیکس کے مددگار برادر

زخمی ہے اور بے بس ہے بیٹا ہے بیکس ہے یہ
کر رحم اس پر اس گھڑی بھائی مرا مظلوم ہے

زندگی ہے خواہش اگر تجھے چادر پیمبر کی لے
مت کاٹ گردن بھائی کی بھائی مرا مظلوم ہے

بالی سکینہ کے گھر حاضر ہیں وہ بھی لے اگر
پر چھوڑ دے ایذا دی بھائی مرا مظلوم ہے

بانو نے رو کر کہا میرے مسافر حسینؑ
شہر میں لٹا میرے مسافر حسینؑ
قاسم نو کتخدا اس کا ہے یہ ماجرا
گھوڑوں سے روندا گیا میرے مسافر حسینؑ
پیارا وہ اصغرؑ مرا جس کو نہ پانی ملا
تیر ستم آ لگا میرے مسافر حسینؑ

میں جاتی ہوں اتنا بھی پایا نہیں کوئی
جو مجھ کو کرے اونٹ پہ اسوار برادر
صغریٰ یہی کہتی رہی وہ بنت ید اللہ
خالق ترے لشکر کا مددگار برادر

نوحہ دیگر

کچھ پاس بیبیوں کو نہیں آل نبیؐ کا
جاتے ہیں لٹے اب سر بازار برادر
سجادؑ کے پاؤں میں پڑی بیڑیاں بھاری
گردن میں پڑا طوق گرانبار برادر
دفنایا بھی لاشہ کو تمہارے نہ کسی نے
کیا تم کو سمجھتے تھے گنہگار برادر

کہتی تھی رو رو نحیف ہائے خستہ جگر
اب نہیں کوئی رہا میرے مسافر حسین

نوحہ دیگر

کہتی زہرا یہ جنت میں ہائے میری بستی بسی کو اجاڑا
ہیں تو وہ گئی خدا کی ہائے میری بستی بسی کو اجاڑا

ہائے بدن بے سر کو اس کے تن زار کو
نیزے والے نے عدا میرے مسافر حسین
دھوپ میں تیرا بدن جس کو نہ گور و کفن
غسل نہ تجھ کو ملا میرے مسافر حسین
کرتے ہیں فریاد ہم دیتے نہیں داد تم
ہائے ہمیں سے یہ ہائے گلا میرے مسافر حسین

ہو گیا ویران گھر پھرتی ہوں میں دربدر
کیسی چلی یہ ہوا میرے مسافر حسین
بھائی بھتیجے ہوئے سارے اقارب گئے
سر ترا نیزے چڑھا میرے مسافر حسین
وارث فنا سے گئے وارث بقا میں ہے
چھوڑا ہمیں وا واویلا میرے مسافر حسین

مجھکو جنت سے باہر نکالا تھا تیرے کلیجے میں ڈالا
کس کو کہوں میری ہی یارب جلائی میری بستی بی کو اجاڑا
مجھ سو او دکھ سہے میں یاں دل کسکو اب کلیجہ دکھاوا
واویلا بیٹی نے یا الٰہی میری بستی بی کو اجاڑا
پے بہ پے خط لکھے در بلا یا حبیبا یا ہوا آیا
کرکے پانی کی سب نے منائی میری بستی بی کو اجاڑا

اُمت دم تک نبی کی وصیت آل سے تیری محبت رکھنا
کیا وصیت نبی کی نبھائی میری بستی بی کو اجاڑا
اب تو ڈھونڈ کے پڑی علقمہ پر کربلا سے پیاسی
مجھ سے بچھڑ کو جیا بچھڑ آئی میری بستی بی کو اجاڑا
لو ذرا آئی اماں تمہاری اپنی بیٹی کو مجھ سو واری
خاک میں کس نے صورت ملائی میری بستی بی کو اجاڑا

کیا ہی کی کربلا قدر دانی نام اسکا ہی میہمانی کیا
قدر تونے بھی میری بھلائی میری بستی بی کو اجاڑا
اے یتیں ہی کہاں روز محشر جب ہی گا تیرا کو داور
کہتی آئی گی وہ زاد پائی میری بستی بی کو اجاڑا

او بچھڑو مگر

اب ظالموں نے خیمہ کو بھی آگ لگا دی لٹ گئی دنیا
تم وارث خلق پہ ہو دست ابرار اے احمد مختار
عابد کو ہے غش ضعف سے اٹھا نہیں جاتا بے بس ہے بلکتا
جکڑا ہوا ہے طوق و سلاسل میں وہ بیمار اے احمد مختار
کیا کیا نہ ستم آل جفا نے کئے نانا جانے ہے زمانہ
گھر لوٹ لیا ہم کو نکالا سر بازار اے احمد مختار

میدان میں ہے قاسم نوشہ کا ہوا حال لاشہ ہوا پامال
گھونگھٹ میں دلہن روتی ہے با دیدۂ خونبار اے احمد مختار
آغوش کا پالا ترا اے سید والا و نیزوں سے چھانا
سو جان سے ہے جنس شہادت کا خریدار اے احمد مختار
بھائی کا گلا کاٹتے ہیں ظلم کے بانی دیتے نہیں پانی
اور پھیرتے ہیں حلق پہ وہ خنجر خونخوار اے احمد مختار

زینب نے کہا پیٹ کے سر ہائے فغاں کا
بھائی ہو کہ ستم ہو گئے بیکس و لاچار اے احمد مختار
نے عون نہ جعفر ہے نہ ہے قاسم مضطر ہے صغیر پہ دلگیر
نے اکبر و اصغر ہیں نہ عباس علمدار اے احمد مختار
ہے عالم تنہائی مرے بھائی پہ اسلام کے سید عالم
نے مونس و یاور نہ مددگار نہ غمخوار اے احمد مختار

لاشہ تھا قاسم کا زیر سم سپاہ روندا گیا شاہا
تلواریں لگیں جوش میں بھر کے دست جدا ہی سید بھائی
وہ کون تھا جس ظالم بے پیر نے برچھا ظلم کیا آہ
برچھی کی انی سینۂ اکبر پہ لگائی سید مرے بھائی
افسوس صد افسوس کہ مارا گیا اصغر پانی کو ترس کر
اعدا نے اسے بوند نہ پانی کی پلائی سید مرے بھائی

نہ عون نہ جعفر ہیں نہ قاسم و اکبر برباد ہوا گھر
مرجانے سے عباس کے اعدا کی بن آئی مرے سید بھائی
کاٹے گئے عباس علمدار کے شانے دریا کے کنارے
نعش اس کی ستمگاروں سے تو نہیں پائی مرے سید بھائی
فرزند مرے تھے سو وہ فدیہ تمہارے ہیں گئے مارے
خالق نے کمائی مری اب ٹک لگائی مرے سید بھائی

زینب یہ بکا کرتی تھی با دل ناشاد فریاد ہے فریاد
اب آؤ مدد کو مری اے کل کے مددگار اے حیدر کرار

نوحہ دیگر

زینب نے کہا رو رو کے حق کے فدائی سید مری بھائی
کیا آج لٹا دو گے مری ماں کی کمائی سید مرے بھائی

پھر کہنے لگی یوں کہ اب شاہ سے کیا کروں شکوہ
تقصیر کسی کا نہیں قسمت کی برائی سید مرے بھائی
ایسے کے تئیں بھول گیا بھیا زاری زینب غمخواری زینب
سر پیٹ کے کہتی تھی یہ غم کی ستائی سید مرے بھائی

نوحہ دیگر

اک ساتھ ہے بیمار تپ سے ہیں گرفتار و چشم ہے خونبار
نے اسکو غذا ہے نہ ٹھنڈائی نہ دوائی سید مرے بھائی
ہے یہ قفس تن سے مری جان نہ نکلی اے دلبر حیدر
تم مرنے چلے اور مجھے موت نہ آئی سید مرے بھائی
جب مرنے گئے شاہ تو زینب یہ پکاری با گریہ و زاری
اللہ کی دہائی ہے محمد کی دہائی سید مرے بھائی

گر لاش پہ عباس کی کہتی تھی بصد یاس یوں با دل پر یاس
بھائی کو پہنچا گئی دریا کی ترائی سید مرے بھائی
پھر رو رو کے یوں کہنے لگی اے شہ والا ہے ظلم نرالا
پانی کے بھی لانے کی ہے دنیا کی ستائی سید مرے بھائی
اکبر ہے تہ تیغ ہے بے سر ہے فاطمہ کا لال بے سر شہ ذیشاں
گر تم سے گئے ہو جائیگی اب گھر کی صفائی سید مرے بھائی

[illegible]

نانا ہیں میرے منتظر خلدِ بریں میں صبح سے
جاتا ہوں بہرِ حق کی رضا لو شہربانو الوداع
جاتا ہوں میں تو مرنے کو سونپا تمہیں سجاد کو
حافظ تمہارا ہے خدا لو شہربانو الوداع
اشرف قیامت ہوگئی رو کر کہا شبیر نے
جس دم یہ باور ہو چکا لو شہربانو الوداع

عباس و قاسم مر گئے اکبر سدھارے خلد کو
بیکار ہے جینا مرا اے شہربانو الوداع
خویش و عزیز و اقربا سب دشت میں مارے گئے
اب میں ہوں اور تیغِ جفا لو شہربانو الوداع
رو رو کے نہ تم جلائے دو اب دشتِ بلا میں سکھری
ہم کو بلاتی ہے قضا لو شہربانو الوداع

نوحہ

کہتے تھے سبطِ مصطفیٰ لو شہربانو الوداع
بیکس یہ مرنے کو چلا لو شہربانو الوداع
طفلی میں جو اقرار تھا ہم نے کیا نانا سے وہ
وعدہ برابر آگیا لو شہربانو الوداع
دشتِ ستم میں جا کے پھر ہرگز نہ گھر میں آؤں گا
سر دوں گا میں راہِ خدا لو شہربانو الوداع

نوحہ

ہاے تشنہ لب کہ کے گلے لگا لے اے سکینہؑ الوداع
اب صبر دے تجکو خدا اے سکینہؑ الوداع

سینہ سے لپٹا کر کہا مجبور ہے بابا ترا
جاتا ہے کٹوانے گلا اے سکینہؑ الوداع

گر چھٹا تو نور نظر بابا مسافر ہے پدر
اب ہے گھڑی سر پر قضا اے سکینہؑ الوداع

روتا ہے اے نور نظر ہوتا ہے اب ٹکڑے جگر
بابا ترا تجھ پر فدا اے سکینہؑ الوداع

پھر گود میں اپنی لیا منہ چوم کر اور رو دیا
بوسے گلے سے پھر لگا اے سکینہؑ الوداع

بابا جھولیاں آویں گر تو کھیلنا جان پدر
یہ ماننا میرا کہا اے سکینہؑ الوداع

اب میں ہوں اور تیغ جفا سجدہ میں ہوگا سر کٹا
رہتی ہے اور تیرا گلا اے سکینہؑ الوداع

پیاسی ہے تو اے دلربا تو صبر کر بہر خدا
دریا سے آتا ہے چچا اے سکینہؑ الوداع

تم ساتھ ماں کے سو رہو بستر سے مت اٹھیو
بیٹی کبھو مت دل دکھا اے سکینہؑ الوداع

یوں آپ ہیں مضطر مجھے تشویش بڑی ہے
رو رو کے تم اب مجھکو نہ رلواؤ سکینہ
ڈر ہے مجھے دشمن کہیں پہنچائیں نہ ایذا
خود بالیاں تم کانوں کی بڑھواؤ سکینہ
میں تو نہیں بچنے کا پھر اب رونے سے حاصل
اب تم دل بیتاب کو سمجھاؤ سکینہ

شتابی سے مری جان نہیں باتیں کرو تم
بابا کو دم مرگ نہ رلواؤ سکینہ
پانی پہ مری فاتحہ دلوائیو تم مری جان
جس وقت مری لاش پہ تم آؤ سکینہ
کیوں روتی ہو ماں باپ سدا کس کے جیتے ہیں
دل کھیل کے اطفال سے بہلاؤ سکینہ

آگے نجف میں کیا لکھوں رو رو کے یہ کہتی تھی وہ
کہتے تھے شاہ کربلا اے اے سکینہ الوداع

نوحۂ دیگر

شہ کہتے تھے بس زیادہ نہ غم کھاؤ سکینہ
ماں پاس مری گود سے بس جاؤ سکینہ

قیدی ہو تو دور پھر وادی وطن پہ تم اگر جو ہو
ہو گا نہ اس سے بیش و کم لو آل احمد الوداع
گھبراؤ تم مت مطلقاً مالک ہے رب ذوالمنن
کٹ جائیں گے اندوہ و غم لو آل احمد الوداع
رسی سے گر بازو بندھیں اور برچھی کی نوکیں چبھیں
ہونا نہ ہرگز چشم نم لو آل احمد الوداع

فرماتے تھے شاہ امم لو آل احمد الوداع
جاتے ہیں اب مرنے کو ہم لو آل احمد الوداع
اتنی نہیں مہلت ہمیں تم کو وصیت کچھ کریں
درپیش ہے راہ عدم لو آل احمد الوداع
معلوم ہے سب واقعہ جو کچھ ہوا اور ہووے گا
ہوں گے بڑے ظلم و ستم لو آل احمد الوداع

میں کہتا تھا رکھ مجھ سے تو الفت نہ زیادہ
ایسا نہ ہو اک روز کہ پچھتاوے سکینہ
کہہ جلد غلام اپنے حسین کو کہیں آقا
اب کرب و بلا سے سفر بلوا سکینہ

نوحہ دیگر

[illegible]

پیٹ پیٹ کو شبیر نے کہا تمہیں قربان قاسم کے شبیر

کس شان سے نوشاہی کے ہوئے تھے بیاہ قاسم کے شبیر

سر پر سے سہرے کی تو لڑیں سب اُڑی ہیں رنگین دیکھو کفن

کیا شکل تمہاری بنی ہے اے دین سلطان آ قاسم کے شبیر

تھی آرزو میری کہ تم آؤ گے میرے گھر سب کنبہ کو لیکر

عباس بھی ساتھ آئیں گے اور اکبر ذیشان آ قاسم کے شبیر

جس طرح ہو بہلانا سکینہ کو ہماری

ہاں جس طرح اس پیاری کو بہلائیں زینب

رافع کی سفارش کرو شہ سے یہ کہیو

اس بندۂ عاصی کو بھی بخشاتے ہیں زینب

نوحہ دیگر

تو حافظ و ناصر ہے خداوند تعالیٰ

طالع تجھے اب تم سے بچھڑ جاتے ہیں زینب

اب تیرے حوالے ہیں یہ سب عترت اطہار

اللہ کے حوالے تمہیں کر جاتے ہیں زینب

اس بنت عاصی کی شفاعت کیلئے صرف

ہم راہ خدا میں گلا کٹواتے ہیں زینب

روتا ہوا وہ قافلہ کوفہ کو سدھارا شبیر کے مکاں سے
کہتی ہے شبیر یہاں حال پریشاں آقا مرے شبیر
اب ہند میں رہنے کا مزا کچھ نہیں شاہا پاس اپنے بلا لو
اشرف ہو تمہاری لحد پاک کے قربان آقا مرے شبیر

نوحہ دیگر

اے سبط نبی فاطمہ کے راحت دلا کرنے پہ تمہارے
بانو سی شہزادی کا گھر ہو گیا ویران آقا مرے شبیر
جس نفس کو معصوم تھی سدا فاطمہ زہرا اور تھی کرتی نگاہیں
وہ زلفیں پڑی ہیں خاک میں اور خون میں غلطاں آقا مرے شبیر
صد حیف کہ اصغر پہ بھی کچھ رحم نہ آیا اس قوم جفا کو
ہاتھوں پہ تمہارے کیا بچہ کو بھی بیجان آقا مرے شبیر

زینب کا پسر آئیں گے ہمراہ تمہارا اور قاسم گلرو
تھا دیکھنے کا اصغر بے شیر کے ارمان آقا مرے شبیر
امت نے نبی کی تری کچھ قدر نہ جانی اے فاطمہ کے لال
جانا نہ تمہیں محمد و زہرا کا دل و جان آقا مرے شبیر
پانی نہ دیا شمر نے پیاسا تجھے مارا افسوس صد افسوس
اس پیاس پہ حضرت کی یہ ٹوٹی گئی قربان آقا مرے شبیر

بازار کی کسوت ہے میں سر ننگ عرب کی جانیں تو بچینگی
اس شاہ کے ہمراہ کسی در کی گدائی ہیں جانے نہ دونگی
بے جرم و خطا چھینتے ہاں آنکھوں کے آگے کس ظلم و جفا سے
اٹھارہ یگانوں کی برابر ہی صفائی ہیں جانے نہ دونگی
محشر میں یتیمی مجھکو بچا لیں گی سقر سے یہ فاطمہ کہکر
ہاں ہاں لے فرشتو یہ ہمارے ہی فدائی ہیں جانے نہ دونگی

اول تو غریب الوطنی دوسرے غربت وارسیہ پہ ہیرو
بادل کی طرح دشمنوں کی فوج ہے چھائی ہیں جانے نہ دونگی
دکھ درد وہ ان نے قری بھرکے مصیبت اس فاقہ کشی میں
کس چاہ سے پالا تھا وہ لڑکی ہی کمائی ہیں جانے نہ دونگی
منت ہے لجاجت سے سماجت ہے برادر کچھ ہوئے گر آج
میدانکی جانب نہیں کرنیکو لڑائی ہیں جانے نہ دونگی

چلائی پیر ہے کے خاتون کی جائی ہیں جانے نہ دونگی
کس واسطے حضرت نے سواری یہ منگائی ہیں جانے نہ دونگی
کل پنجتن پاک ہیں اک ایکا دم ہے سو جیتی ہوں میں
جب تم بھی اٹھے زندگی شوہر و بھائی ہیں جانے نہ دونگی
قربان ہیں آپکی غیبت میں سراسر مشت بلا میں
آئے ہیں نظر آپ ہی آثار تباہی ہیں جانے نہ دونگی

تیسرا دن ہو چکا بند ہے آب و غذا
مرتا ہے سب گھر کا گھر بھائی میں ناچار ہوں
گرم ہے بازار تیغ کھنچنے کا سر کے ہے ڈر
جلد کر اب تو سفر بھائی میں ناچار ہوں
پھینک کے دستار سر رویا متیں نامہ بر
نذر کے اس رشتہ پر بھائی میں ناچار ہوں

بالی سکینہ کی ہاں کانوں کی ہیں بالیاں
لے لے وہ احسان کر بھائی میں ناچار ہوں
چادر خاتون حشر دیتی ہوں کر دل پہ جبر
لاؤں وہی سے اگر بھائی میں ناچار ہوں
ارث میں تھا اک توقف اس پہ آفت کا ابر
چھا گیا بالائے سر بھائی میں ناچار ہوں

نوحہ
بولے شبیر و بر بھائی بہن ناچار ہوں
کیا تجھے دوں نامہ بر بھائی بہن ناچار ہوں
اس کا ہے خالق گواہ آج بجز اشک و آہ
پاس نہیں مال و زر بھائی بہن ناچار ہوں
خلق ہوئی بہرہ ور مجھ سے مدام اب مگر
جب سے ہوئی بے خبر بھائی بہن ناچار ہوں

نوحہ

شمر نے کہا برگشتہ ہوا تجھ سے زمانا سید مرے نانا
تڑپے مری اک جان کے ہے سارا زمانا سید مرے نانا
گر چھوٹ کے اور سانپ کے بل میں بھی چھپیگا تو بھی نہ بچیگا
تم قبر میں لو مجھ کو اے شاہ یگانہ سید مرے نانا
تھے جتنے نبی آپ کے سب لاؤ ہمارے اور جد ہمارے
امت نے مجھے آپ کا فرزند نہ جانا سید مرے نانا

وہ ظلم ہوئے مجھ پہ نہ ہوں جن کی پڑے جد مطہر
روضہ سے چھڑاتے ہیں مجھے کر کے بہانا سید مرے نانا
جاروب کشی آپ کے مرقد کی کرونگا اور دکھ ہی سہونگا
پر ظلم سے اس امت بیدیں کے بچانا سید مرے نانا
اصغر کا یہ تن اور یہ گرمی کا سفر ہائے مجھکو یہ حذر ہے
اعدا نہ کریں اسکو بھی تیروں کا نشانا سید مرے نانا

جز آپ کے فریاد کروں کس سے میں شاہا اے پشت و پناہا
للہ مرے رہنے کا بتلا دو ٹھکانا سید مرے نانا
ارشاد جو تھا آپ میں مجھ خستہ تن اور بھائی حسن کے
امت نے اُسے دیکھئے کیا خوب ہی مانا سید مرے نانا

نوحہ دیگر

[illegible]

[illegible]

[illegible]

رحم کے قابل ہوں میں پانی کا سائل ہوں میں
دیکھ عدو بنت شہ پانی پلا دے مجھے
گذرے ہیں سولہ پہر جل گیا میرا جگر
صبر کروں تا کجا پانی پلا دے مجھے
پیاس سے بیچین ہوں حال ہے میرا زبوں
جلتا ہے سینہ مرا پانی پلا دے مجھے

سینہ پہ بیٹھا ہے تو جاری ہے مرجا ہو
اس کا نہیں کچھ گلا پانی پلا دے مجھے
جنگ کی قدرت نہیں اٹھنے کی طاقت نہیں
اب تو ہوں بے دست و پا پانی پلا دے مجھے
اینٹھ رہی ہے زباں جان ہے تن پر گراں
وعدہ برابر ہوا پانی پلا دے مجھے

سینہ سے ظالم اتر پیاسے کو مت ذبح کر
اتنی بھی مت کر جفا پانی پلا دے مجھے
پیاسا ہوں بے حواس کر تو محمد کا پاس
رحم کرے بیحیا پانی پلا دے مجھے
فاطمہ ماں ہے مری باپ ہے حضرت علی
جد ہیں مرے مصطفی پانی پلا دے مجھے

ہنستے تھے عابد اہل جفا کی
دست درازی واویلا
بھوکا پیاسا سر کو کٹایا
ہو کر راضی واویلا
الفت فلک ہے تیروں سے کرتا
روباہ بازی واویلا

سجدۂ حق میں سر کو کٹایا
ہائے نمازی واویلا
پاگیں کٹ کر خیمہ میں آیا
شاہ کا تازی واویلا
آل نبیؐ کے ساتھ بھی ہے ہے
چرخ نے یہ بازی واویلا

روتی تھی روح بتولؑ کہتے تھے جسم رسولؐ
روکے شہِ کربلا پانی پلا دے مجھے

نوحۂ دیگر

شاہ حجازی واویلا
سید غازی واویلا

[illegible]

نوحہ

زینب نے کہا سینہ و سر پیٹ کے ہا ہائے شاہ مدینہ
مرنے سے تمہارے ہوا اور وہیں پھر ہائے شاہ مدینہ
خیمہ بھی جلا گھر بھی لٹا تم کو بھی مارا ہے بھیا مرے پیارے
عابد کا گلا طوق رسن سے گیا باندھا ہائے شاہ مدینہ
تھا گود کا پالا مرا جو اکبر گلرو ہا ہمشکل پیمبر
برچھے سے جگر اسکا بھی ظالم نے ہے چھیدا ہائے شاہ مدینہ

چھاتی پہ لٹاتے تھے جسے آپ بصد پیار وہ عابد بیمار
کھینچے ہے مہار اونٹوں کی رو رو و دلگیر ہائے شاہ مدینہ
ہے ہے علی اصغر مرا شہپارہ وہ بچہ کن آنکھوں سے دیکھوں
تیروں سے چھدا اسکا گلا خالی ہے جھولا ہائے شاہ مدینہ
بے مقنع و چادر ہمیں لیجاتے ہیں ظالم دربار لعیں میں
اس شکل سے اب جائے بہن کہو خدارا اے شاہ مدینہ

عالی یہی کہتے تھے حرم لاشۂ شہ پہ دہائی
ہم شام چلے اب تمہیں اللہ کو سونپا اے شاہ مدینہ

نوحۂ دیگر

اے شاہ زماں عاشق غفار حسینا
جن و ملک و حور کے سردار حسینا

واں چچا ہے یہ زہرا کے زوال آگیا رن میں
یاں آگئی نصیبوں سے شب تار حسینا
واں مر گئے تم یاں ہیں کس طرح سے لوٹا
چھوڑا نہ کسی پاس بھی اک تار حسینا
زہرا کا جنازہ تو اٹھے رات کو بی بی
سر ننگے ہو زینب سر بازار حسینا

دنیا میں بھلا کون ہے ہم مرتبہ تیرا
زہرا و علی کا ہے تو دلدار حسینا
ان جاہلوں نے ہائے پیاسا تجھے مارا
سمجھے نہیں کوثر کا ہے مختار حسینا
اللہ نگہبان ہے لاشہ کا تمہارے
لو جاتی ہوں اب اونٹ ہے تیار حسینا

ظالم لئے جاتے ہیں مجھے شام کو بھائی
ہوتی ہوں جدا تم سے میں ناچار حسینا
تھا زندگی کا لطف فقط دم سے تمہارے
اب جینا بہن کا ہوا دشوار حسینا
طفلی میں جو وعدہ تھا کیا دینے کا سر کے
اب دیدیا سر کچھ نہ کی تکرار حسینا

روؤں نہ کیوں بار بار کیوں نہوں میں بیقرار
سر سے ردا لی اتار ہائے غریب الوطن
میں جیوں کیونکر بھلا عمو بھی مارا گیا
پانی نہ تجھکو ملا ہائے غریب الوطن
ظلم کیا بے خطر بعد تمہارے پدر
چھین لی سب کی چادر ہائے غریب الوطن

ہائے نہ شہر دو سرا کون ہے اس جا ترا
ہو کہ کرے پیار آ ہائے غریب الوطن
شمر نے میرے گہر چھین لئے آن کر
خوف کیا نے خطر ہائے غریب الوطن
ہو گئی میں بے پدر چھن گئی میری چادر
ہائے میں جاؤں کدھر ہائے غریب الوطن

پھر نعش پہ رو رو کے لگی کہنے یہ واصف
زہنا مرے اکبر سے تجر دار جینا

نوحہ دیگر

نکلے یہ سکینہ کے بین ہائے غریب الوطن
ہائے مرے بابا حسین ہائے غریب الوطن

وعدہ نہ پورا ہوا اکبر و عباس کا
رہ گئی صغرا جدا ہائے غریب الوطن
اصغر مظلوم آہ راہی جنت ہوا
بوند نہ پانی ملا ہائے غریب الوطن
فوج یزید شقی کر رہی ہے اب خوشی
خیمہ میں غل ہے یہی ہائے غریب الوطن

دل مرا اب ہے دو نیم کس سے کہوں میں سقیم
ہائے ہوئی میں یتیم ہائے غریب الوطن
بین سکینہ کا تھا وہ لکھے مقصود کیا
اُسکی یہی تھی صدا ہائے غریب الوطن

نوحہ دیگر


بولی سکینہ پھپھی آیا ہے ذوالجناح
خیر و خبر باپ کی لایا ہے ذوالجناح
تیروں سے غربال ہے دیکھو تو کیا حال ہے
بال ہیں خوں میں بھرے آیا ہے ذوالجناح
صورت طاؤس ہے زینت سے مایوس ہے
کیسا شال پری آیا ہے ذوالجناح

[illegible] کھچی دلدل تو ہے پایا نہیں
بس اب تو ہیں لگی دلدل تو ہے پایا نہیں
لو اب ہم تو قیدی بن چکے دیکھیں خدا کیا کرے
بس اب قیامت آچکی دلدل تو ہے پایا نہیں
للہ دوڑو اب کوئی دیکھو تو کیا ان پر بنی
بی تصدق ہو گئی دلدل تو ہے پایا نہیں

[illegible]ن پہ پڑ گئی جس سے ہے افسردگی
پوچھو تو اٹھ کر کوئی آیا ہے اب ذوالجناح
صورت حیواں ہے گو سیرت انساں ہے وہ
کھوتا ہوا غم سے جی آیا ہے اب ذوالجناح

نوحہ دیگر

[illegible]ن کس لئے ہوئے خوں میں نہائے ہوئے
خاک ہے سر پر پڑی آیا ہے اب ذوالجناح
صاف ہے یہ آشکارا مارا گیا ہے سوار
شکل ہے کیسی بنی آیا ہے اب ذوالجناح
چشم سے خونباری ہے تن سے لہو جاری ہے
چھائی ہوئی مردنی آیا ہے اب ذوالجناح



دل ہے دھڑکتا مرا ہول مجھے آتے ہیں
روتا ہے تو کیوں کھڑا بابا مرے کیا ہوئے

بول خدارا تو ہی اور نہیں یاں کوئی
پوچھوں میں کس سے بھلا بابا مرے کیا ہوئے

یاں سے گئے جب پدر تجھ پہ ہوئے تھے سوار
خالی ہے تو کیوں کھڑا بابا مرے کیا ہوئے

ہاتھوں کو مل کر کبھی کہتی تھی وہ غمزدی
ہائے مرے کبریا بابا مرے کیا ہوئے

آکے سرہانے کبھی کہتی تھی سجاد سے
تم ہو زین العبا بابا مرے کیا ہوئے

کہتی تھی گہ پیٹ سر لوگو بتاؤ مجھے
ڈھونڈتا ہے دل مرا بابا مرے کیا ہوئے

جیتے وہ ہوتے اگر کہتی ہیں عباس سے
دیکھو تو جا کر چچا بابا مرے کیا ہوئے

یاد یہ جب آگیا ٹکڑے سکینہ دل ہوا
دختر شہ نے کہا بابا مرے کیا ہوئے

نوحۂ دیگر

ہال اٹھائیں گے منہ دیکھ کے سنسان وہ گھر

دن رات پڑی چیخونگی چلاؤنگی بھائی

کیا حال مرا ہووے گا جب بھر تسلی

یہ مرقد انور بھی نہیں پاؤنگی بھائی

ہوش اڑتے ہیں جب یاد میں آتا ہی مجھکو

زینب کا یہ کہنا کہ نہ گھر جاؤنگی بھائی

کچھ گھر سے غرض ور نہ مطلب ہے وطن سی

مرقد پہ ترے چھاؤنی میں چھاؤنگی بھائی

جاروب کشی کر ترے روضہ کی برادر

تربت پہ تری فاتحہ دلواؤنگی بھائی

کیا رکھا ہی گھر میں کہو کس چیز سے جا کر

اپنے دل غمدیدہ کو بہلاؤنگی بھائی

نو حضر شرماؤنگی بھائی گر جاؤنگی بھائی

منہ فاطمہ صغرا کو نہ دکھلاؤنگی بھائی

سنت سے کہا تھا پھپھی بابا سے خبردار

مانگے تو کہا نے تمہیں لے آؤنگی بھائی

پوشاک سیہ بال کھلے حال پریشان

ہم چشموں میں کس حال سے گھر جاؤنگی بھائی

نوحہ

ہائے تھی زینبؑ بھلا خاک وطن جاؤں نہیں
ہائے سہہ کے یہ جور و جفا خاک وطن جاؤں میں
ہائے خبر ہائے زین العبا مجھکو ہے سمجھاتے کیا
لطف رہا کون سا خاک وطن جاؤں نہیں
جس سے کہ آبادی تھی اور مری زندگی
اُن سے ہے جنگل بسا خاک وطن جاؤں نہیں

صدقہ پچھی صدقہ کریں ہائے میں جاؤں گی گھر
آئی ہے مجکو حیا خاک وطن جاؤں میں
روضۂ صدر پر بھلا اور یہ کالی ردا
جاتا ہے میرا روا خاک وطن جاؤں میں
والدہ کی قبر کو مجھ سے بھلا سوچو تو
پرسا دیا جائے گا خاک وطن جاؤں نہیں

ہوگا زباں زد یہی آئی ہے کنبہ سوئی
عورتوں میں جا بجا خاک وطن جاؤں نہیں
سوئے وطن اے بہنیں سے گئے ہائے حزیں
کتنا ہی اُس نے کہا خاک وطن جاؤں نہیں

نوحہ دیگر

نوحہ

کرتی تھی بانو یہ بین ہندہ میں لوٹی گئی
مرگئے وارث حسین ہندہ میں لوٹی گئی

اور مرے والی کا سر نوک پہ نیزے کی ہو
مجھکو کیا دربدر ہندہ میں لوٹی گئی

برچھی کی کھا کر سناں مرگیا اکبر جواں
ڈھونڈوں اسے میں کہاں ہندہ میں لوٹی گئی

قاسم نوشاہ بھی چھوڑ کے اپنی بنی
مرگیا کھا کر انی ہندہ میں لوٹی گئی

حضرت عباس جا نہر پہ شانے کٹا
بر لب کوثر گیا ہندہ میں لوٹی گئی

حضرت زین العبا جو کہ ہے جیتا بچا
اس پہ ہے مروم جفا ہندہ میں لوٹی گئی

طالب علی ختم تھا بانو نے جبدم کہا
مرگیا وارث مرا ہندہ میں لوٹی گئی

نوحہ دیگر

بولی سکینہ بی اب نہیں رونگی میں
شمر خطا ہو گئی اب نہیں رونگی میں

جدا کا مرے واسطے چھوڑے بازو مرا
درد ہوا ہے سوا اب نہیں رونیکی ہیں
دل کی لگی سے کبھی اتنا بھی روتی تھی میں
خبر تیری جو سنتی اب نہیں رونے کی ہیں
نکلے اگر تن سے دم پہنچے الم پر الم
شمر خدا کی قسم اب نہیں رونے کی ہیں

بابا نظر آئے تھے خواب میں سو لٹے
ہم کی رقت سوا اب نہیں رونے کی ہیں
آئے گا رونا اگر اشک بہا لینگی پر
پیٹ کے اس طرح سر اب نہیں رونیکی ہیں
شمر تو سن تو سہی ہوتی ہیں صا من کبھی
مجھکو سزا مل چکی اب نہیں رونیکی ہیں

دیکھو سکے تاریک گھر روتی تھی میں سقدر
چپکی تھی ہاں مگر اب نہیں رونیکی ہیں
بانو سے آیا لعین آہ کہوں کیا سنیں
کبھی رہی وہ حزیں اب نہیں رونیکی ہیں

تصویرگر

آل پیمبرؐ ہوں میں دختر حیدرؑ ہوں میں
شرم محمدؐ سے کرو دختر زہراؑ ہوں میں
جان سے آل نبیؐ چھوڑ دے تو اے شقی
ظلم سے اب درگذر دختر زہراؑ ہوں میں
آئے گی آفت ابھی مان لے تو اے شقی
چھین نہ سر سے چادر دختر زہراؑ ہوں میں

ڈھونڈتا ہے کیا یہاں مال و متاع کہاں
فاقہ کشوں کا ہے گھر دختر زہراؑ ہوں میں
بیٹھیں نوکِ سناں مار نہ اے بدگماں
کچھ تو خدا سے بھی ڈر دختر زہراؑ ہوں میں
آگ نہ تو اب لگا گھر نبیؐ کا جلا
آہ سے زہراؑ کی ڈر دختر زہراؑ ہوں میں

بولی یہ زینبؑ عمر دختر زہراؑ ہوں میں
سر مرا عریاں نہ کر دختر زہراؑ ہوں میں
سر سے نہ چادر اتار شوق سے اے نابکار
تن سے جدا کر دے سر دختر زہراؑ ہوں میں
مان لے میرا کہا گھر میں نہ در آ ستم
ہے یہ محمدؐ کا گھر دختر زہراؑ ہوں میں

کس مرے بچپن پہ جاؤں کو نہ میرے گھر رہا
خوف خدا چاہئے بالیاں میری نہ لے
ننھی سی سیدانی جان پہ مری بھائی جان
بہر خدا چھوڑ دے بالیاں میری نہ لے
شبر کی پوتی ہوں میں جان کو کھوتی ہوں میں
میرا کہا مان لے بالیاں میری نہ لے

ہیں سکینہ کے تجھے بالیاں میری نہ لے
شمر خدا کے لئے بالیاں میری نہ لے
شہ کی زادی ہوں تجھ سے میں فریادی ہوں
کہنا مرا مان لے بالیاں میری نہ لے
فاقہ کشوں کا یہ گھر چھین لیں تو نے اگر
پھر نہ ملینگی مجھے بالیاں میری نہ لے

مجکو نہیں مت ستا غم میں ہوں میں مبتلا
آہ سے میری تو ڈر دختر زہرا ہوں میں
کیا کروں اشرف بیاں زینب و کلثوم واں
کہہ رہی تھی پیٹ سر دختر زہرا ہوں میں

قطعہ دیگر

صغرا سے وطن میں فراق ہوا نہ ملیں ہم تو سے جدا
بیماں میں چھٹے صغرا و وطن مظلومہ بہن مغمومہ بہن
تو دست جفا سے ہائے لٹی عمو سے چھٹی بابا سے چھٹی
یہ درد یتیمی اور چھٹیں مظلومہ بہن مغمومہ بہن
اچھے ہوئے یہ کان تو کس کے بھیاں طمانچہ کے
یاد و سیم ہوا نہ کہ نقش رسن مظلومہ بہن مغمومہ بہن

کھا کھا کے طمانچے شمر کے تو دنیا سے سدھاری تو ہماری
رو رو کے تو رہا یہ خستہ تن مظلومہ بہن مغمومہ بہن
کیا کیا نہ اذیت تو نے ہی سر ننگے پھری زنداں میں ہائی
ہاے یہ مصیبت اور یہ سن مظلومہ بہن مغمومہ بہن
زنداں سے نہ نکلی زندہ تو ہائے یہ چھٹی جیتے جی تو
لیکر ہی گیا دکھ درد و محن مظلومہ بہن مغمومہ بہن

دشمن دیں نے بیٹی بالیاں بھی چھین لیں
ہائے کہتی رہی وہ ارے بالیاں میری نہ لے

نوحہ دیگر

عابد نے کہے رو رو یہ سخن مظلومہ بہن مغمومہ بہن
اے کشتۂ ظلم و رنج و محن مظلومہ بہن مغمومہ بہن

کیسا تھا رنڈاپا مرا اس بچی کے دم سے
قسمت سے مری اس کے بھی سن نے نہ وفا کی
کیا ہووے گی تدبیر بھلا گور و کفن کی
خود بیٹھی ہے ماں قید میں محتاج ردا کی
بستی میں مسلمانوں کی تابوت کو محتاج
پوتی ہے پڑی ہائے بتول عذرا کی

الفت میں پھوپھی کی جو چونکی جسوقت کہا یہ بیٹی نے کہا
ہے کوچ ہمارا سوئے وطن مظلومہ بہن مسمومہ بہن

نوحہ دیگر

فریاد و خدا کی گردوں نے جفا کی
ماں لٹ گئی سجاد و سکینہ نے قضا کی

مرتی جو مدینہ میں تو چھپتا کہ دھوم سے لاشہ اٹھتا
ہے کہنہ ردا اب تیرا کفن مظلومہ بہن مسمومہ بہن
اماں سے الگ بابا سے جدا اور الگ نانا سے جدا
ہے شام ہوا تیرا وطن مظلومہ بہن مسمومہ بہن
چھپے نہ گئے یہ صدمے کسی ورنہ پڑا ہاں کچھ ہم سے
آخر یہ دکھائے چرخ کہن مظلومہ بہن مسمومہ بہن

دکھ پایا ہے بابا غم چھایا ہے بابا
سجاد غریب الغربا آیا ہے بابا
کیا عرض کروں حال کہ کلفت ہے زیادہ
تقدیر نے جو کچھ مجھے دکھلایا ہے بابا
ہر شہر میں ایک ایک قدم پر سر بازار
کوڑوں سے مجھے شمر نے پٹوایا ہے بابا

جب سوپ چکو مردے کو کہنا یہ زمیں سے
اے ارض امانت ہے یہ شاہ شہدا کی
بس آگے مٹیں اور نہ کہہ نوحہ جاں کاہ
آقا کے تصدق سے ہے افراط بکا کی

نوحہ دیگر

کہہ دینا کوئی پوچھے تو گردن کو جھکا کر
اٹھتی ہیں یونہی میتیں ہم سے غربا کی
کفنا کے اسے کرتے ہیں ہاتھوں پہ اٹھا کر
لیجا کے جہاں بنتی ہیں قبریں غربا کی
کھدوا کے گڑھا ننھا سا اک راہ خدا میں
قربان ہو ماں گاڑ دو جو مرضی خدا کی

یا حضرت سجادؑ یہ کہدو کہ بیٹی کا
دل شاد کرو فقر سے گھبرایا ہی بابا

نوحہ دیگر

فریاد ہی بابا بیداد ہی بابا
کوڑوں کی جفا و رسن سجاد ہی بابا

چلاتی بہت ہائے پدر کہہ کے سکینہ
جب ننھا گلا اس کا بھی بندھوایا ہی بابا
بے پردگی ماں بہنوں کی اور بیکسی ایسی
کس کثرت و انبوہ میں رلوایا ہی بابا
غیظ آپکا پیتا ہی کے گر خون جگر کا
جبراً دل رنجور کو سمجھایا ہی بابا

گڑ گئیں شرم سے جب آل نبیؐ کو
حاکم نے پئے نظارہ بلوایا ہی بابا
سر برہنہ تھے جسم کی پوشاک دریدہ
منہ بالوں ہی سے رانڈوں کا چھپوایا ہی بابا
بچے کو مرے اور مجھی سے سر بازار
بازو میں رسن باندھ کے کھنچوایا ہی بابا

[illegible]

شکوہ نہ کر تو شہ سے سوا ایذائے شہر شام کا
تکلیف سے گو راہ بھر پہنے پھر اس پہ پڑیاں
حضرت تو ہیں تربت نشیں تجھ کو کہو کون آ قریں
کس سے کہوں یا چشم تر پہنے پھر اس پہ پڑیاں
مرقد پہ شہ کے لے بیٹھیں تھیں بیبیاں پیش
عابد یہ گویا تھے کہ پہنے پھر اس پہ پڑیاں

ہر روز صدمہ پیاس کا تھا کربلا میں بھی ہوا
گرمی میں بھی ننگے سر پہنے پھر اس پہ پڑیاں
کیا سر کا منہ کا حال تھا چکرا تھا میں تڑپتا
جیسا کہ تفتیدہ جگر پہنے پھر اس پہ پڑیاں
ٹھہرائے تھے اسپ شہ جس جا کہ چلنے کا ہر
اس سرزمین گرم پہ پہنے پھر اس پہ پڑیاں

نوحہ

کہتے تھے عابد ائے پدر پہنے پھر اس پہ پڑیاں
صحرا بہ صحرا در بدر پہنے پھر اس پہ پڑیاں
ماں بہنیں پیچھیاں کھولے سر بیٹھی ہیں قیدی ہو پڑیں
اور آگے آگے نوحہ گر پہنے پھر اس پہ پڑیاں
اس چھاؤں میں تلوار کی گو وہ چھپی کتنی ہی ہی
کانٹوں پہ بے خوف و خطر پہنے پھر اس پہ پڑیاں

کرباں عزیزوں کو اگر روتا ہے کوئی
نیزہ سر زینبؑ پہ لگاتے ہیں ستمگار
ان کافروں کو پاس نہیں بنت علیؑ کا
معجر سر زینبؑ سے گراتے ہیں ستمگار
در پیش سکینہؑ کے ہیں اور مارے طمانچے
بن باپ کی بچی کو ستاتے ہیں ستمگار

سجادؑ کو بستر سے گراتے ہیں ستمگار
اور طوق گرانبار پہناتے ہیں ستمگار
کہتی ہیں یہ سیدانیاں سر پیٹ کے اپنا
سند شہ والا کی جلاتے ہیں ستمگار
یا شاہ نجف آن کے تم جلد خبر لو
در در ہمیں اونٹوں پہ پھراتے ہیں ستمگار

لاشہ شہ بیکس کا تڑپتا ہے چھوڑو اسکو نہ ستاؤ
اٹھیں گے ابھی قبر سے اسکو نہ اٹھاؤ بیمار ہے عابدؑ
ماما ہے تو میرا ایک ستمگار نے بھی آہ فریاد و فریاد
ہر چند کہا روح نبیؐ کو نہ ستاؤ بیمار ہے عابدؑ

نوحہ دیگر

افسوس جسے فاطمہ زہرا نے ہو پالا
سر اسکا رکھے نیزے پہ لاتے ہیں ستمگار
زینب نے کہا نعش سے یوں سرور دیں کی
بھیا تری زینب کو رلاتے ہیں ستمگار
زندان میں سجاد کو آرام نہیں ہے
سوتے ہیں تو زنجیر ہلاتے ہیں ستمگار

جن کے در اقدس پہ فرشتے ہوں دربان
درانہ اسی خیمہ میں آتے ہیں ستمگار
ہیں آیۂ تطہیر کے مالک جو جہاں میں
ظالم کے انہیں سامنے لاتے ہیں ستمگار
ان ناریوں کو خوف نہیں روز جزا کا
تنور میں سر شہ کا چھپاتے ہیں ستمگار

سادات کو اک قطرہ بھی پانی نہیں دیتے
خود پیتے بھی ہیں اور بہاتے ہیں ستمگار
یوں لاش سے کبریٰ کی بیاں کرتی تھی بانو
پیارے تری بیوہ سے چھڑاتے ہیں ستمگار
مادر کو تو ان ظالموں سے آکے چھڑا دو
قیدی مجھے کر کے لئے جاتے ہیں ستمگار

سب اہل محلہ مجھے رونے نہیں دیتے
کیوں روکتے ہیں آپ ہی سمجھایئے بابا
الجھے ہوئے ہیں بال اٹی خاک ہے سر میں
سلجھائے اور سر مرا دھلوایئے بابا
کس سے کہوں کوئی نہیں فریاد کو سنتا
اس دل کی لگی کو مری سمجھایئے بابا

بلوائے بابا یا آیئے بابا
صغرا کو وہ منہ چاند سا دکھلایئے بابا
تنگ آگیا دل روز دوا پینے سے میرا
اب شربت دیدار بھی پلوایئے بابا
قربان گئی بھائی کے یا عمو کے ہاتھوں
خط بھیج کے جلدی مجھے بلوایئے بابا

سرور نے کہا گودی میں معصوم کو لے کر
اصغر نہیں میدان میں لاتے ہیں ستمگار
اشرف کو بھی اب روضۂ اقدس پہ بلاؤ
یا سید کونین ستاتے ہیں ستمگار

نوحہ دیگر

ماں کی پھپھی کی چھڑا گئے مرے لے بیدرد
چھپتی ہیں وہ بیر گھر جس میں خوشی ہے آپ کی
آپ ہنستوں دل ملول بہر خدا و رسول
میں نے کیا سب قبول جس میں خوشی ہے آپ کی
آپ نے جب سر دیا مجھکو یہ عذر کیا
میری تمہی ہے رضا جس میں خوشی ہے آپ کی

نوحہ

کہتے تھے عابد پدر جس میں خوشی ہے آپ کی
ہم نہ کیا ہیں گے صبر جس میں خوشی ہے آپ کی
سب ہاتھوں شہید جفا ہے لٹ گئے زین العبا
ہائے یہ سعد [illegible] جس میں خوشی ہے آپ کی
خیمہ کو لوٹیں لعین آگ دیں پھر اہل کین
دیکھا کروں میں حزیں جس میں خوشی ہے آپ کی

بیچ بیابان مضطر [illegible] کرو دعا [illegible]
تو پیارے [illegible] ناسم [illegible] ہوں
پھر اس تباہی سے مرے کچھ زبانی نکرے
اک یک [illegible] خدا لئے ناسم [illegible] ہوں
بچپن ہو کرتے [illegible] پھر اب [illegible]
تقریر یہ پڑا [illegible] ناسم [illegible] ہوں

چھوڑ کے صغرا کو تجھے کونسا دن پائیگا
اُجڑا جو یہ گھر بسے کونسا دن ہووے گا
آئیگی شہ کی خبر سن کے در شہر پر
لینے کو سب گھر چلے کونسا دن ہوئیگا
کہتی تھی دروازے پہ صغرا کہاں ہو مجھے
پوچھے جب آئیں گے کونسا دن ہوئیگا

چھین لے شمر ان کے کانوں سے اسکے گہر
یہ بھی میں دیکھوں پدر جس میں تھی تو بچی
حشر تھا عباس واں اُنکی ہی تھا بیاباں
راضی ہوں میں یا بابا جاں جس میں تھی تو بچی

نوحہ دیگر

پاؤں میں ہوں بیڑیاں ہاتھ میں ہوں طوق گراں
سب کے چلوں کارواں جس میں تھی تو بچی
اونٹوں پہ سب ہوں سوار ننگے سر و اشکبار
تھامے ہوں میں ان کی مہار جس میں تھی تو بچی
دیکھوں بہن کا یہ حال [illegible]
مجھکو نہ آئے ملال جس میں تھی تو بچی
[illegible]

دیکھ کے روٹھے ہوئے کنبے کے چھوٹے بڑے
سارے سنائیں مجھکو کونسا دن ہووے گا
کر کے تصور کبھی کہتی تھی اصغرؑ علی
صدقے بہن دیکھے کونسا دن ہووے گا
دیکھ کے جب تو مجھے صحن میں پھرتے ہوئے
مجھکو اشارہ کرے کونسا دن ہووے گا

چاروں طرف بیٹھیں سب طوطی سی بیبیاں
سجدے کروں شکر کے کون سا دن ہووے گا
پوچھیں جو اماں پھپھی فاطمہ کیسا تھا جی
پھیروں منہ روٹھ کے کونسا دن ہووے گا
رو کے پھر اس دم کہوں جیتی رہوں یا مروں
اب تمہیں کیا کام ہے کونسا دن ہووے گا

دوڑوں میں کہتی ہوئی بابا ہیں حاضر ہوئی
صدقے اس آواز کے کونسا دن ہووے گا
صحن میں کری بچھے شاد ہو دل دیکھ کے
شاہ کو بیٹھے ہوئے کون سا دن ہووے گا
پہلے تو قربان جاؤں آنکھوں سے تلوے لگاؤں
پاس کے گل کرنگی کون سا دن ہووے گا

لو سونپا خدا کو تمہیں اس آن سدھارو اللہ نگہبان
پھر چاند سی صورت مجھے تم اپنی دکھانا بھیا
جب منزل مقصود کو تم جیتے پہنچو تو پھر تسلی
سوغات مرے واسطے کوئی سفر سے بھیجو بھائی
یا بابا مرے گھر شہر وہاں جا کے بسا دو دل وہیں
صغرا کو نہ دیدار سے کیجیو کبھی دور تم بھائی

اکبر کی طرف دیکھ کہا صغرا نے رو کر جلد آئیو بھیا
گر دیر لگی تم کو تو جینا [illegible] بھائی
صغرا چھوٹا ہے بڑی پڑتی ہے گرمی
پیاسا ہو تو پانی اسے لا کر پلائیو بھائی
مر جاؤں جو رو رو کے میں فرقت میں تمہاری [illegible]
گر ہو سکے تو قبر وطن ہی میں آ کر بنوائیو بھائی

نوحہ

جلدی سے تجھکو اٹھاؤں اپنے گلے سے لگاؤں
خوب تو کھل کر ملنے کون سا دن ہووے گا
رحم کرے کبریا بخشے صلہ رونے کا
دیویگا نصیبہ ترا کونسا دن ہووے گا
پھر زیارت میں آپ کی بادشاہ دیں
کرب و بلا کو چلے کونسا دن ہووے گا

مرجاؤں گی گر ہو گئی نہ اس سنی قریب بس
ہر بار یہی کرتی وہ گفتار ہے صغرا
لے میرے بھیا آ کے مری جان لبوں پر
یہاں تپ میں شب و روز گرفتار ہے صغرا
جز خانہ تاریک نہیں کوئی بھی ہمدم
اب اپنے غم و درد کی غمخوار ہے صغرا

نوحہ

بیمار ہے صغرا ناچار ہے صغرا
دیدار حسینا کی طلبگار ہے صغرا
جب دیکھتے ہی دیکھتے گھر ہو گیا ویراں
اس واسطے ہر چشم سے خونبار ہے صغرا
مل جائے اگر اس کا مسیحا تو بھلا ہے
ورنہ وہ ابھی دنیا سے بیزار ہے صغرا

گر تمکو شہ دیں یہاں آنے نہ دیں لینے کو بھیا
عباس کو یا قاسم ذیشاں کو جا کر بھیجو اے بھائی
افسوس چلے چھوٹے بڑے گھر سے مرادیں ہی گئی بھیا
جس طرح سے بچے کو وطن میں چلے لیکر چھوڑا اے بھائی
خاموش ہو گئے یہ لکھ زاری صغرا نے رو رو کے بھیا
در پر کھڑی کہتی تھی یہی ہر پہر جلد آؤ بھائی

ننھے سے دل پہ ستیں برچھیاں سی چل گئیں
سکے پھپھی کا کہا گور میں رکھ آئی ہیں

نوحہ دیگر


لے جاؤ گے بھائی بلاؤ گے بھائی
صغرا کے بھی لینے کو کبھی آؤ گے بھائی

کریہ تجلی بار بار کر تو یاں نثار
مردہ ترے باپ کا گور میں رکھ آئی ہیں
سترہ تن لالہ فام تجھ سے ہوں کس کس کا نام
باپ کا کنبہ بھرا گور میں رکھ آئی ہیں
کرتی ہوں قصہ میں طے چھوٹے بڑوں کو ترے
زین العبا کے سوا گور میں رکھ آئی ہیں

بابا سے ذرا کہدو کہ حیدر پہ ہو آساں
یہ بحر غم و یاس میں سرشار ہے صغرا

نوحہ دیگر

بولی پھپھی فاطمہ گور میں رکھ آئی ہیں
پوچھے جو سکنہ کو تو کیا گور میں رکھ آئی ہیں




چھوڑ کے تم کو اکیلا کیونکہ جیوں گی پدر
اسکے کرو گے بکا چھوڑ نہ جاؤ مجھے
ای سی تو میری جان اسپہ یہ غم الامان
مجھ سے بھلا کیا کہا چھوڑ کے جاؤ مجھے
ایسے تو جینے سے ہائے کاش مجھے موت آئے
سن نہ ہو جیتے کا چھوڑ کے جاؤ مجھے

صغرا نے رو کر کہا چھوڑ کے جاؤ مجھے
اے شہ سرور سرا چھوڑ کے جاؤ مجھے
ایک تو بیمار ہوں دوسرے یہ غم سہوں
مجھ میں یہ طاقت کہاں چھوڑ نہ جاؤ مجھے
سوچو تو بابا ذرا سا رہے کنبہ چلا
میں نے بھلا کیا کیا چھوڑ کے جاؤ مجھے


آہ یہ تصور کہ یہاں بیٹھے تھے آپ
روتی ہوں دلاسا مجھے دیجائیے عمو
مقصود علی اسکو نہ کچھ واں کی خبر تھی
وہ کہتی رہی ہائے اب آ جائیے عمو

نوحہ دیگر

[illegible]



[illegible]



[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

نوحہ

فرماتے تھے بابا بتلائیے بابا
کس سینہ پہ سوؤں مجھے سمجھائیے بابا
عرصہ ہوا کس سمت سدھارے ہیں صدقے
صورت تو مجھے آن کے دکھلائیے بابا
اب صبح کے جنت سے چچا جان کو میرے
اس اپنی سکینہ کو بھی بلوائیے بابا


ٹھوکریں مجھ کو نہ مار کہتا ہوں میں بار بار
ظلم سے تو باز آ دیکھ میں بیمار ہوں
پاؤں میں میرے لے جاتے ہیں چھالے پڑ گئے
اتنا نہ مجھ کو ستا دیکھ میں بیمار ہوں
اب نہیں تاب ستم روکے واصف ظلم
کہتا تھا عابد ٹھہر جا دیکھ میں بیمار ہوں


تپ کے سبب سے تھکی چل نہیں سکتا ہوں میں
مجھ پہ نہ ہو تو خفا دیکھ میں بیمار ہوں
پاؤں میں زنجیر ہے طوق گلو گیر ہے
میری نہیں کچھ خطا دیکھ میں بیمار ہوں
غیظ سے تلوار کے دیتا ہے دھکے مجھے
کرتا ہے کیا یہ جفا دیکھ میں بیمار ہوں

یہ کیسے مسلماں ہیں سب کوئی نہ شاکی
بے پردہ کیا آل کو محبوبِ خدا کی
جب شمر نے شبیر کو مقتل میں کیا قتل
چلاتی تھی زہرا کہ دہائی ہے خدا کی
معصومہ سے رانڈ کا یہ لے دخترِ حیدر
گویائی اسے بخشی فصیح الفصحا کی

اے بھائی تری لاش کو کیونکر میں کفن دوں
ہیں آپ ہی اب ہو گئی محتاج ردا کی
افسوس مجھے بھی ہے یہی اے کاش یہ ہوتا
مرجاتی میں قبل اس سے کہ بھائی نے قضا کی
نانا کی اس امت نے نواسہ کو یوں مارا
لعنت ہو لعینوں پہ ہر اک آن خدا کی

بے وارث کر چادریں اور مقنعے اتارے
بالیں نہیں حق میں لعینوں کے دعا کی
بھائی کو مرے ذبح کیا شمر لعیں نے
خیمے کو جلایا یہ لعینوں نے جفا کی
گوہر بھی سکینہ کے لئے زخمی کئے کان
کچھ سمجھے نہ بیٹی ہے شہنشاہ شہدا کی





[illegible]

نوحہ

لاتے ہیں زین العبا راںڈوں کا یہ قافلہ
آتا ہے روتا ہوا راںڈوں کا یہ قافلہ
شام کو روتا چلا جان کو کھوتا چلا
کپڑے بھی کالے رنگا راںڈوں کا یہ قافلہ
کرب و بلا دیکھ کر کھول دئے سب نے سر
کرتا ہے ماتم بپا راںڈوں کا یہ قافلہ

لاشۂ شبیر پر روتا ہے یوں پیٹ سر
جائے کہاں پہ بھلا راںڈوں کا یہ قافلہ
جائے بھلا کیا وطن مر گئے شاہ زمن
کرتا ہے ہر دم بکا راںڈوں کا یہ قافلہ
فاطمہ کا نازنیں جاتا ہے زیر زمیں
غسل و کفن دے چکا راںڈوں کا یہ قافلہ

یا نبی فریاد ہے یا علی فریاد ہے
دیتا ہے رو رو صدا راںڈوں کا یہ قافلہ
دفن شہ دیں کو کر گھر رہا ہے پیٹ سر
خاک میں یہ سب ملا راںڈوں کا یہ قافلہ
چہلم شاہ ہدیٰ کرتے ہیں زین العبا
روتا ہے منہ پیٹ کر راںڈوں کا یہ قافلہ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

امت عاصی کی جو حق سے سفارش کرے
اس شہِ غمخوار کا آج ہے چالیسواں
لاش پہ شہ کی کھڑی فاطمہ کرتی تھی بین
اس مرے دلدار کا آج ہے چالیسواں
ہو گئے چالیس دن مارے گئے ہیں حسین
عاشقِ غفار کا آج ہے چالیسواں
تو بھی عطا پیٹ سر ہے یہ قیامت کا دن
دین کے سردار کا آج ہے چالیسواں

نوحہ دیگر

پڑی لاشہ پہ زینب یہ کہہ کر
آج چہلم کو آئی ہے خواہر
وہیں کر صدا اے برادر
آج چہلم کو آئی ہے خواہر
سنو حالت بہن کی کہ واری
آ کھڑی ہے یہ خواہر تمہاری
قید ہو کر پھری جو کھلے سر
آج چہلم کو آئی ہے خواہر
آپ جنت کو جب سدھارے
ہو گئے ہم مصیبت کے مارے
ایسے قید مصیبت سے چھٹ کر
آج چہلم کو آئی ہے خواہر
آپ سنئے تو میری کہانی
بعد حضرت کے جو حالت بیتی
سر کھلے لے گئی فوج در در
آج چہلم کو آئی ہے خواہر

وہ ظالم ہے پرچھیں یہ ظلم نہ کرتا بی بی پہ بی بی کی زہرا
تو کاہے کو یہ مشکل یہاں ہوتی تمہاری اے دختر
اے زینب خاتون پرستاریں تمہاں اے عاشق شبّر
کچھ آخری خدمت میں لونڈی ہوں تمہاری اے دختر زہرا
فضہ یہ بیاں کرتی تھی رو رو کے بیمار سجاد پکارے
بابا کی شہادت بھی شہادت یہ تمہاری اے دختر زہرا

اشرف کو بھی بہرِ حیدر کرار بخشنا وصدا ہے
اے بنت علی فاطمہ زہرا کی دلاری اے دختر زہرا

نوحہ دیگر

اربعین کے سوگوارو الوداع
شاہ دیں کے دوستدارو الوداع

خاتمہ بالخیر چہلم کا ہوا
الوداع اے اشکبارو الوداع
کہہ رہے ہیں مرقدوں پر اہل بیت
فاطمہ زہرا کے پیارو الوداع
دشت سونا پاس بستی بھی نہیں
بے دیاروں کے مزارو الوداع

قبر پر بیٹھوں گی زینبؑ نے کہا
ماں وطن جاتی ہے پیارے الوداع
تو بھی اپنا پیٹ کر سر کہہ دو پھر
فاطمہؑ کے گل عذار الوداع

نوحۂ دیگر

قبر سے آواز ہوتی تھی بلند
یوں بہن زینبؑ سدھارے الوداع
بچیہ و مریم نہ زخموں کا ہوا
مرتضیٰ کے رشتہ دار الوداع
گھر کہیں قبریں کہیں کنبہ کہیں
اے غریب بے دیار الوداع

کربلا کے چاند کو سونپا تمہیں
عرش اعظم کے ستارے الوداع
اکبرؑ و اصغرؑ علی کی ضیا بنی
نوجوان نو شیر خوار الوداع
کہتی تھی زینبؑ یہ قبر شاہ سے
تم بھی زینبؑ کو پکارو الوداع

اکبر کا نیزہ کھا کے چھتی سے چھدا اصغر کا گلا تیر سے چھدا
اور حلق پہ خنجر تیرے چلا مرے بیرن پیارے بچھڑا لو
کبری یہ تمہاری جانی ہے اور جا کے سینہ پہ لگالی ہے
فریاد یہ تم سے لائی ہے مرے بیرن پیارے بچھڑا لو
اے بھائی تمہارے خیمہ جلا اور قیدی ہو کر ہم بھی چلے
بابا اک بس میں نا رہ گئے مرے بیرن پیارے بچھڑا لو

اے بھائی خدا کا فضل ہوا ہم لاش تمہاری سے چلے
اک شیر خدا کا بچی ہے مرے بیرن پیارے بچھڑا لو
اک عابد قیدی آیا ہے اور طوق اسے پہنایا ہے
فریاد یہ تم سے لایا ہے مرے بیرن پیارے بچھڑا لو
عابد یہ مجھے سمجھاتے ہیں میں روتی ہوں شرماتے ہیں
ہم سوئے بے سر جاتے ہیں مرے بیرن پیارے بچھڑا لو

پیر سنا کے زینب کہتی تھی سے بیرن پیارے بچھڑا لو
ہم آنکھیں ڈھکنے کو ہے مرے بیرن پیارے بچھڑا لو
دیکھو سنو سکینہ پیاری کا ڈر چھین لیا بیچاری کا
اس درد والم کی ماری کا مرے بیرن پیارے بچھڑا لو
مجھ سے کہ تمہارے آئی ہوں سب کنبہ قیدی لائی ہوں
ہمشیر تری ماں جائی ہوں مجھ بیرن پیارے بچھڑا لو

کرتی تھی سکینہ یہ بیاں با دل مضطر مارے گئے عباس
مجھ پیاسی کی خاطر سے لب شط پہ جا کر مارے گئے عباس
سب مجھ سے چھپاتے ہیں نہیں کوئی بتاتا مجھ خستہ جگر کو
کس طرح گرے گھوڑے سے میدان میں کیونکر مارے گئے عباس
ہیں خیمہ کی ڈیوڑھی پہ کھڑی دیکھ رہی تھی سکینہ
ناگاہ یہ چلایا ستمگاروں کا لشکر مارے گئے عباس

کرتی تھی سکینہ یہ بیاں تو نہیں کیا ہے امید کی کر
خیمے میں یہ فرمانے لگے سبط پیمبر مارے گئے عباس
زینب نے کہا پیٹ کے سر سبط نبی سے صدقے گئی بھائی
کیوں بیٹھے تم بالی سکینہ کے نہ سر پر مارے گئے عباس
یہ آپ سمجھ لیجئے مر جائے گی فوراً وہ نازوں کی پالی
جس وقت سنے پائے گی وہ آکی دختر مارے گئے عباس

کیونکر بیاں کیا کرے محشر ہوا برپا فغاں سے
خیمے میں یہ فرمانے لگے سبط پیمبر مارے گئے عباس


نوحۂ دیگر

چلاتی تھی بانو کہ گئے تیر سے مارے جانی علی اصغر
پانی نہ پیا پیاسے ہی کوثر کو سدھارے جانی علی اصغر

اس گردن مجروح میں پہنچی جو دو ہی ہنسلیوں کے
وہ طوق بھی منت کا لعینوں نے اتارا میرے جانی علی اصغر
یہ تو کہو دوں تمکو کفن اپنی ردا کا یا شہ کی عبا کا
کپڑا تو نہیں اور کوئی پاس ہمارے جانی علی اصغر
تھا حشر بپا کہتی تھی جسوقت یہ بانو سر پیٹ کے رو رو
بیٹا واے ماں کہکے یہ پکارے جانی علی اصغر

اماں نے کوئی سالگرہ کی نہ تمہاری شش ماہی تو ہوئی
دولہا نہ ہوئے نکلے نہ ارمان ہمارے جانی علی اصغر
آتی ہیں کہاں سے کہ جو اب ڈھونڈ کے لاؤں کر تیر جو چھلا
اکبر کی طرح خون میں تم بھر گئے سارے جانی علی اصغر
سب اہل حرم خاک اڑاتے ہیں سر و بر شاہ بس
چلاتی ہوں رو رو میں سرہانے پہ تمہارے جانی علی اصغر

ہمکاریاں بھرتے تھے ابھی کیا ہوا ہمکو بتا تو سسکیں
جھولے ہیں جو کرتے نہیں پانی کے اشارے جانی علی اصغر
میں سمجھی تھی آئی ہے تجھے موت کی ہچکی لب ہیں یہ سمجھی
تم یاد مجھے کرتے ہو نہر کے کنارے جانی علی اصغر
صدقے گئی کرتے جو سلے رکھے ہیں اصغر تیار و لو لم
پہناؤں کسے بس شہ کے تمہارے جانی علی اصغر




ہائے اندھیری گور میں بیٹا
آ گئی تجھ کو نیند کیونکر
رات کو آتی نیند نہیں ہے
تیرا تصور رہتا ہے شب بھر
شام کو جنگل کیوں ہو سدھارے
آؤ بلاؤں روتی ہے خواہر

راتوں کو واری تیرا تصور
سانپ سا سینے پھرتا ہے دل پر
اٹھے سن میں گور بسا لی
ہائے اجاڑا پہلو ہے مادر
ننھے سے قبرے میں واری
مجھ کو بلالے گور کے اندر

تو کیا اب سوتا تنہا اصغر نیند آئی ہے جنگل میں کیونکر
کیسی تجھ کو یہ تنہائی بھائی ہے اے اصغر کہاں تم سدھارا

نوحہ دیگر

آجا اصغر آجا دلبر
گودی سونی رنج ہے دلبر



[illegible] بجتے ہیں وردی پہن سجتے ہیں
[illegible] رضا جان دو لو وہ سحر ہو گئی
آئی ہے پیہم صدا کرتا ہے کوئی بکا
یارو ذرا تو اٹھو لو وہ سحر ہو گئی
پیاسو تیمم کرو اٹھو کہ نمازیں پڑھو
یاد خدا میں مرو لو وہ سحر ہو گئی

نور کا پیہم ظہور ہے دیکھو تو کیا [illegible]
خیر سے کلمہ پڑھو لو وہ سحر ہو گئی
بولتے ہیں جانور گویا کہ ہیں نوحہ گر
شور ہوا اُن کا سنو لو وہ سحر ہو گئی
کر کے نظر بر خدا راضی بحکم خدا
مستعد جنگ ہو لو وہ سحر ہو گئی

بانو کا بیان سنکے ہر اک پیٹتا تھا سر
[illegible] کوئی کہتا تھا مری جان سکینہ ۲

نوحہ دیگر

شہ نے کہا دوستو لو وہ سحر ہو گئی
اٹھو عبادت کرو لو وہ سحر ہو گئی

[illegible]

نوحہ

بولے امام زماں صبح شہادت ہے آج
دو علی اکبر اذاں صبح شہادت ہے آج
پڑھ لو نماز آخری کر لو نیاز اس گھڑی
ہو گی قیامت عیاں صبح شہادت ہے آج
یاد میں حق کی مگر میرے گلے خشک پر
ہووے گا خنجر رواں صبح شہادت ہے آج
رب کی کرو بندگی حق ہے سرافگندگی
ہے وہ شہ انس و جاں صبح شہادت ہے آج
بھولو نہ اسکو کبھی ہے یہی بس زندگی
فانی ہے یہ سب جہاں صبح شہادت ہے آج
نیکی جو کچھ کرنی ہو کر لو وہ اے دوستو
دیکھئے کیا ہو وہاں صبح شہادت ہے آج
حق پہ نظر تم رکھو اور تہ دل کرو
نام خدا ورد جاں صبح شہادت ہے آج


نوحہ دیگر

شہ نے کہا اے حرم مارنا مطلق نہ دم
جب ہو مرا سر قلم مارنا مطلق نہ دم

نہر سے پیاسے گئے ہائے ترا سے گئے
اس کا بھی کرنا نہ غم مارنا مطلق نہ دم
موت کا دن آنا ہے سب کو وہیں جانا ہے
حکم خدا بر سرم مارنا مطلق نہ دم
کیسا براہ رضا بابا نے سر دیدیا
بھائی نے کھایا ہے سم مارنا مطلق نہ دم

پانی سے ترسائیں گے قید میں لیجائینگے
ہوں گے الم پر الم مارنا مطلق نہ دم
عابد بیمار ہے قافلہ سالار ہو
ہوگا اسے رنج و غم مارنا مطلق نہ دم
ساتھ ہو جب قافلہ بالوں سے منہ چھپا
نیزوں پہ سر ہوں علم مارنا مطلق نہ دم

سر کو کٹائیں گے ہم گھر کو لٹائیں گے ہم
ظلم اٹھائیں گے ہم مارنا مطلق نہ دم
کوفہ کا دربار ہو شام کا بازار ہو
صبر سے رکھنا قدم مارنا مطلق نہ دم
دُرّے بدن پر لگائیں نیزے کی نوکیں کھائیں
لاکھوں کریں گو ستم مارنا مطلق نہ دم



[illegible]

اس نوحہ کو بھی تیری چھاتی کا تھی یا نصیب زیر دیگر
ہائی تھی کہ میں کیا کروں شبیر کو مارا دیکھو رے نانا

نوحہ دیگر

پیرہن کے زینب نے کہا رن کو چلا والے سید مظلوم
بیوارثی پردیس میں ہمکو نہ بنا والے سید مظلوم

پیشانی کو تھی چومتے نبی شہ دیں کی وہ پیہم عادی سے
ہر سر کے زخم پہ اک تیر کو مارا دیکھو رے نانا
اٹھارہ برس تھا جو اس نے بچی پالا تھا گھر کا اجالا
اس ماہ لقا احمدی تصویر کو مارا دیکھو رے نانا
کیا صبر کیا شکر کیا دم نہیں مارا زہرا کا پیارا
راضی برضا تابع تقدیر کو مارا دیکھو رے نانا

قاسم کو کیا قتل اور اکبر کو بھی مارا دل کر دیا پارا
کس ظلم سے کہوں اصغر بے شیر کو مارا دیکھو رے نانا
میں کہتی رہی ہے یہ محمد کا نواسہ اور وہ ہے پیاسا
شبیر کو اور لشکر شبیر کو مارا دیکھو رے نانا
دی دوش پہ اپنے تھی سواری جسے نانا واحسرت و دردا
بے دینوں نے اس صاحب توقیر کو مارا دیکھو رے نانا

کہتی ہے مجھے شمر نے مارے ہیں طمانچے فریاد ہے فریاد
بے کس جو سنہ پر ہیں مرے ہاتھ کو ستا وائے سید مظلوم
مجبور ہوں کیا کہ کہا ہے نہیں جاتا دل ہوتا ہے ٹکڑے
اے مومنو تم پیٹو اور اشک بہاؤ وائے سید مظلوم

نوحہ دیگر

آ بیٹھو در خیمہ پہ ہیں ظالم و بیدیں تیغیں ہیں نکالا
ڈرتی ہے سکینہ اسے دامن میں چھپا لو وائے سید مظلوم
بابا تو نے بڑھا ڈالی ہے اب خیمہ میں بیٹھی ہے وہ پر غم
تم ان کے سنہ پہ ذرا آ کے بٹھا لو وائے سید مظلوم
در کانوں سے ظالم نے سکینہ کے لیے ہیں روتی ہے وہ دکھیا
کرتا ہے بھرا خون میں تم آ کے دھلا لو وائے سید مظلوم

اماں کو کبھی بابا کو کبھی نانا کو کبھی روتی ہے بھائی حسن کو
اب غم میں ہے شہ اے تجھے تم پاس بلا لو وائے سید مظلوم
اکبر ہے نہ قاسم ہے نہ عباس علمدار عابد ہے سو بیمار
غمخوار رہا کون ہمارا ہے بتا دو وائے سید مظلوم
افسوس کہ خیمے جلیں اور گھر لٹے سارا ہوں بے حرم قید
اور خنجر بیداد سے تم حلق کٹا دو وائے سید مظلوم

[illegible]

سرور نے کہا کیا نظر آتا نہیں تم کو یہیں قتل ہے [illegible]
زہرا کہاں چلاتی ہے بادیدۂ خونبار عباس علمدار
اک سمت کھڑے حمزہ ہیں اک سمت ہیں جعفر [illegible]
روتے ہیں کھڑے ایکطرف احمد مختار عباس علمدار
مرضی ہو تمہاری تو نہیں پہچان بھائی جی میں [illegible]
تاوان سکینہ کی بہت تشنۂ دیدار عباس علمدار

کی عرض یہ عباس نے یہ قصد نہ کر لے سبط پیمبر
ہووے گا سکینہ کے سوا اب رو رو کے نزار عباس علمدار
گردوں نے مری خاک میں صحبت ملا دی افسوس صد افسوس
اب زندگی اپنی ہے سو جانے ہے بیزار عباس علمدار
اب تا بہ قیامت نہیں سر کو [illegible]
رکھتا نہیں اب خیمہ کے جانے کی سرو کار عباس علمدار

شبیر نے فرمایا سکینہ یہ کہے گی گر تم نہ گئے واں
آئے جو نہ تم پاس مجھے کرتے تھے تم پیار عباس علمدار
دلگیر تو ہو دل جو بجا ابن علی کا یہ مجکو یقیں ہے
فرمائیں گے اب ضد کا [illegible] عباس علمدار

نوحہ دیگر

یہ شکل تری مجھ سے تو دیکھی نہیں جاتی ہے چھاتی
ہا ہائے لعینوں نے مری کوکھ میں خنجر ہائے ہائے علی اکبر
یہ آگ مری آتما کی کیونکہ بجھے گی کس طرح یہ بھڑکی
کس سے کہوں سوزش ہے جو کچھ سینہ کے اندر ہائے ہائے علی اکبر
تا حشر یہ پیاری رہے گی گور کے اندر اس درد و الم کی
ہر گز نہ کٹے گی یہ مری پیاس مرے ہائے ہائے علی اکبر

اک بار کسی کو بھی نہ خوف ہی دل سے بچایا اور تجھکو کیا قتل
کافر تھے مسلمان تھے کیسے تجھے [illegible] ہائے ہائے علی اکبر
چھاتی کا تری دیکھ کے سوراخ ہائے پھٹا ہے کلیجا
فریاد کروں کس سے میں قسمت جلی کیونکر ہائے ہائے علی اکبر
اٹھارہ برس کی یہ جوانی تری پیارا ہائے میں نہ پائی
کس ظلم سے مارے ہیں یہ ناوک و خنجر ہائے ہائے علی اکبر

بانو نے کہا پیٹ کے سر خاک اڑا کر ہائے ہائے علی اکبر
کس طرح کا نیزہ یہ لگا چھاتی کے اوپر ہائے ہائے علی اکبر
ہمشکل نبی تجھکو لعینوں نے نہ جانا اے احمد ثانی
اور تجھکو نہ سمجھے خلف سبط پیمبر ہائے ہائے علی اکبر
کیا ان کو نہ معلوم تھا ہے زہرا کا یہ پوتا یہ سرور خوباں
سر کر دیا قلم ہائے لعینوں نے تیغ سے کیونکر ہائے ہائے علی اکبر

ہائے مرا نازنیں ہائے مرا مہ جبیں
بیکسی میں بھی نہیں شبر جواں مر گیا
شبر مرا سوتا ہے دیدۂ دل روتا ہے
ٹکڑے جگر ہوتا ہے شبر جوان مر گیا
سینہ پہ کھا کر انی حق پہ فدا جان کی
خاک مری زندگی شبر جواں مر گیا

کس کی تھی یا نوبہن شبر جواں مر گیا
ہو گئے بیکس حسینؑ شبر جواں مر گیا
گھر کا اجالا مرا گودی کا پالا مرا
گیسوؤں والا مرا شبر جواں مر گیا
ہائے نمازی مرا شاہ حجازی مرا
اکبرؑ غازی مرا شبر جواں مر گیا

لٹ گئی میں کیا وحشت اس بلا میں گردش سے فلک کی
جو تجھ سا مرا چاند ملا خاک کے اندر رہے ہی علی اکبرؑ
یہ حیدری نے کیا کہوں وہ نوحہ کہا ہے جو مجھ سے فزوں
جس نے یہ سنا کہنے لگا آنسو بہا کر ہوئے علی اکبرؑ

نوحہ دیگر

نوحہ نہ پڑھے اے دبیر کی یہ حالت ہے تیز
کہتے ہیں خورد و کبیر شبیر جواں مرگیا

نوحہ دیگر

کرتی تھی بانو بکا ہائے مرے اکبر علی
کشتۂ کرب و بلا ہائے مرے اکبر علی

ساتھ مرا چھوڑا ہے جیتا کڑھوں تھوڑا ہے
گود میں دم توڑا ہے شبیر جواں مرگیا

تھک کے ہے بیٹھا ہوا اٹھتے ہیں سب سست پا
دم نہیں لیتے گو ذرا شبیر جواں مرگیا

ہائے اجل آگئی موت انھیں بھا گئی
کس کی نظر کھا گئی شبیر جواں مرگیا

ہائے جواں مرگیا جس پہ پدر سے گیا
ماں کو دغا دے گیا شبیر جواں مرگیا

ڈھونڈنے جاؤں کہاں دیکھیں آؤں کہاں
اُن کو میں پاؤں کہاں شبیر جواں مرگیا

بیاہ نہ اس کا رچا دل کا نہ مطلب ہوا
سر پہ نہ سہرا بندھا شبیر جواں مرگیا

دھاریں لہو کی چھٹیں چہرۂ پرنور پر
دیکھا نہ سہرا ترا ہائے مرے اکبرؑ علی
ہائے مرا نوجوان سال تھا اٹھارواں
کیا یہ یکایک ہوا ہائے مرے اکبرؑ علی
آنکھیں نہیں کھولتا منہ سے نہیں بولتا
ماں سے گر ہے خفا ہائے مرے اکبرؑ علی

پیاس سے لب خشک تھے کہتا تھا العطش
پانی نہ تجھ کو ملا ہائے مرے اکبرؑ علی
ہائے میں جیتی رہی خاک مری زندگی
تجھ پہ یہ جور و جفا ہائے مرے اکبرؑ علی
بیاہ کروں گی ترا لاؤں گی تیری دلھن
میرا تو یہ قصد تھا ہائے مرے اکبرؑ علی

سینہ پہ برچھی ترے ہائے یہ کیسی لگی
لال ہے سر تا بپا ہائے مرے اکبرؑ علی
حیف جوانی تری حیف ترا یہ جمال
یوسف گلگوں قبا ہائے مرے اکبرؑ علی
ہائے کے دلدار پر جان کی اپنی فدا
تجھ پہ یہ مادر نثار ہائے مرے اکبرؑ علی

[illegible]

کن سختیوں سے میں نے تمہیں تھا پالا لال ابن شیر خدا
محنت پہ کرو غور مجھے تم نہ رلاؤ اے اصغر معصوم
اس مادر دلگیر کو کیوں کرتے ہو یوں افسوس صد افسوس
بیچارگی دل سے مری الفت نہ اٹھاؤ اے اصغر معصوم
تم مر گئے کیا لال جو سسکی نہیں سنتی تیری حالت
زینب کے ذرا منہ سے تو چادر کو اٹھاؤ اے اصغر معصوم

بانو نے کہا رو کے مجھے اپنا بتاؤ اے اصغر معصوم
حلقوم پہ ہے زخم کہاں جلد دکھاؤ اے اصغر معصوم
تم خون میں سر تا بقدم ہو گئے کیوں لال تغیر ہے احوال
اٹھ بیٹھو کرو باتیں مری گود میں آؤ اے اصغر معصوم
بند آنکھیں ہیں اور روتی ہے پھٹتی ہے چھاتی کی
تم غش میں ہو گر گیا احوال بتاؤ اے اصغر معصوم

سنتا نہیں فریاد مری ایک گھڑی کوئی مجھ کو کھلی کی
دی بھوں کھڑی کب سے تمہیں دکھلائی دو علی اصغر
اے حیدری تابان کہو کیا لکھوں میں فقیر حالی زار
جس طرح سے کہتی تھی وہ افلاک ستانی ہے دکھی اصغر

نوحہ دیگر

تم مر گئیں افسوس [illegible] پانی ہی پی چلی ہو جانی
دل ماتا میرا نہیں کچھ صبر سکھا وے اے صغرا معصوم

سینے لیجے جب نعش تو کہنے لگی بانو وقت یہ رو
کر حالی مری گود کو میدان میں جاوے اے صغرا معصوم

و بیا مری آنکھوں میں کس طرح بجالی جب گئی تو چلی
اور روادی پہ خوف کہ تم جا کے بساوے اے صغرا معصوم

کہہ کے یہ شاہ زمن [illegible] علی اکبر [illegible]
پھر کہا دیکھو بابا گردن کو کٹا وے اے صغرا معصوم

جیتی نہیں بیٹے کی بس اب سب نہ تم مر جائیگی کلثوم
[illegible] چھوڑا اپنا بہنوں پہ چھپا وے اے صغرا معصوم

کیا کیجے بچھڑن بہن آ مجھے پیار سکینہ کو بلائے
میں کیا کروں مجھکو بھی تیر بتا وے اے صغرا معصوم

پھر دوستو بہت گر گئی غش [illegible] بیمار تھی بیکل دلدار
سمجھاؤ کوئی ان چھوٹے سے بچوں کو تو اٹھاوے اے صغرا معصوم

پیاسی کی طرف سب ہیں بھی ہو گئے پیاسی گر گئی عباس
روتی ہے سکینہ ابھی تم جا کے مناوے اے صغرا معصوم

کلکا کی زباں کرتی نہیں [illegible] بیہوش کہیں ہو گئی
کچھ شغل کرو بہنوں پاس پانی لاوے اے صغرا معصوم

سب پاس ہے یہی زاد یہاں اور عترت حیدر کو بھی
ہوا نہ سدا فاطمہ کا سایہ واماں اے سبط پیمبر
ان بیبیوں میں ایک فقط میں ہوں گی زہرا کی کنیز
کس کی اپنی سمجھ کر مجھے لو سنگ ہمراہ کہ یاں اے سبط پیمبر
گر کو کھو دی ہے مری اس وقت بلا میں عدا کو ستم
ستم کا نگہ جدا کر مری جاؤ گے سو میداں اے سبط پیمبر

نوحہ

بانو نے پکار رو رو کے یہ نالہ و افغاں اے سبط پیمبر
تنہا مجھے چھوڑ کے جاتے ہو سوئے میداں اے سبط پیمبر
دو ماہ سے بھی تھی مجھے صرف یہاں ہمراہی کے وہ عزت و حرمت
تو جائیگا قربانی ترے گھر اور ماں اے سبط پیمبر
نے ساتھ اکبر ہے نہ گود میں اصغر پیارا ہو گیا
مر جاؤں گی تڑپ کے ترے بن میں یہاں اے سبط پیمبر

افسوس کہ کر دینگے تجھے خاک میں خوں دل ہے محزوں
دولت یہ مری خاک میں ہے یہ ملا دے اے شہ معصوم
چھپیرا بھی لے لال کے جاؤ ٹھکانہ ہوئے ویراں
مجھ بیکس و دلگیر کو لے ساتھ ہی جاؤ اے شہ معصوم
چھٹی ہے جسے یہی اور یہی کہیں رو کے تقی
ظاہر میں نہیں ہے گر خواب میں آ اے شہ معصوم

سجاد کی ہے وہ بیٹی وہ عزیزی ورثہ کی وہ مقتدا
پہنایا ہے ظالموں نے طوق ہے بھاری فریاد ہے فریاد
بابا کی ہے پوشاک مرا باپ چھٹا ہے سے سر و قدم تک
بیٹی ہے یہ سجے گھر سے ہوئی پوشاک ہماری فریاد ہے فریاد
اب پوچھیں سکینہ ہے یہاں غربت خاموش ہے ناظم
یا شام وہ منظر ہے کٹی ہے سر ہماری فریاد ہے فریاد

کہتی ہے یہ کیوں پیاسا مرا باپ وہ مارا گیا اسکا گلا
میں کس سے کروں واویلا لگی ہاری فریاد ہے فریاد
جس تن کے تئیں فاطمہ زادی نے تھا پالا لاکھوں ناز و نعم سے
اس تن پہ لگے تیغوں کے اب زخم ہیں کاری فریاد ہے فریاد
پھر ہاتھ اٹھا کر یہ کہتی تھی خدا سے وہ بالی سکینہ
اب باپ جی لو ہوگئی یا حضرت باری فریاد ہے فریاد

تن خاک پہ ہے سر ہے چڑھا نیزے کے اور زلفیں پریشاں
چادر ہے مرے سر سے لعینوں نے اتاری فریاد ہے فریاد
شبیر کے سر اور بھی نہیں مقنع رہا ہے تا کہیں تھوپا
اور بالو یہ ستم ڈھاتی ہے بابا کی پچاری فریاد ہے فریاد
پوچھیں لی کان سکینہ کے ہیں زخمی سے وائے مصیبت
اس درد سے روتی ہے یہ شبیر کی پیاری فریاد ہے فریاد

آخری دن کر گئے باتیں تو کر لیتے وے سے
ان کا کہا نہ بہت دیکھوں منہ باپ کا
سکے لاش ابھی اٹھی چلی جاتی ہوں
تیرا بگڑتا ہے کیا دیکھوں منہ باپ کا
جان نبی کو ابھی پیاسا تو ذبح کر
پانی منگا لیں ذرا دیکھوں منہ باپ کا

وہ ضعف و تپ وہ درد سر بیمار وہ ظلم اشقیا
احسان فرماؤ اگر چھاتی سے لپٹا لو مجھے

نوحۂ دیگر

بی بی نے شہ کی کہا دیکھوں منہ باپ کا
شمر نے کر سر جدا دیکھوں منہ باپ کا

وہ ستے تھے وہ پیراہن گردن تھی میری اور رسن
شاکر رہا ہر حال پر چھاتی سے لپٹا لو مجھے
زنجیر پہنے ننگے پا وہ منزلوں چلنا مرا
بابا مرے اس صبر پر چھاتی سے لپٹا لو مجھے
تنہائی کا صدمہ مرا سب سے زیادہ سخت تھا
مارا پھریں در بدر چھاتی سے لپٹا لو مجھے

پھر لوٹا ہیں لیکے وہ گوش سکینہ مشکل اصینا
فریاد ہے فریاد دہائی ہے دہائی بھیا مرے بھائی
سجاد کی صورت تو ذرا غور سے دیکھو اب ہیں بھی کو
ہے لوہے کی بیڑی سر اعدا نے پہنائی بھیا مرے بھائی
رسی ہیں گلے بارہ اسیروں کے بندھے ہیں اس طرح چلیں
وارث ہے نہ بیٹا ہے بھتیجا ہے نہ بھائی بھیا مرے بھائی

نوحہ

زینب نے یہ دی لاش برادر پہ دہائی بھیا مرے بھائی
قیدی ہوئی چہلم بھی ترا کرنے نہ پائی بھیا مرے بھائی
عباس علی قاسم و اکبر بھی سدھارے رہتی کئے کیا
بیٹے بھی فدا آپ پہ کی اپنی کمائی بھیا مرے بھائی
پیاسا تمہیں جب ذبح کیا فوج شقی نے تو دشمن دیں نے
گھبرا گئی یہ سن کے جو باہر نکل آئی بھیا مرے بھائی

اے شہ عالی مقام آخری لے لو سلام
اس لئے چہلم پہ تھا دیکھ لوں منہ باپ کا
فاطمہ کی پوتی کو سونپے کسے جاتے ہو
اب وہ زمانہ کہاں دیکھ لوں منہ باپ کا
پہنچی نہ تھی وہ حزیں کٹ گیا یاں سرِ شہ
دل میں رہا مدعا دیکھ لوں منہ باپ کا

صغرا نے کہا شام ہوئی آنکھیں نہ پھر آئے بابا
کس طور رہے دختر بیمار کا جینا پھر آئے نہ بابا
سنسان پڑے رہتے ہیں حجرے گھر روزہ ہے صبح تا شام
ویران ہوا ہائے بسا شہر مدینہ پھر آئے نہ بابا
پھر آئیں نہ بھیجیاں مری پھر آئیں نہ چھیاں پھر آئیں نہ بابا
پھر آئی نہ کبرا ہی نہ پھر آئی سکینہ پھر آئے نہ بابا

بھائی ہوں گئے شام خدا کو نہیں بھائے ولدِ زہرا
بہن آئی ہے میرے بھائی
حضرت پہ یہ ظاہر ہے سب اللہ کی بہن آئی ہے میرے بھائی
عالم پہ غم شاہ میں زینب کا بیاں ہے ہر ولیہ عیاں ہے
ہم مر گئے اور ہے مجھے موت نہ آئی ہے میرے بھائی

نوحہ دیگر

سر کٹ گئے ہیں لیکے چلے ہیں یہ گنہگار رہنا بھی ہو دشوار
بیٹی ہے صدا یا اسیا کی جاں ہے میرے بھائی
تم ہی پہ لب سطح یہ گھر دشت پڑے ہو خبر نہیں کچھ سکو
سر پہ نہ ڑا پاؤں نہ بچہ نہ کلائی ہے میرے بھائی
تا شام نہیں چھوڑے گے اسیجا کی با تم نہیں بنسی ہو
کس سے کہوں اے بھائی ہے قسمت کی بڑائی ہے میرے بھائی

ن میرے کبھی چین نہ پڑتا تھا پدر کو کہیں دم بھر
کیا بھول گئے میری محبت کا قرینہ پھر کے نہ آیا
جب [illegible] بھی تھی چاند کبھی تھی وہ [illegible] کیا [illegible]
لے کے ادھر گیا خالی ہی [illegible] بھی بہنا پھر کے نہ آیا
آتی تھی وہ بچی کبھی ڈر کے کبھی [illegible] کی [illegible]
شاید کہ لعینوں نے نکالا ہمیں کہیں پھر کے نہ آیا

ہاں قاسم صغرا کے بھی لب پہ سحر و شام پدر کی تھی تقریر
واں خیمہ میں بیٹھی ہوئی کہتی تھی سکینہ پھر کے نہ آیا
کرتا ہی پھرا خون میں اور کان کی چیرا [illegible]
اور در بھی مرے کان سے خون نے چھینا پھر کے نہ آیا
اب پاس نہیں ساغر جو [illegible] میں سدا ہر وقت مرے گئے
والدہ سے حسن آتا نہیں [illegible] پھر کے نہ آیا

وہ کیفیت یاں کیا کرے اس بچی کی زاری تاب کہاں ہے
سن سکے یہ نوحہ مرا بھر آیا ہے سینہ پھر کے نہ آیا

نوحہ دیگر

آج زہرا کا نالاں ہے یہ گھر سوا اس کا ویران ہوا
مر گیا شاہ ذیشان وہ ہی جان زہرا کی جان گیا

وہ جو اکبر شبیہِ نبی ہے اُسکے سینہ پہ برچھی لگی ہے
اور جو اصغر شبیہِ علی ہے اُسنے کھائی ہی پیکان ہے ہے
جسکے بالوں میں ہر آن ہر دم شانہ کرتی تھی میں ہو کے خرم
اسکی زلفوں کا ہے اب یہ عالم ہیں سناں پہ پریشان ہے ہے
لٹ گئی میری بانوئے شاہی شام کو پھر اکیلی ہو راہی
بیکسی پہ یہ آئی تباہی چھایا ہے طوفان ہے ہے

شادی قاسم کی جس جا رچی تھی کبرا دلہن جہاں کی بنی تھی
ہائے ہم شادی کی جس جا ہوئی تھی مکان اب بے سنسان ہے ہے
ہائے بستر ہری تمھاری خاک ہے اُسنے بالیں بنالی
میری پوتی کی چھینی ہے بالی سرِ زینب کا عریاں ہے ہے
میرے پوتے کو بیڑی پہنائی طوق نے اس کی گردن جھکائی
اُسکے سر پہ پڑی ہے جھائی غم سے کرتا ہے افغان ہے ہے

آ کے مقتل میں ماں غم کی ماری بولی لاشہ سے جو کر کے زاری
تیری صورت پہ جاؤں میں واری تیری غربت پہ قربان ہے ہے
قبلہ رو لاش تیری پڑی ہے تیغ سجدے میں تجھ پر پڑی ہے
کیسی جنبوں نے تجھ سے بدی ہے ہیں وہ کیسے مسلمان ہے ہے
تجھکو کر کے دغا سے بلایا حلق پر تیرے خنجر چلایا
مرتے دم تک نہ پانی پلایا دشتِ غربت کے مہمان ہے ہے

نہ تیری قدر کچھ جانی تجھے مارا ہے بن پانی
مرے جانی مرے جانی حسین من حسین من
اس امت نے ذرا واری نہ کی تجھ سے وفاداری
پھرے سب تجھ سے بچاری حسین من حسین من
ترے اس حلق نازک پر چلایا شمر نے خنجر
ہوئی ہیں بیکس و مضطر حسین من حسین من

کہا ہے آکے دلگیر مضطر دیکھ کر نعش بیٹے کی بے سر
فاطمہ رن میں لاش پسر پر رو رو کہتی تھی ہر آن یہ ہی

نوحہ دیگر

کہا زہرا نے با افغاں حسین من حسین من
کیا کس نے تجھے بیجاں حسین من حسین من

ہائے تھی تیری قسمت بھلی ہے میری اولا پھلی پھلی ہے
کس کی یہ ہے نظر لگ گئی ہے ہو گیا یہ سامان ہے ہے
تیرا بابا علی شاہ مرداں تیرے غم میں ہے با آہ و افغاں
تیرے نانا نبی کا گریباں چاک ہے تا بداماں ہے ہے
تیرے نانو کی پالی سکینہ اسکو مشکل ہوا اب ہے جینا
اسکا پر غم ہے تنہا سا سینہ غمزدہ ہے وہ نادان ہے ہے

نوحہ

رن میں زینب یہ کہتی تھی وکر میرے بھائی مسافر کو مارا
لو خبر جلد نانا پیمبر میرے بھائی مسافر کو مارا

محنت جاں ہوں مرتا ہی تجکو گر گیا سامنے شاہ تشنہ
کچھ نواسے کی اگر خبر لو میرے بھائی مسافر کو مارا

ہائے کیں میرے گھر میں وہ گھس آئے اور خیمہ بیمار کے جلا
کون آکر مجھے اب بچائے میرے بھائی مسافر کو مارا

تجھے یہ دن دکھایا ہے تراخیمہ جلایا ہے
تجھے کیا کیا ستایا ہے حسین من حسین من

میں تیری دیکھ تنہائی لحد سے ہوں یہاں آئی
یہ صورت وی ہے دکھلائی حسین من حسین من

ترا دلگیر ہے عاشق تری بخشش کے ہے لائق
محبت میں ہے وہ صادق حسین من حسین من

جو تھا مشکل پیمبر کیا اس کو خوں میں تر
لگایا نیزہ چھاتی پر حسین من حسین من

پسر تیرا جو تھا اصغر لگا تیر ستم اس پر
مرے دلبر مرے دلبر حسین من حسین من

جو تیرے سجاد آزاری پہنایا طوق اسے بھاری
شہ کی بیکس کی غمخواری حسین من حسین من

آکے بی بی کا کچھ حال دیکھو میرے سر کے کھلے بال دیکھو
لٹ گئے کنبے کا احوال دیکھو میرے بھائی مسافر کو مارا
پھر نجف کی طرف کرکے منہ آہ یوں پکاری کہ زہرا کا جایا
لو خبر اے پدر میری للہ میرے بھائی مسافر کو مارا
ایسی تنگی میں ہیں آج بابا ہے نہ تخت نہ تاج بابا
اک ردا کو ہوں محتاج بابا میرے بھائی مسافر کو مارا

چھین لی ظالموں نے ہے چادر رو رہی ہوں میں بے پردہ سر
کوئی والی نہ وارث ہے سر پر میرے بھائی مسافر کو مارا
پھر یہ زہرا کو رو کر پکاری پیٹ کر اپنا سر غم کی ماری
اماں صاحب یہ بیٹی ہو واری میرے بھائی مسافر کو مارا
تمکو میری خبر بھی ہے اماں مجھکو در در جگہ بھی ہے اماں
کھل گیا میرا سر بھی ہے اماں میرے بھائی مسافر کو مارا

بیکسی کس سمت رانڈ جاؤں کہاں اب کہیں میں چھپاؤں
اب کمک کو میں کس کو بلاؤں میرے بھائی مسافر کو مارا
میرا دشمن ہوا ہے زمانہ اب کہیں جا نہیں ہے ٹھکانا
سر کھلے بیٹی ہوں میں نانا میرے بھائی مسافر کو مارا
پہلی آفت ہے یہ مجھ پہ ٹوٹی آپ کی قبر انور سے چھوٹی
آکے بن میں گئی ہائے لوٹی میرے بھائی مسافر کو مارا

سینہ پہ نیزہ کا کھا کے وہ کیونکر کہوں ہائے کہا
شادی تیرا لو را مجکو نہ برباد کر
راج دلارے مرے دل میں باقی ہے
چاؤ ترے بیاہ کا مجکو نہ برباد کر
سال ہے اٹھارواں اے مرے ابرو کماں
دیکھ لوں سہرا ترا مجکو نہ برباد کر

بانو نے رو کر کہا مجھ کو نہ برباد کر
پالنے والی فدا مجھ کو نہ برباد کر
وائی کی بن سے لحد اے مرے شمشاد قد
صبر ہے اتنا روا مجھ کو نہ برباد کر
پھٹتا ہے ماں کا جگر سوچ تو کچھ الحذر
اے میرے گلگوں قبا مجھ کو نہ برباد کر

نوحہ دیگر

نہ تو بھائی نہ مادر ہے سر پہ پدر ہے نہ کوئی یاور
ہائے اعدا نے بیکس سمجھ کر مرے بھائی مسافر کو مارا
مجھ میں بس ذوق طاقت نہیں ہے پیٹتی سر اٹھا کر
جب بیاں کرتی تھی رو کے زینب مرے بھائی مسافر کو مارا

گر نہ صدمہ آئے گی گھٹ کے نکل جائے گی
تن سے ابھی جان زار بولو کہاں آؤں میں
کھائے جگر پر سناں لے مرے شیر ژیاں
کونسا چھایا کچھار بولو کہاں آؤں میں
باپ کے نور نظر باندھنے زخم جگر
جلد پئے کردگار بولو کہاں آؤں میں

بولے بشر ذی وقار بولو کہاں آؤں
نوحہ سے بس
اکبر سینہ فگار بولو کہاں آؤں میں
بانو کے جانی مجھے احمد ثانی مجھے
یار دگر پھر پکار بولو کہاں آؤں میں
پیا اپتا کی صدا سن کے مرے مہ لقا
ہوگیا دل بیقرار بولو کہاں آؤں میں

ماں کے بڑھاپے کی آس کنبے کے پشتیباں
پیری کی شہ کے عصا مجھ کو نہ برباد کر
ہاں لے منت مری بہر خدا و نبی
اکبر یوسف لقا مجھ کو نہ برباد کر
ہوتا ہے شق اے رزیں سن کے دل بانو میں
یہ کہہ کے رو کا مجھ کو نہ برباد کر

نوحہ

کہتی تھی ماں دل فگار آ مرے ششماہہ آ
پالنے والی نثار آ مرے ششماہہ آ
رن کو سدھارے ہے تجھے دیر ہوئی لاڈلے
دل ہے مرا بیقرار آ مرے ششماہہ آ
بال جھنڈولے ترے گرد میں ہونگے بھرے
شانے سے دوں میں سنوار آ مرے ششماہہ آ

تیرہ بن تیر کیا مرے ماہ منیر
ہو گیا سینہ سے پار بولو کہاں آؤں میں
مجکو تمہارا نشاں لے مرے ابرو کماں
دیتے نہیں بد شعار بولو کہاں آؤں میں
صدمۂ غم سے حزیں غش ہوئے سلطان دیں
کہتے تھے یہ بار بار بولو کہاں آؤں میں

گود کے پالے مرے پشت کو پیاسے
سوئے یمین و یسار بولو کہاں آؤں میں
تیر برج شرف رن سے تجھے کس طرف
لے کے گیا راہوار بولو کہاں آؤں میں
تم تو چھٹے لالہ فام ہو گیا عالم تمام
باپ کی نظروں میں تار بولو کہاں آؤں میں

[illegible]

بھائی کے پہلو میں لیٹیں سو اب سو رہو
حافظ و ناصر خدا ہنسلیوں والے مرے
پاسکے نہ مادر کی بوڑھی ہونے اے اہر و
باپ بھی آیا ترا ہنسلیوں والے مرے
ویرس آئی سی ہی بخشش امت کاٹے
کروں ذرا مرحلہ ہنسلیوں والے مرے

اے مرے تشنہ دہن اے مرے غنچہ دہن
دودھ کو ترسا دیا ہنسلیوں والے مرے
باپ کے گھر سے چلے تین شب و روز کے
تشنہ لب اے مہ لقا ہنسلیوں والے مرے
باپ کی قسمت میں تھی آخری خدمت یہی
قبر میں رکھنا ترا ہنسلیوں والے مرے

تیر کی کھانے کو بھالیاں تجھے یوسف جمال
لائی تھی گھر سے قضا ہنسلیوں والے مرے
قبر میں بھی دیکھنا باپ کو تڑپائے گا
یہ ترا دم توڑنا ہنسلیوں والے مرے
باپ ہو تجھ پر فدا چھوٹے سے سن میں ہوا
فدیۂ راہ خدا ہنسلیوں والے مرے

دوست سفر کر گئے رہ گئے ہم چھوٹ کے
سب سے پس قافلہ ہیں رخصت کرو
صبح سے روتے ہوئے لاشوں پہ احباب کے
عصر کا وقت آ گیا اب ہمیں رخصت کرو
بھائی نے کی پشت خم اکبر و قاسم کا غم
تاب و تواں لے گیا اب ہمیں رخصت کرو

بیبیو جاتے ہیں ہم جانب ملک عدم
حافظ و ناصر خدا اب ہمیں رخصت کرو
زینب و کلثوم آؤ آکے ہمیں دیکھ جاؤ
جاکے نہیں آؤں گا اب ہمیں رخصت کرو
گرسنہ و تشنہ کام آئیں گے امت کے کام
رن میں کٹا کر گلا اب ہمیں رخصت کرو

ختم قلم بس رزیں ہاتھ ہیں پیچ ذریں
سن کے یہ نوحہ ترا اہلیوں والے مرے

نوحہ دیگر

پورے سفر کربلا اب ہمیں رخصت کرو
اے حرم مصطفیٰ اب ہمیں رخصت کرو

شہ بانو ہوں وارثی مجھے چادر تو اُڑھا دو
سر ننگے ہے کھڑا ہے سر دربار حسینا
بالوں سے بھی منہ مجھ کو چھپانے نہیں دیتے
دیکھو ستم فرقۂ اشرار حسینا
کلثوم کنیزی میں طلب ہوتی ہے ہائے
اولادِ علی ہو گئی یوں خوار حسینا

وہ بھی ہو دن شاہ دیں سب کو یوں ہی
جاتے ہیں ہم کربلا اب ہمیں رخصت کرو

نوحۂ دیگر

اے تحفۂ دل حیدر کرار حسینا
سر آپ کا اور مجلس میخوار حسینا


اصغر بے شیر نے گودی میں دم توڑ کے
خلد کا رستہ لیا اب ہمیں رخصت کرو
روئے سخن تھا کبھی سوئے سکینہ کبھی
آؤ مری مہ لقا اب ہمیں رخصت کرو
ہے ابھی زندہ پدر روتی ہو کیوں اس قدر
پھٹتا ہے دل باپ کا اب ہمیں رخصت کرو

دن رات سکینہ پہ طمانچوں کی جفا ہے
سجاد ہے اور طوق گراں بار حسینا
بچوں کے گلے چھلے ہیں رگڑوں سے رسن کے
جھٹکے جو عدو دیتے ہیں ہر بار حسینا
مجبور ہوں حضرت کی وصیت سے وگرنہ
کر دیتی ابھی حشر نمودار حسینا

جو صدمہ تشنگی گریباں سے ہو پیدا
وہ حلق ہو اور خنجر خوں خوار حسینا
روضہ پہ بلا لیجئے کہ اب ہے یہ تمنا
کہلائے زیں آپ کا زوار حسینا

نوحہ دیگر

جو سے شہ نیک تو پھر مجھے آواز دے
اکبر تشنہ گلو پھر مجھے آواز دے
ثانی خیر البشر کھا کے سناں قلب پر
غش میں ہو کس سمت تو پھر مجھے آواز دے
یاں سے اٹھاؤں اگر ٹھوکریں کھاتا ہوا
پھرتا ہوں بن میں چا سو پھر مجھے آواز دے



یہ فلک سے آئی صدا الا قتل الحسین بکربلا
ہو نشان فاطمہ مٹ گیا قتل الحسین بکربلا
بجھی باد ظلم سے شمع دیں ہوئے بن امام کے مومنیں
ذبح الحسین بکربلا قتل الحسین بکربلا
جو گلوئے حسن پہ چھری چلی ہوا پاش پاش دل علی
لحد نبی کو ہے زلزلہ قتل الحسین بکربلا

نوحہ دیگر

گئی شہ سکینہ جگر کباب بہ گھر لیں گے گھر
چھنیں گے زینب کی ردا حلق شہ دیں کٹ گیا
حیرت ہے مجھ کو اے زمیں الٹی کیوں ہے نہیں
محشر نہ کیوں بپا ہوا حلق شہ دیں کٹ گیا

تھرائی ہے قبر نبی صغرا ہوئی بن باپ کی
ویراں مدینہ ہو گیا حلق شہ دیں کٹ گیا
اندھیر عالم ہو گیا قوم شقی نے وہ بجھا
شمع مزار مصطفیٰ حلق شہ دیں کٹ گیا
اٹھتے ہیں یہ ارض و سما سکتے یہ ہو وے فغاں
کہتے ہیں حبیب و احسرتا حلق شہ دیں کٹ گیا


[illegible]

ہونٹوں پہ نکلی زباں پیاس کی ہے الاماں
خوف خدا کی ہے جا ذبح نہ کر بھائی کو
ہلتا تھا مقتل زینب بنت علی کہتی تھیں
جب یہ سخن یاس کا ذبح نہ کر بھائی کو

نوحہ دیگر

فاطمہ کا لاڈلا کرتا ہے یاد خدا
سجدے میں او بے حیا ذبح نہ کر بھائی کو
ہے یہ وفور عطش پیاسا ہے بیمار ہے غش
تھوڑا سا پانی پلا ذبح نہ کر بھائی کو
یہ ترا جور و ستم شمر خدا کی قسم
رانڈوں کو رلوائیگا ذبح نہ کر بھائی کو

روک لے خنجر اسے حلق پہ فرزند کے
رکھے ہے زہرا گلا ذبح نہ کر بھائی کو
گر نہیں آیا جلال کھوئیگی وہ سر کے بال
ہووے گا محشر بپا ذبح نہ کر بھائی کو
یہ ترا مہمان ہے فاطمہ کی جان ہے
خوف خدا کر ذرا ذبح نہ کر بھائی کو



نوحہ

کہتے تھے یوں زین العبا آزاری ہوں طاقت نہیں
کیونکر چلوں میں ننگے پا آزاری ہوں طاقت نہیں

ہے طوق گردن میں گراں اور ہیں مری بیڑیاں
پوچھو کبھی تھا بھلا آزاری ہوں طاقت نہیں

اے شمر از بہر خدا کوڑا نہ تو ہر دم لگا
للہ میں مر جاؤں گا آزاری ہوں طاقت نہیں

اک ہم ہیں کہ اب اور بڑھا غم یہ تمہارا
رویا کریں گے ہم کو بھی دن رات سکینہ

سیلی کا نشاں کان چہرے خوں بھرا کرتا
ان صدموں کے قابل نہ تھی بیہات سکینہ

للہ دل عابد مضطر کی خبر لے
اے دختر حلال مہمات سکینہ

جس جا پہ لحد غسل کی ننھی سی کھدی ہے
یاں بیٹھی ہوئی روتی تھی ورثات سکینہ

سیلی کا الم عمو کا غم باپ کا ماتم
زنداں میں ہوئی تیری مدارات سکینہ


دن رات مری پیاری نے ایذائیں اٹھائیں
پر خوب بسر کر گئیں اوقات سکینہ

نوحہ

کہتے تھے عابد اے عمر سوجی ہیں میری پنڈلیاں
ظالم خدا کا خوف کر سوجی ہیں میری پنڈلیاں
تپ سے بدن ہے جل رہا اور سنا ہے دھوپ کا
لیتا نہیں دم درد سے سوجی ہیں میری پنڈلیاں
کھینچوں زمام اشتراں یا میں سنبھالوں بیڑیاں
چلنا ہے مشکل کام پھر سوجی ہیں میری پنڈلیاں

زخمی گلا سب کر دیا رسی کے جھٹکوں نے مرا
اسکو تو کھلوا دے ذرا آزاری ہوں طاقت نہیں
دے حکم اپنی فوج کو دم دے کے اس کو پچھلو
جلدی نہ تم ہانکی کرو آزاری ہوں طاقت نہیں
چبھتا تھا جب کانٹا تنیں اس وقت وہ ہوکر حزیں
رو کر یہی فرماتا تھا آزاری ہوں طاقت نہیں

اس دھوپ میں بیحد غش ہے مجھ پہ چلنے کا
اٹھے قدم کیونکر بھلا آزاری ہوں طاقت نہیں
پانو پہ میرے ہے ورم چڑھتا ہے دم ہر ہر قدم
آنکھوں سے تو دیکھتا آزاری ہوں طاقت نہیں
پانی نہیں مطلق غذا صدمہ ہے دل پر پیاس کا
للہ مجھ پر رحم کھا آزاری ہوں طاقت نہیں



[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

نوحہ

بانو نے کہا اصغر آ دودھ پلاؤں میں
ماں صدقے گئی تجھ پر آ دودھ پلاؤں میں
سو رات پہر باقی تجھکو نہیں نیند آتی
روتے ہی کٹی شب بھر آ دودھ پلاؤں میں
میں جھولا جھلاؤنگی پوشاک پنھاؤنگی
غصہ نہ کرو مجھ پر آ دودھ پلاؤں میں

والی کے سر پر مرے کردیا خنجر رواں
نیزے پہ سر ہی چڑھا ہائے رے میں لٹ گئی
بلوے میں سر ہی کھلا فاطمہ کی جائی کا
خواہر شہ بے ردا ہائے رے میں لٹ گئی
روز قیامت ستیں دیکھے ہوتا ہے کیا
دے گی جو زہرا صدا ہائے رے میں لٹ گئی

چادر خیر النسا ظالموں نے چھین لی
اور وہی مسند جلا ہائے رے میں لٹ گئی
فاطمہ در پر کھڑی روتی ہے اک سمت کو
بن گئی مجھ پر یہ کیا ہائے رے میں لٹ گئی
غش ہے سکینہ پڑی خون میں کرتا بھرا
موتی کوئی لے گیا ہائے رے میں لٹ گئی

کہتا کہ او بے حیا بانی جور و جفا
یہ تو ستمگر بتا ہم بھی چھٹیں گے کبھی
باپ کا چالیسواں کرتے ہیں پیر و جواں
ہم بھی کہو بھائی جاں ہم بھی چھٹیں گے کبھی
ہائے یہ گھر کی دعا ہم سے ستم لائے قضا
دین سے اپنے خدا ہم بھی چھٹیں گے کبھی

جب سے کہ بابا موا کوئی نہیں پوچھتا
روز نئی ہے جفا ہم بھی چھٹیں گے کبھی
ہاتھ رسن سے بندھے منہ پہ طمانچے لگے
طوق گلے میں پڑے ہم بھی چھٹیں گے کبھی
پھر کبھی عابد سے جا کہتی تھی آنسو بہا
پوچھو تو حاکم سے جا ہم بھی چھٹیں گے کبھی

اے شہ عقدہ کشا آپ سے ہے التجا
نانا تیرا اور ابا ہم بھی چھٹیں گے کبھی
کہتے یہ سکینہ کے بین سر کو کھٹری با شور و شین
کیوں شہ بدر و حنین ہم بھی چھٹیں گے کبھی
آگ سے خیمہ جلے وارث و والی موئے
قید میں در در پھرے ہم بھی چھٹیں گے کبھی

کھائے جو تھے تن پہ گھاؤ کیسے ہیں یہ بتاؤ
دیکھو تو نا بجائے آؤ صدقے تری گور کے
پھرنے لگی جب چھری کٹتے ہو کیا گذری تھی
میں بھی سنوں یا اخی صدقہ تری گور کے
روضۂ سلطان دیں دیکھوں تو ہو کر حزیں
پیٹوں یہ کہکر ہمیں صدقے تری گور کے

دیکھو تو بھائی اٹھو لاڈلے بھائی اٹھو
ماں کی کمائی اٹھو صدقے تری گور کے
چادر زہرا اڑھاؤ پردے میں مجکو بٹھاؤ
وارثی کرنے کو آؤ صدقے تری گور کے
ہائے بی بی کربلا اور مدینہ لٹا
ہائے یہ کیا ہو گیا صدقہ تری گور کے

نوحہ

کہتی تھی شہ کی بہن صدقے تری گور کے
بھائی غریب الوطن صدقے تری گور کے
مجکو ترستے ہوئے بھائی یہ دن آ چکے
اب تو ٹھکانے لگے صدقے تری گور کے
اے دل و جان بتول آئی ہے زینب ملول
جرم مرا ہو قبول صدقے تری گور کے

نوحہ

ہیہات ہے زینب ہے ہیہات ہے زینب
اب آخری اپنی یہ ملاقات ہے زینب
اب بالی سکینہ تری کھائے گی طمانچے
اب قیدی ہے اور عابدِ خوش ذات ہے زینب
امت میں بڑی دھوم سے دریا کے کنارے
احمد کے نواسہ کی مدارات ہے زینب

بس سوکھا گلا میرا ہے اور خنجر ہے
اب ذات تری موردِ آفات ہے زینب
زینب مگر اس سر کے کٹانے پہ ہے ہائے
قربان اسی شرم ترے ہاتھ ہے زینب
اب رسی ہے ماں جائی مری اور مری زینب
اور وادی کی ایذا تجھے دن رات ہے زینب

ہے حسرت کہ قیدی پہ امت کی رہائی
کر صبر کہ یہ جائے مناجات ہے زینب
محروم نہ رہ جائے کوئی فیض سے اپنے
مشہور یہ گھر خانۂ سادات ہے زینب
منظور ہے عاصیوں کی عقدہ کشائی
کنبہ ترا اصلاں مہمات ہے زینب

مجرم ہوں مجھے مارتا ہے شمر طمانچے میں روتی ہوں بیمار
اگر مجھ کو ظالم کے طمانچوں سے بچا لو بھیا علی اصغر
یاد آتے ہیں جب بابا گیسو تمہارے غم ہوتا ہے سوا بھیا علی اصغر
رہ جاتی ہوں میں کہا کے ہاتھوں تو جگر کو تھامتا بھیا علی
سمجھاتے نہیں پاتی ہیں کبھی سبطِ نبی کو روئے ہیں بابا ہم
کر جاتی ہیں جب سیر سرِ نیزہ کے چلے ہو بھیا علی اصغر

زنداں میں کہا آہ سکینہ نے کہاں ہو بھیا علی اصغر
اب خشک ہیں بال ہمکو دکھاتے نہیں رو رو بھیا علی اصغر
عرصہ سے تمہیں ڈھونڈ رہی ہیں ماں کی آنکھیں تم سوتے ہو کہاں
پھر چاند سی صورت مجھے اک بار دکھا دو بھیا علی اصغر
جنت میں ہو گا کوئی کھلونے والا ہمراہ تمہارے
اس خواہر ناشاد کو پاس اپنے بلا لو بھیا علی اصغر

یہ صبر ترا آج کا کل روز قیامت
امت کے گناہوں کی مکافات ہے زینب
رخصت ہوئے شہ پھر یہ میں کہہ کے بہن سے
لو ختم ہیں بس یہ حرف و حکایات ہے زینب

نوحہ دیگر

... کی پیار کا دیکھوں گلا کٹا ہوا کیا
اس واسطے با چشم تر میں منتظر تھا در سے
وہ دیکھتے ہیں سر برا خطی رکھوں آنکھوں پر
ٹھنڈے ہوں تا قلب جگر میں منتظر تھا در سے
آیا وہ قاتل بھریاں پاری سر و دوش پر
ہم سے لٹے ہیں سنگ گر میں منتظر تھا در سے

آیا وہ قمری اپنے تو ہے جانی مری
کے روز میں آیا ادھر میں منتظر تھا در سے
شاداں تو ہیں ال وطن قاصد برائے ذو المنن
ان سب کی سنے کو خبر میں منتظر تھا در سے
جس دن تو غربت سے چلا معلوم مجھ کو ہو گیا
آنکھیں لگی تھیں راہ پر میں منتظر تھا در سے

منہ تکتے تھے ہمشیر کا حسرت کی نظر کیا کہ کہا کر
جب تم چلے تھے سن تجھ تجھ تمہیں سے کہتا علی صغر

نوحہ دیگر

بولے امام بحر و بر میں منتظر تھا در سے
عرصہ ہوا کیوں نامہ بر میں منتظر تھا در سے

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ان سے صدا اشتر نے دی یا اوسے کہدو کوئی
بیری کمائی تھی یا اوسے کہدے کوئی
پھوٹی یہ تقدیر کی آہ کیا ہی تری
آج ٹھکانے لگی یا اوسے کہدے کوئی
مجھکو جو ہونے کی آرزو مدت سے تھی
دیکھو وہ پوری ہوئی یا اوسے کہدو کوئی

صغرا نے یہ لکھا تمکو بصد التجا
صدقے بھتیجی چچا اب تو خبر لو مری
بیکسے گھر کو تنہا قید الم سے رہا
صدمہ بہت ہو چکا اب تو خبر لو مری

نوحہ دیگر

مجھکو بس اب آپ سے زیادہ نہ رولایئے
کہتی ہوں کرکے بکا اب تو خبر لو مری
مجمع کفار میں ظلم کے دربار میں
جاتی ہوں بیکسے روا اب تو خبر لو مری
ایسی ہے مجکو عطش سے تپ ہیں بس غش پہ غش
قبر پہ آئے تو کیا اب تو خبر لو مری

نوحہ یہ زینب کا تھا میں نہ وطن جاؤنگی
سنتے ہو زین العبا میں نہ وطن جاؤنگی
لائی تھی جو گھر بھرا ماریہ میں سب لٹا
جائیگا پھر لطف کیا میں نہ وطن جاؤنگی
سوچو تو دل میں ذرا جائیگی کیا مرا
ہو کے اخی سے جدا میں نہ وطن جاؤنگی

نوحہ دیگر

پیاں کے دل خوش ہوا اب تو اٹھا یا مرا
آخرش ب یوں مٹی باتوں سے کہدے کوئی
کہتے ہوئے اے امتیں سختش ہوئے سلطان پیں
شکل بی مٹ گئی باتوں سے کہدے کوئی

پیتر سفر کر گیا کھا کے سناں مر گیا
دل پہ لگی ہے انی باتوں سے کہدے کوئی
گھوڑے سے ہو کر نڈھال اٹھا ہو گر کے لال
دم پہ بنا اسکے بنی باتوں سے کہدے کوئی
پتلیاں تک پھر چکیں ہے نفس واپسیں
کٹی ہاے کوئی گھڑی باتوں سے کہدے کوئی

فاطمہ صغرا مری حال پدر پوچھے گی
اس سے کہونگی میں کیا میں نہ وطن جاؤنگی
لائے اسے لے گھر عابد خستہ جگر
گو کہ بہت ہی کہا میں نہ وطن جاؤنگی

نوحہ دیگر

پھر جا کریں گے بشر ہی وہ لٹوا کے گھر
خاک میں سب کو ملا میں نہ وطن جاؤنگی
قبر پیمبر سے بھی ہوگی صدا ایسی ہی
ہائے نواسہ مرا میں نہ وطن جاؤنگی
پوچھیں گی خیر النسا لال مرا کیا ہوا
دونگی جواب ان کو کیا میں نہ وطن جاؤنگی

لی تھی کس شان وہی سامان سے
اب ہو گریباں پھٹا میں نہ وطن جاؤنگی
پردے کا اسباب سب لٹ چکی میں ہے غضب
اوڑھ کے کالی ردا میں نہ وطن جاؤنگی
لوگ وطن کے تمام پوچھیں گے حال امام
انسے کہونگی میں کیا میں نہ وطن جاؤنگی

بیڑی تو عوض ان کی ہی پانو لگا بیٹھے گی
چھاتی سے صبح و مسا ہنسلیاں بڑھواتے جاؤ

ہمکو تو رو بیٹھے ہم ہاتھوں کو دھو بیٹھے ہم
ٹوٹ چکا آسرا ہنسلیاں بڑھواتے جاؤ

صدمۂ غم کس قدر ہوگا تمہیں بانو پر
جب یہ کہا ہوئے گا ہنسلیاں بڑھواتے جاؤ

اور گھڑی دو گھڑی زندگی ہے آپ کی
فائدہ پھر کیا بھلا ہنسلیاں بڑھواتے جاؤ

صدقے ہو ماں جلد جاؤ دن سے زیادہ چڑھا
دور گیا قافلہ ہنسلیاں بڑھواتے جاؤ

کر چکی ماں تجھ کو پیار ننھے مسافر سدھار
ہو چکا ہونا جو تھا ہنسلیاں بڑھواتے جاؤ

کہتی تھی بانو ذرا ہنسلیاں بڑھواتے جاؤ
پالنے والی فدا ہنسلیاں بڑھواتے جاؤ

تیر ستم کھاؤ کھاؤ باپ کا پہلو بساؤ
جاؤ مرے دلربا ہنسلیاں بڑھواتے جاؤ


دے چکے بس تیر آپ کی نور نظر
پھر سکے منہ پہ قضا ہنسلیاں بڑھواتے جاؤ

نوحہ

کہتے تھے شاہ لاشہ پہ رو کر جواب دو
بھائی حسین آیا ہے مضطر جواب دو
بھائی سی تم پھر بھی کہیں ہاتھ آتی ہے
روئے نہ کیوں حسین برادر جواب دو
جاتے ہو تم جو خلد کو یہ تو کہو کہ کون
لاشہ مرا اٹھائے گا اٹھ کر جواب دو

ایسا ہی ضعف کا ہے نہیں دست و پا میں سکت
لاشہ تمہارا اٹھ سکے کیونکر جواب دو
مر جائے تم سا قوت بازو جو میرا ہائے
پھر کیوں نہ غم کرو برادر جواب دو
حسرت رہی یہ مجھکو نہ بھائی کبھی کہا
لو اب تو مجھ سے کہدو برادر جواب دو

آئی صدا یہ لاشہ سے آقا غلام کا
رتبہ کہیں ہوا ہے برابر جواب دو
ہے آرزو کہ اور بھی بھائی حسین کی
چھاتی لگا کے مجھکو دلاور جواب دو
کانی نہیں ہے تاب رقیہ کے بین کی
ہر دم یہی صدا تھی برادر جواب دو



حال دیکھے حالت مری تو ہو ایوب تنگ
پہنچا ہوں مرنے کے قریب بیمار ہوں طاقت نہیں

کیونکر مہار اشتراں کھینچوں بتا او بدگماں
ہیں غش و دل ناتواں بیمار ہوں طاقت نہیں

کس جرم پر کیا جان کے قیدی بنایا مجھے
ہوں اسیر دین میں بیمار ہوں طاقت نہیں

کہتے تھے زین العابدین بیمار ہوں طاقت نہیں
پیچھی نہ سیداں او لعیں بیمار ہوں طاقت نہیں

جلدی چلوں کیونکر بتا اے شمر تو ہو بڑا
کیا سوجھتا تجھکو نہیں بیمار ہوں طاقت نہیں

ورد آنہ ذرا نہ اٹھا ہیں ہوں عزیز مصطفےٰ
اور ماسوا اے آل و اتن بیمار ہوں طاقت نہیں

آل جفا نے کرکے دغا کنبہ کا کنبہ قتل کیا
ہائے غضب کس بیکسی سے اصغر کی پیٹ پہ تیغ ستم

سنکر احسن ہو تو زباں دل میں گھٹا ہے غم کا دھواں
سنکے یہ درد انگیز صدا اصغر کی پیٹ پہ تیغ ستم

نوحہ دیگر

حسن پہ ہے سیر نحیف ہوں پُر حسرت کا ہدف
مشتاق ہوں قدرت نہیں بیمار ہوں طاقت نہیں

نوحہ دیگر

کرتی تھی زینب بیاں رو گئی رونے کو ہیں
تیری کمائی کو ماں رو گئی رونے کو ہیں

عابد کہیں آفت کہی لیکن مقدر کا لکھا
اب تو اسیر اندوہ گیں بیمار ہوں طاقت نہیں

اے بانیان ظلم و شر مرضی تمہاری ہو اگر
دم بھر کو دم لیلوں کہیں بیمار ہوں طاقت نہیں

شامی کوئی سنتا نہیں زندان شام آجا کہیں
یا تو سمٹ جائے زمیں بیمار ہوں طاقت نہیں

بس بس نہ اب مجھ کو ستا گذری جفا حد سے سوا
رہ جاؤں گا گر کر یہیں بیمار ہوں طاقت نہیں

تپ چڑھ رہی ہے زور کی چھوٹی ہوئی ہے تھرتھری
پھر بھی نہیں آتا یقیں بیمار ہوں طاقت نہیں

زخمی ہیں تلوے ایڑیاں سوجی ہوئی ہیں پنڈلیاں
تپتی ہے شدت سے زمیں بیمار ہوں طاقت نہیں

کاش نہ اُس دن رہوں آہ وطن میں کہیں
کیونکہ ہوا رائیگاں رہ گئی رونے کو میں
دل پہ مصیبت ہوا الم اب تو خدا کی قسم
سخت یہ کلمہ ہے ہاں رہ گئی رونے کو میں

نوحہ دیگر

قاسم و عبد اللہ آہ دونوں مجھے منہ دکھاؤ
کر گئے گھر کو سُونا جہاں رہ گئی رونے کو میں
باپ چچا بھائی گئے رو رہی اک دل جلی
ڈھانپ کے منہ الاماں رہ گئی رونے کو میں
پھول کے پھلواری سب میکے کی ہے غضب
اُجڑی دل ناتواں رہ گئی رونے کو میں

بھائی حسین و حسن دونوں کے واری بہن
تم نے بسایا جناں رہ گئی رونے کو میں
صورت خیر البشر واری بہن اس ڈھیر پر
پال سکے کیوں نوجواں رہ گئی رونے کو میں
نہر پہ عباس ہائے جان جواں تیری جائے
باپ کے نام و نشاں رہ گئی رونے کو میں

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

دودھ کی پائی نہ دھار روکے چلا شاہ
ننھے مرے مہماں تم بھی سفر کر چلے
مجھ کو بتا کیا کروں کس کے سہارے جیوں
کون ہے میرا یہاں تم بھی سفر کر چلے
بانوئے حق کا نباہ خوب کیا واہ واہ
ایسے ہوئے مہرباں تم بھی سفر کر چلے

کیا حال ہوگا جبکہ شاہ احسن یہ کہتے ہونگے آہ
تشنہ وہاں خستہ جگر دلبر مرے اکبر ۱۲ اٹھو

نوحہ دیگر

کرتی تھی بانو بیاں تم بھی سفر کر چلے
صدقے ہوا اصغر یہاں تم بھی سفر کر چلے

طاقت نہیں باقی رہی طاری ہوئی مجھ پر غشی
ہے حال ابتر سر بسر دلبر مرے اکبر ۱۲ اٹھو
ساتھی نہیں کوئی رہا جو اٹھ کے لے مجھ کو بچا
نرغہ میں ہوں میں نوحہ گر دلبر مرے اکبر ۱۲ اٹھو
اٹھو چلو ہمراہ اب ہو جائیں گے تر خشک لب
کوثر کا ہے عزم سفر دلبر مرے اکبر ۱۲ اٹھو

پہلے ہی تھا داغ غم داغ سینہ زخم جگر کا
ایسا ہرا بھرا کھلا وہ کٹتا ہے سینہ مرا
ناوک سا نشانہ زخموں سے گو ہوں فگار
سب لگے گر اب سوا وہ کٹتا ہے سینہ مرا
پیڑوں کے پھل لوٹ کر رہ گئے ہیں سر بسر
چھٹے ہیں وہ جا بجا وہ کٹتا ہے سینہ مرا

پیٹ کے سر وہ حزیں کہنے لگی بین
میرے گل بوستاں تم بھی سفر کر چلے

نوحۂ دیگر

شہ نے تڑپ کر کہا وہ کٹتا ہے سینہ مرا
خوف خدا کی ہے جا وہ کٹتا ہے سینہ مرا

ایک ہی کو روتی تھی اور یہ آفت بنی
بانو کے آرام جاں تم بھی سفر کر چلے
ایسے برے وقت میں ماں کو جو چھوڑ دیں
رسم نہیں میری جاں تم بھی سفر کر چلے
دیکھے جو ہیں دن کڑے آنکھیں بدل کے چلے
کاہے کو یہ تھا گماں تم بھی سفر کر چلے

سبطِ رسولؐ بعد تو بیکس سا وطن بسا
گذرا ہی وا رے سال پھر صغرا مدینہ لٹ گیا
سر ننگے بے آب و غذا پھرتی رہی آفت زدہ
بے وارثی میں دربدر صغرا مدینہ لٹ گیا
ہی ایک صحرا نینوا اوں جب گیا سب قافلہ
عاشور کے دن نہر پر صغرا مدینہ لٹ گیا

صدمے تیس ہوتی ہا ہے یہ قول آپکا
مانے نہ وہ بیچا دکھتا ہی سینہ مرا

نوحہ دیگر

چلا لی زینب پیٹ کر صغرا مدینہ لٹ گیا
مشتاق دیدار پدر صغرا مدینہ لٹ گیا

موزہ پہنکر جلا پاوں جو تونے وصرا
سوچ لو کیا موقع تھا دکھتا ہی سینہ مرا
شمر سے کر دگار مجھکو نہ اس دکھ سے مار
رحم کی ظالم ہی جا دکھتا ہی سینہ مرا
کاٹتا ہی سر اگر پاؤں نرکھ سینہ پر
یاں ترا مطلب ہی کیا دکھتا ہی سینہ مرا

لوٹے اسیر کربلا یا رب تری فریاد ہے
باغ محمدؐ کٹ گیا یا رب تری فریاد ہے
عباسؑ بازوئے پدر شانے کٹائے خاک پر
ہے جو نہیں لشکر پڑا یا رب تری فریاد ہے
ہیہات اکبر سا جواں بیجان ہوا کیا کر ستاں
اور حلق اصغر چھد گیا یا رب تری فریاد ہے

الغرض جب کام آچکے پیارے اکیلا شہ رہے
کاٹا سر بابا کا سر صغرا مدینہ لٹ گیا
بیمار باجان حزیں غش ہو گئی سنکر متیں
زینب کے منہ سے یہ خبر صغرا مدینہ لٹ گیا

نوحہ دیگر

اک بوند پانی کے لئے غازی ترستے رہ گئے
تا سو رہے غم سے جگر صغرا مدینہ لٹ گیا
اس روز آگے آنکھوں کے کیا خاک و خوں میں بسے
زہرا کے سب لال و گھر صغرا مدینہ لٹ گیا
دن نکلے سب ان پر چڑھے میں کیا کہوں کیسا اثر
القصہ بعد از دوپہر صغرا مدینہ لٹ گیا

احسن کی یہ حسرت ہے کہ آنکھوں کی دن
وہ باپ کی تربت کی لے خاک سکینہ ۲

نوحہ دیگر

دیہان یہ مسلم کا تھا بھائی نہ آئے مرا
کوفہ میں رہا بھائی نہ آئے مرا

مارا ترے تھوکو لب نہر پہ پیاسا
بے دینوں کی یہ تو نہ تھی الاک سکینہ ۲
کرتا یہ پھٹا خاک میں آلودہ سراپا
یہ پھول سا تن اور یہ پوشاک سکینہ ۲
تھا چاند بھی جس رخ پہ فدا ایک کی صورت
اس رخ پہ ملی کی بھی خاک سکینہ ۳

لٹکا یا سر نیزہ پہ سر باپ کا ترے
ہمراہ رضا خولی سفاک سکینہ ۲
اس ننھے سے دل پر ترے کیا ہوگی گذری
سوچا نہ ذرا ظالم بیباک سکینہ ۲
کیا کیا نہ اذیت تجھے ان ظالموں نے دی
اے دختر سبط شہ لولاک سکینہ ۳

مجھ سے برادر ہزار نور خدا پر نثار
خالی کریں حق تو کیا بھائی نہ آئے مرا
ایسے برادر بجا جس کو غم اپنا نہ تھا
ہاں یہ مشیت ہے غم رہا بھائی نہ آئے مرا

نوحہ دیگر

کر کے مجھے زیر تیغ اس سے بھی سب بے دریغ
کوئی کریں گے وغا بھائی نہ آئے مرا
چھوٹے کی نیزے کی گو ہوئیگا عالم میں شور
ان کا اگر سر کٹا بھائی نہ آئے مرا
ساتھ میں سارے حرم بچوں کی ہے عمر کم
ہوتا ہے کیا کربلا بھائی نہ آئے مرا


ہائے پہنچا مضمون غلط کم ہوا الٰہی وہ خط
پھر طلب جو کیا بھائی نہ آئے مرا
مجھ سے کہیں گے چچا تو نے لکھا خط کیوں لکھا
اس سے الٰہی بچا بھائی نہ آئے مرا
خلق میں بعد از حسن دین رسول زمن
جاری ہے اس سے خدا بھائی نہ آئے مرا


نوحہ


ہئی تھی یا تو حیف ہے سہرا بندھا تابوت پر
جب بیاہ کے قابل ہوئے سہرا بندھا تابوت پر
اکبر ہمیں تو چاؤ تھا مدت سے تیرے بیاہ کے
قسمت نے دکھلایا وے سہرا بندھا تابوت پر
اب تک سلف سے ولربا مجھ دل جلی کے واسطے
کس ماں نے دیکھا ہے کہ سہرا بندھا تابوت پر

یہی بلائیں دور کر اکبر ترے مکھڑے کی پر
اب ماں بلائیں کس کی لے سہرا بندھا تابوت پر
مہندی پڑی ہے خون کی ہئے کے میرے ہاتھوں میں
ارمان یوں نکلے مرے سہرا بندھا تابوت پر
جائے وطن پہونچیں نہیں ہے مرگ میرے بے جمیں
چھٹی تو کھیلی تیغ سے سہرا بندھا تابوت پر

ماں واری ہم تو مر چلے جیتے بچے تو کیا بچے
کب بھولیگا اکبر مجھے سہرا بندھا تابوت پر
دل کی مرے دل میں رہی حسرت نہ نکلی ایک بھی
یوں ہو مرے ارماں بھرے سہرا بندھا تابوت پر
آل نبی نے ایسا ستم کچھ کیا ہوتا نہیں
قادر تھے اور دیکھا کیے سہرا بندھا تابوت پر







اب تو میں روتی نہیں آنکھیں بھی سینکیں کبھی
چھوٹی ادھر اور چھٹی شمر میں سو جاؤں گی
کھینچا کیوں سے چلا قیدیوں سو مت جھڑ
جھوٹ نہیں بولی شمر میں سو جاؤں گی
سونے کی عادت تھی سخت زمیں پر کبھی
ایسا ستمگر کبھی شمر میں سو جاؤں گی

بولی سکینہ ابھی شمر میں سو جاؤنگی
اب نہ کبھی روؤنگی شمر میں سو جاؤنگی
رحم کی جا ہے شقی بچی ہوں بن باپ کی
کیا ہوا گر روئی بھی شمر میں سو جاؤنگی
روئی اگر میں تو تھا تجھے کا مقتضا
کرتا ہے کیوں زیادتی شمر میں سو جاؤنگی

صحن میں گاڑو علم لاؤ کفن پہنیں ہم
چل کے بسا و جناں صبح شہادت ہوئی
رخصت کہیں بہن لو ملک عدم کو چلو
ترک کرو یہ جہاں صبح شہادت ہوئی

نوحہ دیگر

میری چادر چھنی لاشے پہ تم یہ کہاں جفا نے
چھوٹی بچی کی ہائے سنو تمہاری بیکس مقتول مظلوم بھائی
کیا ہوا ارشاد بچوں شہ کا بیکسی ہے سر کو پیٹیں
آ کے خیمہ میں بیٹھا ہماری بیکس مقتول مظلوم بھائی
ہم کس طرف جائیں کنبہ کو لیکر راہ مقصود معدوم
کوئی چارہ نہ کوئی سواری بیکس مقتول مظلوم بھائی

بنت زہرا یہ رو کر پکاری بیکس مقتول مظلوم بھائی
پھر کے آئی نہ تیری سواری بیکس مقتول مظلوم بھائی
گھس کے خیمہ میں شمر شقی نے چھوٹی پیاری سکینہ کی چھینی
سر سے زینب کے چادر اتاری بیکس مقتول مظلوم بھائی
روتی سکینہ کو آکر جہاں ہے وہ دیکھو اس کا
دونوں کانوں سے ہے خون جاری بیکس مقتول مظلوم بھائی

اب سے جب آئیگی شام ورد یہی ہوگا مدام
ماں پھپھی جاگو کوئی قبر میں سو جاؤنگی
آہ مینیں شمر نے زور سے مارا اسے
اگرچہ وہ کہتی رہی قبر میں سو جاؤں گی


نوحہ دیگر

حیف کیا کیا کے معصوم بچے گرے گھوڑوں سے پیاسے تڑپتے
یہ مصیبت پریشاں ہماری میرے مقتول مظلوم بھائی
پیٹھ پر ہیں جو ان دُرّوں کے گھونٹے کچھ کہیں گھوڑوں سے بیں کر کے روتی
ابر غم ہے ہر اک پہ طاری میرے مقتول مظلوم بھائی
کوئی جنگل میں پھرتا ہے نالاں کچھ نہیں جستجو کوئی کرتی
اب کروں کیا میں آفت کی ماری میرے مقتول مظلوم بھائی

کس طرف جاؤں کس کو بلاؤں کس طرح سے بکی کو بچاؤں
ہوش دیتی نہیں بے قراری میرے مقتول مظلوم بھائی
کیا پڑے رن میں سوتے ہو آؤ ظلم اعدا سے ہو بچاؤ
حد سے گذری مصیبت ہماری میرے مقتول مظلوم بھائی
چھوڑ کے کاش بیٹھی یاں رات و نیم جاں لیٹ رہتی
کرتی تربت کی خدمت گذاری میرے مقتول مظلوم بھائی

جا کے ہوں شام میں قید ہو کر یاں گھر سے بے گھر ہو کے تم سے
ہم نہ مرتے نہ ہوتی یہ خواری میرے مقتول مظلوم بھائی
کیا پہنچی زمیں پر رو کے دشمن جب کہا بنت زہرا نے حسن
کہتی ہاں سے حالت ہماری میرے مقتول مظلوم بھائی

نوحہ دیگر



گر ہمکو واں دیگا یہاں ظالم ظلم بہا دیں ہم
تو تجھ کو واں دینگے وہاں شافع محشر کر رحم تو پیمبر
گر یہ نہیں منظور تو وقت کوئی دم ہے بچا پیاسا چلنے
ہم سجدہ خالق میں ہوں تو پھیرے خنجر کر رحم تو پیمبر
شمر نے جواب اسکا دیا تیغ جفا سے سر اٹھا لے
کہتے رہے سجّی یا حالت مضطر کر رحم تو پیمبر

واقف ہے تو ہم آل نبی کے ہیں جگر بند مسلم کو ہیں فرزند
پردیس میں بن باپ کے ہم ہو گئے ابتر کر رحم تو پیمبر
بیکس ہیں مسافر ہیں غریب الغربا ہیں پیاسے ہیں
تو رحم سے بازار میں ہم دونوں کو جا کر رحم تو پیمبر
ہاں بھائی عزیز و رفقا آج ہمیں بن باپ بھی ہیں ہیں
ہم دونوں پہ تیرے نہ یہ ظلم و ستم کر رحم تو پیمبر

مسلم کے پسر کہتے تھے حارث سے یہ رو کر نوحہ
یہاں ہیں ترے قتل نہ کر ہم پہ ستمگر کر رحم تو پیمبر
جاتی ہے کی سنائی یہ ہماری جو وطن میں اس سید محسن میں
کیا حال بنائیں گی وہاں مادر مضطر کر رحم تو پیمبر
کیا صاحب اولاد نہیں ہے تو [illegible] جو نفس ہماری
کھینچے لیے جاؤ خدا سے تو ذرا ڈر کر رحم تو پیمبر

فہرست بیاض نوحہ جات ہشتم

مختصر فہرست کتب مطبوعہ مطبع اثنا عشری دہلی

عمدۃ الانتصار	۷ر
بشارت احمدی	۸ر
فیض عام حسنیہ	۸ر
توحید الائمہ	عہ ۴ر
تضمین ہفت بند کاشی	۲ر
تذکرۃ المعصومین	عہ ۴ر
تنبیہ المنکرین	۵ر
احکام النسا	۴ر
دانش نامہ جہاں	عہ
شمس الضحیٰ	عہ ۹ر
تجہیز الموتی	۳ر
سیف حسینی	۷ر
شعلۂ طور	۲ر
خطبات منتخبہ	۵ر
اعجاز وصی	۲ر
تنبیہ الاطفال	۲ر
آیات جلی فی شان مولانا علی	۶ ۴ر

اعجاز داؤدی	عہ ۴ر
الایمان خمسہ مطہرہ	عہ ۴ر
جامع عباسی اردو (۲۰) بابی	۶ر
ثبوت شہادت	۵ر
تصویر کربلا	۱۰ر
افلاک غم	عہ
تذکرۃ الطاہرین	۶ ۴ر
ابواب المصائب	۱۰ر
بزم ماتم	۱۰ر
دُر المصائب	۶ر
ذوالفقار ماتم	۶ ۴ر
سراج غم ہر دو جلد	۶ ۴ر
مجموعۂ رباعیات	۸ر
مجموعہ مخمسات	۱۲ر
نجم الہدیٰ	عہ ۴ر
نور العینین	۲ر
مولود سرور کائنات ؐ	۴ر

معجزہ رد الشمس	۵ر	اتم الانوار فی جواب امہات الائمہ	۱۲ر
مناقب اہلبیت	۲ر	ماہ کامل	۸ر
مناقب مشکلکشا	۲ر	سوانحعمری حضرت مختار رح	عہ
مودۃ الاسلام	۸ر	ذخیرہ مناقب مع ہفت بند کاشی	۱۰ر
مجاہدہ عرب	۹ر	بے نقط مرثیہ	۴ر
گلدستہ محاورات	۲ہر	بزم نفیس	عہ
قصہ جمیلہ بنت عامر	۲ر	انتخاب المراثی	۸ر
قضایائے امیر المومنین	۶ر	ذالب کربلا	۱۰ر
فالنامہ خواجہ علی محمد	سہر	تقدیر وفا	۳ہر
الفسرق کامل	للعہ	حدیث کسا منظوم بطرز مرثیہ	۴ر
دربار حسین	۷ر	چہار بند کوثر شیرازی	۳ر
سیرۃ الفاطمہ	۳ہر	بنیاد اعتقاد	۳ر
شمس الظلام فی احوال صاحب العصر	عہ ۲ہر	صدیقۂ ماتم	۶ر
ترجمہ عقائد شیخ صدوق علیہ الرحمہ	ہر	احسن الدلائل	۷ر
اوراد القرآن	عہ	استخارہ سجادیہ	۵ر
علوم القرآن	۱۲ر	تحفۃ المومنین	۱۲ر
تحفہ فولادی	عہ	اوصاف الاشراف	۵ر
فضائل مرتضوی کلاں	۲ہر		
فضائل مرتضوی نظم و نثر	۱۰ر		

منیجر مطبع اثنا عشری دہلی